# مسلم

# کوئز

# کمپیٹیشن

MQC

+1000 سوالات اور ان کے جوابات

www.KitaboSunnat.com

از

فیصل اسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# ابتدائیہ

**السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ**

ہم اپنی زندگی کے دورانئے میں گاہے بگاہے مختلف معلومات حاصل کر کے اسے اپنے دماغ میں سٹور کرتے رہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ معلومات زندگی کے مختلف مواقع پر کام آنے والی ہوتی ہیں جب کہ دیگر معلومات ہمارے دل و دماغ کے لئے تسکین اور غذا کا درجہ رکھتی ہیں اور علم میں اضافے کا سبب بنتی ہیں۔

معلومات عامہ یا جنرل نالج سے مراد وہ تمام معلومات ہوتی ہیں جو انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کریں۔ یہ ہرگز ضروری نہیں کہ تمام معلومات تمام لوگوں کے لئے ہی اہمیت رکھتی ہوں بلکہ عام طور پر ہر شخص کو کسی خاص فیلڈ، ایریاز، کیٹاگریز کے حوالے سے بھی معلومات میں انٹرسٹ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک مذہبی شخصیت کو دین اسلام سے متعلق معلومات بھائیں گی۔ ایک کھلاڑی کو سپورٹس کی معلومات میں دلچسپی ہوگی۔ ایک طالب علم اپنی تعلیم کے لحاظ سے سائنس، آرٹس یا دیگر ٹاپکس پر معلومات پسند کرے گا۔ ایک ڈاکٹر انسانی جسم سے متعلق نت نئ معلومات حاصل کرنے کا شوق رکھے گا۔

آج کل کا دور بہت تیز ہے اور انسان ترقی کی منازل طے کرتا جا رہا ہے۔ ہر میدان میں نت نئی ایجادات اور دریافت سامنے آرہی ہے۔ ایسے میں اگر ہم ساتھ ساتھ اپنی نالج کو اپ ڈیٹ نہیں کریں گے تو وقت کے ساتھ لگی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ اگر ہماری معلومات کم، محدود یا آوٹ ڈیٹڈ ہوں گی تو ہم کسی محفل یا بحث ومباحثہ میں اپنا نقطہ نظر بھی پیش نہیں کرپائیں گے۔ اپنا نقطہ نظر پیش کرنا تو دور، بنیادی معلومات سے لاعلمی ہمیں دوسروں کی معلومات سمجھنے سے بھی محروم ہی رکھے گی۔ ہم کسی شخص کو کسی اچھی چیز کے اختیار کرنے اور کسی بری چیز سے بچنے کا مدلل اور تفصیلی مشورہ بھی نہیں دے پائیں گے۔ اس کے برعکس جس شخص کے ذہن میں معلومات کا خزانہ دفن ہو، وہ دوسرے لوگوں کو اپنی شخصیت سے بھی متاثر کرتا ہے اور ان کا دل جیت کر ان کے قریب ہونے کا موقع بھی حاصل کر لیتا ہے۔

اللہ پاک قرآن کریم میں بذات خود باعلم اور بے علم لوگوں کے موازنے میں باعلم لوگوں کی برتری کو ثابت کرتے ہیں۔

چنانچہ ارشاد ہے:۔

**قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لایعلمون**

(اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم!)، کہہ دیجئے کہ کیا باعلم اور بے علم برابر ہوسکتے ہیں؟۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جن لوگوں کے پاس معلومات کا خزانہ موجود ہو، وہ زندگی کے اکثر معاملات میں اپنی ذہانت اور سمجھ بوجھ کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف فیصلے کر سکتے ہیں۔ اس کے برعکس جن لوگوں کے پاس معلومات نہ ہونے کے برابر ہوں ان کے پاس لکیر کا فقیر بنے بغیر کوئی اور چارہ کار نہیں ہوتا۔ انہیں وہی کرنا پڑتا ہے، جو دوسرے انہیں بتائیں، سمجھائیں اور آگاہ کریں۔

معلومات عامہ کے حصول کا ایک اور اہم ترین فائدہ یہ بھی ہے کہ آپ معلومات کا وسیع ذخیرہ اپنے پاس رکھتے ہوئے زندگی میں کبھی بور نہیں ہو سکتے۔ آپ جس بھی جگہ، جس بھی صورت حال اور جس بھی شخصیت کے سامنے ہوں گے، آپ موقع کی مناسبت سے صورت حال کا اپنی سوچ سمجھ کے مطابق دلچسپ تجزیہ کر سکتے ہیں اور بامقصد انداز سے انہیں حل کر سکتے ہیں۔ یہ تمام خصوصیات جس کسی میں بھی موجود ہوں، ہر کوئی اس سے بات کرنا اور دوستی رکھنا پسند کرتا ہے۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ رات ورات اپنے علم میں اتنا اضافہ کر لینا کہ انسان ڈھیر سے شیر اور زیرو سے ہیرو بن جائے، قطعاً ممکن نہیں۔ معلومات کے حصول اور اس میں اضافے کا پروسیس بہت لمبا ہوتا ہے۔ انسان کو پرانی معلومات حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ جدید معلومات میں بھی ساتھ ساتھ ہی اپ ڈیٹ رہنا پڑتا ہے۔ لیکن اصل معاملہ اپنی عادت بنا لینے کا ہے۔ جب انسان ایک مرتبہ اپنی عادت بنا لے کہ وہ دن میں کم سے کم ایک دو نئی معلومات ضرور حاصل کرے گا، تو عادت پکی ہونے کے بعد اس کا علم بھی وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جاتا ہے۔

دنیا معلومات کا سمندر ہے۔ یہاں ہر سیکنڈ میں بہت کچھ نیا اور حیرت انگیز واقعہ سامنے آتا ہے۔ یہ کوئی نئی دریافت بھی ہو سکتی ہے۔ کوئی خوفناک واقعہ بھی ہو سکتا ہے۔ کوئی سیاسی معاہدہ بھی ہو سکتا ہے۔ اہم ترین بات یہ ہے کہ یہ واقعے کسی نہ کسی انداز سے ہماری زندگی پر ضرور اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان تمام واقعات سے باخبر رہنا نہ صرف ہماری معلومات میں اضافہ کرتا ہے بلکہ مستقبل میں اس طرح کے پیش آنے والے دیگر واقعات سے خود کو بچانے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔

جنرل نالج میں اضافہ انسان کو حاضر جواب بھی بنا دیتا ہے۔ کسی بات کا فوری طور پر جواب دینا ہو، کسی بات کو سمجھانے کے لئے فوری طور پر مثال دینی ہو۔ کسی علاقے یا شخصیت کو واضح کرنے کے لئے کوئی لطیفہ یا چٹکلہ پیش کرنا ہو، جنرل نالج میں اضافہ ان چیزوں کے لئے نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

زیر نظر کتاب **مسلم کوئز کمپیٹیشن** کو **فیصل اسلم بھائی** نے بہت محنت سے مرتب و مزین کیا ہے۔ مختلف جگہوں سے معلومات اکٹھی کر کے انہیں یکجا کیا ہے۔ یہ کتاب پاکستان اور دنیا بھر کی تازہ ترین معلومات کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک ایسا بیش بہا خزانہ ہے جس کا مطالعہ کر کے آپ حضرات ضرور پسند کریں گے۔ جنرل نالج کے حوالے سے مارکیٹ میں موجود دیگر کتب عموما مستند، مقابلہ جاتی امتحانات کا احاطہ نہیں کرتیں، جس کی بڑی وجہ تحقیق و تخلیق کا فقدان ہے۔ بلاشبہ فیصل اسلم بھائی خراج تحسین کے حقدار ہیں کہ جنہوں نے بے پناہ تحقیق اور تحقیقی صلاحیتوں سے اس کتاب کو تیار کیا۔ آپ اس کتاب میں موجود تمام معلومات کا ضرور بالضرور مطالعہ کریں۔ ان شاء اللہ آپ اسے مستفید پائیں گے۔ جیسے لذیذ کھانا کھانے کے بعد بعض اوقات انسان انگلیاں چاٹنے پر مجبور ہو جاتا ہے، اسی طرح کتاب ختم ہونے پر بھی یقینا آپ لوگ آخری صفحے کے بعد بھی کھرچ کھرچ کر چیک کریں گے کہ کہیں کوئی صفحہ باقی تو نہیں رہ گیا۔ اپنی دعاؤں میں ناچیز کو بھی ضرور یاد رکھیں۔

والسلام

حماد احمد

المعروف معصوم بچہ

MQC

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# تعارف

مسلم کوئز کمپٹیشن 2011 میں موبائل پہ شروع کیا گیا ایک کوئز پروگرام تھا جس میں کوئز کے ممبرز کو ان کے موبائل نمبرز پہ ایک سوال بھیجا جاتا تھا اور وہ اسکا جواب دیتے تھے پھر انہیں اسکا جواب بتایا جاتا تھا۔ ممبرز کی تعداد بڑھنے کے ساتھ ہی موبائل پہ میسج سینڈنگ ایشوز پیدا ہونے لگے۔ اس کے بعد اسے موبائل پہ بند کر دیا گیا۔ اس وقت تک ابھی اس میں 400 سے زیادہ سوالات پوچھے جا چکے تھے۔ بعد میں اسے فیس بک پیج پہ شروع کیا گیا اور آہستہ آہستہ ممبرز کی تعداد بڑھنے لگی۔ اب اس پیج پہ بھی 600 سوالات پوچھے جا چکے ہیں۔ یوں مجموعی طور پہ **مسلم کوئز کمپٹیشن** میں الحمدللہ 1000 سوالات پوچھے جا چکے ہیں۔ اور یہ سلسلہ اللہ کے فضل سے جاری ہے اور انشاء اللہ جب تک توفیق خدا رہی ضرور جاری رکھیں گے۔ آپ بھی اگر ہمارا کوئز پروگرام جوائن کرنا چاہیں تو فیس بک پہ اسے سرچ کر کے لائیک کر سکتے ہیں۔

اس کتاب میں موجود تمام سوالات وہی ہیں جو **مسلم کوئز کمپٹیشن** میں پوچھے جا چکے ہیں۔ اور یہ کتاب اس سلسلے کی چوتھی کتاب ہے ۔ اس سے پہلے **مسلم کوئز کمپٹیشن 200 سوالات**، **مسلم کوئز کمپٹیشن 300 سوالات اور مسلم کوئز کمپٹیشن 400 سوالات** والی کتابیں نیچے دی گئی ہماری ویب سائٹ پہ موجود ہیں۔ اُن تمام بکس کے سوالات بھی اِس کتاب میں شامل ہیں۔ یہ کتاب ڈاؤنلوڈ کرنے کے بعد آپکو اوپر والی ساری کتابیں ڈاؤنلوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اس کے علاوہ بھی کچھ کتابیں میں نے ترتیب دی ہیں اور آگے بھی کوشش کروں گا کہ درست اور صحیح فیکٹس آپ تک پہنچا سکوں میری تمام چھوٹی چھوٹی ای بکس میرے بلاگ سپاٹ پہ موجود ہیں۔ آپ وہاں سے ڈاؤنلوڈ کر سکتے ہیں۔

بحیثیت انسان اس کتاب میں مَیں نے کئی غلطیاں کی ہونگی لیکن ہمارا مقصد آپ تک حقیقی اور اصل معلومات پہنچانا ہے اس لیے اگر آپ کو اس کتاب میں کوئی کمی کوئی خامی یا کوئی غلطی نظر آئے تو ضرور نشاندہی فرمائیں تاکہ مزید اگلے ایڈیشنز میں اسے درست کیا جا سکے۔ مزید یہ بھی بتائیں کہ آپ کو ہماری یہ کاوش کیسی لگی۔ اور یہ بھی کہ مزید ایسی کتب ترتیب دی جائیں یا نہیں۔ آپکی رائے کا انتظار رہے گا۔

والسلام

فیصل اسلم

بی ایس آنرز بائیو کمیسٹری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# براہ رابطہ


فون نمبر 03367160399

ای میل / فیس بک fan336@gmail.com

فیس بک پیج https://facebook.com/Muslim.Quiz.Competition

ویب پیج www.gkdunya.blogspot.com



بک ایڈیشن جون 2016

جمع و تدوین، کمپوزنگ: فیصل اسلم

پروف ریڈنگ: عثمان طارق

خصوصی تعاون: وقار عظیم


MQC

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# عنوانات

ابتدائیہ .......... 2
تعارف .......... 5
اسلامی سوالات .......... 8
سائنس .......... 44
پاکستان اور تاریخ پاکستان .......... 71
ادب .......... 95
سپورٹس .......... 109
دنیائے عالم .......... 115
آئی کیو سوالات .......... 124
صفاتی نام ، القابات، مخففات .......... 150
سب سے پہلے، سب سے زیادہ، سب سے وغیرہ وغیرہ .......... 160
متفرق .......... 165

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## اسلامی سوالات

سوال 1: "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم "سب سے پہلے کس صحابی نے لکھی تھی؟

جواب۔سیدنا خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 2: قرآن کی آخری وحی کے کاتب کون تھے؟

جواب۔حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 3: پارسی مذہب کی مقدس کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب۔ژنداوستا

سوال 4: قرآن کی کس آیت میں سب سے زیادہ اسماء الحسنیٰ آئے ہیں؟

جواب۔سورہ حشر کی آیت نمبر 23

سوال 5: "حمد ہے اس رب کی جس نے میری امت میں تم جیسے آدمی کو پیدا کیا" نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے یہ الفاظ کن صحابی کے بارے میں ہیں؟

جواب۔حضرت سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں

سوال 6: خالی جگہ پر کریں :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نشہ والی چیز حرام ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا اس آدمی کے لئے وعدہ ہے کہ جو آدمی نشہ والی چیز پیئے گا اسے اللہ تعالیٰ طینۃ الخبال پلائیں گے صحابہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم طینۃ الخبال کیا چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ...................................... ہے۔

جواب۔ دوزخیوں کا پسینہ ہے۔ صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر 720 باب: پینے کی چیزوں کا بیان

سوال 7: حضرت ابراہیمؑ کی کنیت کیا تھی؟

جواب۔ابو الاضیاف (مہمانوں کا باپ)

سوال 8: دنیا کی سب سے پہلی طلاق کس نے کس کو دی؟

MQC

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت اسمٰعیلؑ نے اپنی بیوی عمارہ بنت سعید کو۔
(قصص الانبیاء از علامہ ابن کثیر)

سوال9: اہل جنت کی پہلی غذا کیا ہو گی؟
جواب۔ مچھلی کے جگر کے کباب
بحوالہ
1۔ صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر 1169
باب: انبیاء علیہم السلام کا بیان
2۔ صحیح مسلم: جلد اول: حدیث نمبر 716
باب: حیض کا بیان

سوال10: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خچر کا کیا نام تھا؟ اور یہ کس نے آپ کو تحفہ دیا تھا؟
جواب۔ "دُلدُل"۔ شاہ مصر مقوقس نے۔

سوال11: "شیخ الاسلام" کن کو کہا جاتا ہے؟
جواب۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اصل نام جندب بن جنادہ)

سوال12: سب سے پہلے بیت رضوان کرنے والے صحابی کا نام بتائیں؟
جواب۔ سنان ابن سنان الاسدی (طبقات ابن سعد جلد 1)

سوال13: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی حضرت مہدی علیہ رضوان کا ظہور بھی ہے۔ ان کا اصل نام ان کے والد کا نام اور یہ بھی بتائیں کہ کیا وہ نبی ہونگے؟
جواب۔ نام محمد والد کا نام عبد اللہ۔ اور وہ نبی نہیں ہونگے۔

سوال14: مدینہ ہجرت کرنے والے سب سے پہلے صحابی کا نام بتائیں؟
جواب۔ حضرت ابو مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال15: قرآن میں کتنی سبزیوں کا ذکر ہے؟ نام لکھیں۔
جواب۔ 4۔ ساگ، ککڑی، لہسن، پیاز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال16: حجاج کرام عید کی نماز کہاں ادا کرتے ہیں؟
جواب۔ حجاج عید کی نماز ادا نہیں کرتے۔

سوال17: حج کے دوران حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کنکریاں کون سے صحابی چن چن کے دیتے تھے؟
جواب۔ حضرت فضل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال18: قرآن حکیم کی تفسیر لکھنے کے لیے اٹھارہ علوم کا جاننا ضروری ہے۔ بتائیں تو ذرا کون کون سے؟
جواب۔ علم لغت، علم صرف، علم نحو، علم معانی، علم بیان، علم بدعی، علم قرآت و تجوید، عل فقہ، علم اصول فقہ، علم حدیث، علم اصول حدیث، علم کلام، علم ناسخ و منسوخ، علم اسباب النزول، علم قصص، علم تاریخ، علم مناظرہ، علم تصوف

سوال19: سیرت النبی پہ اردو میں لکھی گئی اس نادر کتاب کا نام بتائیں جس کے نام میں کوئی نقطہ نہیں۔ اس کے مصنف کے نام میں بھی کوئی نقطہ نہیں حتیٰ کہ اس پوری کتاب میں بھی کوئی نقطہ نہیں۔
جواب۔ کتاب کا نام "ہادی عالم" اور مصنف کا نام "ولی محمد" ہے۔

سوال20: دجال دنیا میں کتنے دن رہے گا اور ان دنوں کی کیا کیفیت ہو گی؟
جواب۔ 40 دن۔ پہلا دن ایک سال کے برابر، دوسرا دن ایک ماہ کے برابر، تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر، باقی دن عام دنوں کے برابر ہونگے۔

سوال21: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جو پہلی غیبی آواز سنائی دی وہ کیا تھی؟
جواب۔ "محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) اپنے ستر کو ڈھانپ"۔

سوال22: قرآن کے کس پارے میں سب سے زیادہ سورتیں ہیں؟ اور کتنی ہیں؟
جواب۔ پارہ نمبر تیس۔ سورتیں 37

سوال23: زبور اور انجیل کس زبان میں نازل ہوئیں تھیں؟
جواب۔ عبرانی زبان میں

سوال24: اسلامی سلطنت میں شامل ہونے والے پہلے جزیرے کا نام بتائیں۔
جواب۔ قبرص (سائپرس)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال25:"بیت العتیق"کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بیت اللہ شریف کو

سوال26:مدینہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے میزبان حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ابو ایوب انصاری) تھے۔ یہ بتائیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے میزبان کون تھے؟

جواب۔ حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال27:سیدنا آدمؑ نے دنیا میں سب سے پہلے کونسا پھل کھایا تھا؟

جواب۔ بیر کا

سوال28: آج جب میں عشاء کی نماز پڑھنے گیا تو امام صاحب نے دو رکعت پڑھ کا سلام پھیر دیا۔ جب کہ باقی نمازیوں نے اٹھ کر اپنی اپنی انفرادی نماز مکمل کی۔ ذرا بتایئے تو کیوں؟

جواب۔ امام صاحب مسافر تھے۔ اور باقی نمازی مقیم تھے۔

سوال29: شہداء احد میں کتنے لوگوں کی نماز جنازہ پڑھی گئی تھی؟

جواب۔ شہداء احد کی نماز جنازہ نہیں پڑھی گئی تھی۔

(بخاری، کتاب الجنائز، جلد2، حدیث 1343)

سوال30: قرآن کے کون سے دو جملے ہیں جن کو الٹا بھی پڑھا جائے تو اسی طرح پڑھے جاتے ہیں؟

جواب۔ 1 کل فی فلک (سورہ الانبیاء آیت 33) وربک فکبر (سورہ مدثر آیت 3)

سوال31: قرآن حکیم کے تیسویں پارے میں حروف مقطعات سے شروع ہونے والی سورتیں کتنی ہیں؟

جواب۔ ایک بھی نہیں

سوال32:"لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ"پورا کلمہ طیبہ قرآن میں کس جگہ آیا ہے؟

جواب۔ کہیں بھی نہیں۔

سوال33:وہ کونسے خوش قسمت صحابی ہیں جو سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے پیارے ہاتھوں سے سب سے پہلے جام کوثر نوش فرمائیں گے؟

جواب۔ حضرت سیدنا صہیب رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (کنز الاعمال جلد 11 صفحہ 756)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال34: قرآن کی کتنی اور کون کون سی سورتوں کا آغاز "الحمد" سے ہوتا ہے۔

جواب۔5۔فاتحہ،انعام،سبا،کہف،فاطر

سوال35: قرآن کی کس آیت میں اللہ رب العزت نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کی قسم کھائی ہے؟

جواب۔سورہ حجر آیت نمبر72

"تیری عمر کی قسم!وہ تو اپنی بدمستیوں میں سرگرداں تھے"

سوال36: سورہ صمد، سورہ نجات، سورہ اساس، سورہ معوذہ، سورہ تفرید، سورہ تجرید، سورہ جمال اور سورہ ایمان کس سورہ قرآنی کے نام ہیں؟

جواب۔سورہ اخلاص

سوال37: عشرہ مبشرہ صحابیوں میں سب سے آخر میں انتقال کرنے والے صحابی کا نام بتائیں۔

جواب۔حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 55 ہجری میں مدینہ میں انتقال کیا

سوال38: صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین میں ایک پختون بھی تھا۔اس پختون صحابی کا نام بتائیں۔

جواب۔قیس عبدالرشید رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔آپ کو امراؤالقیس بھی کہا جاتا ہے۔

سوال39: قرآن میں دو دریاؤں کا ذکر ہے جو ایک ساتھ ہونے کے باوجود ان کا پانی ایک دوسرے میں مکس نہیں ہوتا۔ان میں سے ایک کا ذائقہ کھارا اور دوسرے کا میٹھا ہے۔آپ بتائیں قرآن میں ان کا ذکر کس سورت میں ہے اور یہ بھی کہ یہ دریا دنیا کے کس ملک میں ہیں؟

جواب۔سورہ رحمٰن آیت 19 اور 20          کیپ ٹاؤن،ساؤتھ افریقہ

سوال40: حدیث پہ سب سے پہلی کتاب کونسی لکھی گئی؟

جواب۔صحیفہ صادقہ۔حضرت عبداللہ بن عمرو العاصؓ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوتے تو جو کچھ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے اسے لکھ لیتے اس طرح ایک مکمل کتاب تیار ہوگئی جسے صحیفہ صادقہ کہا جاتا ہے۔

سوال41: کونسی اعلیٰ مرتبت شخصیت ہیں جن کا نماز جنازہ ستر دفعہ پڑھا گیا؟

جواب۔حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔غزوہ احد میں ان کو ہر شہید کے ساتھ رکھا جاتا اور اس شہید کے ساتھ ان کا بھی جنازہ پڑھا جاتا اس طرح ستر دفعہ پڑھا گیا۔(طبقات ابن سعد،جلد2،صفحہ 169)

www.KitaboSunnat.com

لیکن بخاری کے مطابق شہداء احد کا جنازہ نہیں پڑھا گیا تھا۔ واللہ اعلم

(بخاری، کتاب الجنائز، جلد 2، حدیث 1343)

سوال 42: وہ کونسے 4 جاندار ہیں جو بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے؟

جواب۔

1۔ سیدنا آدم علیہ السلام

2۔ سیدہ اماں حوا علیہ السلام

3۔ سیدنا صالح علیہ السلام کی اونٹنی

4۔ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کا دنبہ

5۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا اژدہا

6۔ سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے لیے لایا جانے والا یا والی براق

7۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے جو چمگاڈر بنائی تھی۔

8۔ قابیل کی راہنمائی کرنے والا کوا

سوال 43: قرآن کی کس سورت کو قرأت واجبہ کہتے ہیں؟

جواب۔ سورہ فاتحہ۔ کیونکہ نماز میں اس کا پڑھنا واجب ہے۔

سوال 44: بلی اگر کسی برتن میں سے کوئی چیز کھالے یا پی لے تو کیا وہ چیز پاک ہی رہتی ہے یا ناپاک ہو جاتی ہے؟

جواب۔ پاک ہی رہتی ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے۔ یہ تو تمہارے درمیان گھومتی پھرتی ہے۔ (ترمذی جلد 1 صفحہ 94)

سوال 45: حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ کونسے صحابی نے دو ہجرتیں کیں؟ کسی ایک کا نام بتا دیں۔

جواب۔ سیدنا جعفر طیار، سیدنا زبیر بن العوام، سیدنا مصعب بن عمیر، سیدنا عبد اللہ ابن مسعود، سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف، سیدنا عمار ابن یاسر، سیدنا ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہما

سوال 46: قرآن الحکیم میں اللہ رب العزت نے اپنی کس صفت کا ذکر سب سے زیادہ مرتبہ فرمایا ہے؟

جواب۔ ربوبیت۔ اگرچہ اللہ رب العزت کی سب سے غالب صفت رحیمی ہے لیکن قرآن میں سب سے زیادہ تذکرہ ربوبیت کا ہے لفظ رب قرآن میں 1498 مرتبہ آیا ہے۔

سوال 47: معراج مصطفیٰ سے پہلے امت محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پہ کونسی نمازیں فرض تھیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ فجر اور عصر

(رحمت اللعالمین جلد 1 صفحہ 99)

(ضیاء النبی جلد 2)

(درالمختار جلد 1 صفحہ 58)

سوال 48: "قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ
ہم نے فرمادیا اے آگ! تو ٹھنڈی پڑ جا اور ابراہیم (علیہ السلام) کے لئے سلامتی (اور آرام کی چیز) بن جا۔
سورت کا نام بتادیں:

جواب۔ سورہ انبیا آیت 69 پارہ 17

سوال 49: عربی میں روزے کو صوم کہا جاتا ہے۔ صوم کا لفظی مطلب کیا ہے؟

جواب۔ روکنا یا رک جانا

سوال 50: سحری کھانا فرض ہے واجب ہے سنت ہے یا مستحب ہے؟

جواب۔ مستحب ہے (بخاری جلد 3 صفحہ 185 باب: سحری کھانا مستحب ہے)

سوال 51: کم از کم تین نبیوں کے نام بتائیں جن کے نام اللہ رب العزت نے ان کی پیدائش سے پہلے بتادیے تھے۔

جواب۔

1۔ سیدنا احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سورہ صف آیت 6

2۔ سیدنا یحیٰ علیہ السلام سورہ مریم آیت 7

3۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام سورہ آل عمران آیت 45

4۔ سیدنا اسحاق علیہ السلام اور

5۔ سیدنا یعقوب علیہ السلام سورہ ہود آیت 71

سوال 52: سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو کتنے معجزات عطا کیے گئے تھے؟

جواب۔ 9

(بنی اسرائیل آیت 101)

(سورہ نمل آیت 12)

سوال 53: قرآن میں کتنی مساجد کا نام کے ساتھ ذکر ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ صرف تین مساجد کا۔ 1۔ مسجد حرام 2۔ مسجد اقصیٰ 3۔ مسجد ضرار
مسجد نبوی اور مسجد قبا کا نام نہیں ہے صرف ذکر ہے کہ وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پہ رکھی گئی۔ اور اس سے علماء نے کوئی ایک اور دونوں مساجد بھی مراد لی ہیں۔

سوال 54: وہ کونسی بے جان چیز ہے جو سانس لیتی ہے؟
جواب۔ صبح۔
اور قسم ہے صبح کی جب سانس لے (سورہ التکویر آیت: 18)
کچھ کتابوں میں سورہ الشمس آیت 8 لکھا ہے وہ غلط ہے۔

سوال 55: یہ جملہ کس نے کس کو کہا:
"اور میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ نادان نہ بنو"
جواب۔ اللہ رب العزت نے حضرت نوح علیہ السلام کو (سورہ ہود آیت 46)

سوال 56: آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لال نے ساری زندگی میں صرف ایک بد بخت کو اپنے ہاتھ سے قتل کیا۔ کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟
جواب۔ ابی بن خلف
غزوہ احد میں۔ اس دن یہ کہتا پھر رہا تھا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کہاں ہیں؟ میں ہلاک ہو جاؤں اگر وہ زندہ بچ جائیں۔ اسی طرح کہتا ہوا وہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک آیا۔ صحابہ اسے روکنے کے لیے بڑھے لیکن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اسے آنے دو۔ جب وہ قریب آیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حارث بن الاصمہ کا بھالا اٹھایا۔ راوی کہتا ہے کہ اس موقع پہ بعض لوگوں سے یہ بات بھی نقل ہوئی ہے کہ جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بھالا اٹھایا تو ایک بجلی سی کوند گئی۔ اور ہم اس طرح جھرجھرائے جس طرح اونٹ جب جھرجھری لیتا ہے تو اس کے روئیں جھڑ جاتے ہیں پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے سامنے جا کر اس کی گردن میں نیزہ مارا جس سے وہ کئی مرتبہ اپنے گھوڑے پہ چکر کھا گیا۔ مکہ میں اس شخص نے ایک گھوڑا پالا ہوا تھا اور کہتا تھا کہ اس گھوڑے پہ سوار ہو کے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کو (نعوذ باللہ) قتل کروں گا۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جواب دیتے نہیں بلکہ انشاء اللہ میں خود تجھے قتل کروں گا۔
(تاریخ طبری جلد 2 صفحہ 184)

سوال 57: پہلی بار نماز خوف کب اور کہاں ادا کی گئی؟
جواب۔ پہلی بار نماز خوف ہجرت کے 47ویں مہینے میں محرم کے مہینے میں غزوہ ذات الرقاع کے موقع پہ ادا کی گئی۔
(طبقات ابن سعد جلد 1 صفحہ 293)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال58: دنیا کی کس مشہور مسجد میں پورے سال میں صرف دو فرض نمازیں پڑھائی جاتی ہیں؟

جواب۔ مسجد نمرہ۔ پورے سال میں صرف 9 ذوالحج کو ظہر اور عصر کی نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔

سوال59: قرآن میں سب سے زیادہ کونسی آیت دہرائی گئی ہے؟

جواب۔ "ترجمہ: اور تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے"

سورہ رحمٰن۔ 31 دفعہ

سوال60: دنیا کی وہ کونسی مسجد ہے جس پہ ہر وقت بادل چھائے رہتے ہیں؟

جواب۔ مسجد غمامہ۔ مدینہ۔ بادلوں کی مسجد

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے یہاں نماز استسقاء ادا کی تھی نہ صرف تب بارش ہوئی تھی بلکہ اب تک بادل چھائے رہتے ہیں۔

مزید تفصیلات انٹرنیٹ سے مل سکتی ہیں۔

سوال61: قیامت کے دن اللہ رب العزت کے عرش کو کتنے فرشتوں نے اٹھا رکھا ہو گا؟

جواب۔ 8 (الحاقہ آیت 17)

سوال62: اللہ رب العزت نے مٹی، پہاڑ، چوپاؤں، درخت، نور اور آدم علیہ السلام کو کس کس دن پیدا فرمایا؟

جواب۔ اللہ رب العزت نے مٹی ہفتے کے دن، پہاڑ اتوار کے دن، درخت سوموار کے دن، مکروہات (ناپسندیدہ کام) منگل کے دن، نور بدھ کے دن، چوپائے جمعرات کے دن اور سیدنا آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن پیدا فرمایا۔

(صحیح مسلم جلد 3 حدیث 2553) (مسند احمد جلد 4 حدیث 1170)

سوال63: دنیا میں اللہ کو مقامات میں سب سے زیادہ پسند مساجد ہیں۔ سب سے زیادہ ناپسندیدہ مقامات کون سے ہیں؟

جواب۔ بازار

(صحیح مسلم جلد 1 حدیث 1523 باب مساجد اور نماز پڑھنے والی جگہوں کا بیان)

سوال64: شہروں کی ماں کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ اللہ رب العزت نے مکہ المکرمہ کو شہروں کی ماں (ام القریٰ) کہا ہے۔

(سورہ الانعام آیت نمبر 92)

سوال65: مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کے لیے محراب کس کی ایجاد ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کی (وکیپیڈیا)

سوال 66: حدیث کی رو سے سورج غروب ہونے کے بعد کہاں جاتا ہے۔

جواب۔ محمد بن یوسف سفیان اعمش ابراہیم التیمی ان کے والد حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب سورج غروب ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تمہیں معلوم ہے کہ سورج کہاں جاتا ہے میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورج جاتا ہے حتیٰ کہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے۔ پھر (طلوع ہونے کی) اجازت مانگتا ہے تو اسے اجازت مل جاتی ہے اور عنقریب وہ وقت آئے گا کہ یہ (جاکر) سجدہ کرے گا تو وہ مقبول نہ ہو گا اور (طلوع ہونے کی) اجازت چاہے گا تو اجازت نہ ملے گی بلکہ اسے حکم ہو گا کہ جہاں سے آیا ہے وہیں واپس چلا جا اس وقت یہ مغرب سے طلوع ہو گا اور یہی اس آیت کریمہ کا مطلب ہے اور آفتاب اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ باندھا ہوا ہے اس کا جو زبردست ہے علم والا ہے۔

(صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر 459)

سوال 67: قرآن کے کن دو پاروں سے نہ تو کوئی سورت شروع ہوتی ہے اور نہ ہی ختم ہوتی ہے۔ کونسے؟

جواب۔ پارہ نمبر 2 اور پارہ نمبر 5

سوال 68: ۔۔۔۔۔۔۔۔ نے دعا کی کہ اے ہمارے رب ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما۔ (سورہ مائدہ)

جواب۔ سیدنا عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نے۔ آیت نمبر 114

سوال 69: زکوٰۃ کی شرح 2.5 فیصد ہے۔ آج کے دور میں اگر کسی کے پاس 5000 روپے ہوں تو ایک سال بعد کتنی زکوٰۃ دینا ہو گی؟

جواب۔ آج کے دور میں 5000 پہ زکوٰۃ نہیں ہو گی کیونکہ زکوٰۃ کا نصاب 7.5 تولے سونا یا 52.5 تولے چاندی ہے۔

جو 5000 روپے سے کہیں زیادہ ہے۔

سوال 70: ہارون الرشید، مامون الرشید اور امین الرشید کس امام کے زیر تعلیم رہے؟

جواب۔ امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ

سوال 71: کونسے چچا بھتیجے ایک ہی وقت میں پیغمبر تھے؟

جواب۔

1: سیدنا اسماعیل علیہ السلام چچا اور سیدنا یعقوب علیہ السلام بھتیجے

2: سیدنا ابراہیم علیہ السلام چچا اور سیدنا لوط علیہ السلام بھتیجے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال 72: اسلام کی مقدس جگہ کو "مسجد" اور مقدس شخص کو "امام" کہا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل مذاہب کی مقدس جگہوں اور اشخاص کے نام بتائیں۔

جواب۔

| | | |
|---|---|---|
| عیسائیت | شخص: پریسٹ | جگہ: چرچ |
| یہودیت | شخص: ربی | جگہ: سائناگوگ |
| بدھ مت | شخص: مونکس | جگہ: پگوڈا |
| سکھ مت | شخص: گرو | جگہ: گردوارا |
| کنفیوشزم | شخص: سکالر | جگہ: ٹمپل |
| تاؤازم | شخص: دوشی | جگہ: ٹمپل |

سوال 73: قرآن میں کتنی اور کون کون سی سورتوں کے نام جانوروں اور پرندوں کے نام پہ آئے ہیں؟

جواب۔ 7 سورتوں کے نام جانوروں اور پرندوں کے نام پہ آئے ہیں

1۔ سورہ بقرہ (گائے) 2۔ سورہ انعام (اونٹ، مویشی، بکریاں، بھیڑیں) 3۔ سورہ نحل (مکھیاں) 4۔ سورہ نمل (چیونٹیاں) 5۔ سورہ عنکبوت (مکڑی) 6۔ سورہ عادیات (گھوڑے) 7۔ سورہ فیل (ہاتھی)

سوال 74: سب سے پہلے جیل خانہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بنوایا۔ وہ جیل خانہ کس کے گھر کو خرید کے بنایا گیا؟

جواب۔ حضرت سیدنا صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر کو 4000 درہم کے عوض خرید کے جیل خانہ بنایا گیا۔

یہ گھر مکہ میں تھا۔ (تحریک طبری) (الفاروق)

سوال 75:

"دشت تو دشت دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے"

"بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے"

بتائیں بحر ظلمات میں گھوڑا کس نے ڈالا تھا؟

جواب۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 76: قران حکیم کے تیسویں پارے کی سب سے بڑی سورت کا نام بتائیں۔

جواب۔ سورہ نازیات۔ 2 رکوع 46 آیات

سوال 77: دنیا میں سب سے پہلے بزرگی کس کو عطا کی گئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔ ایک دن صبح حضرت ابراہیم علیہ السلام اٹھے تو دیکھا کہ سر کے بال سفید ہو گئے تھے۔ پوچھا خالق کائنات یہ کیا؟ جواب آیا میرے خلیل ہم نے تم کو بزرگی عنائیت کی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس نعمت پہ سجدہ شکر بجالائے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے کسی کے بال بھی سفید نہ ہوئے تھے۔

سوال 78: مکہ کے اس مشہور پہلوان کا نام بتائیں جس نے تین بار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے کشتی میں شکست کھائی اور پھر اسلام قبول کر لیا۔

جواب۔ ابو رکانہ بن عبد یزید

(ابوداؤد جلد 3 حدیث 687 عمامہ کے بیان میں)

سوال 79: وہ کونسے صحابی ہیں جو جنات کی دعوت پہ مسلمان ہوئے؟

جواب۔ حضرت سیدنا تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(بکھرے موتی جلد 2 صفحہ 121)

(حیات الصحابہ جلد 3 صفحہ 649)

سوال 80: قرآن میں کس واحد شخص کو کنیت سے مخاطب کیا گیا ہے؟

جواب۔ ابولہب کو

عرب کسی کو عزت اور تکریم دینے کے لیے کنیت سے مخاطب کرتے تھے۔ لیکن قرآن نے ابولہب اس لیے کہا کیونکہ ابولہب کا اصل نام عبد العزیٰ تھا۔ جو کہ شرکیہ نام تھا اس لیے قرآن میں نہیں آیا۔

سوال 81: خالی جگہ پر کریں۔

اللہ نے کافروں کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیوی اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیوی کی مثال بیان فرمائی۔

اور مومنوں کے لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیوی اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بیٹی کی مثال بیان فرمائی۔

القرآن پارہ 28

جواب۔

اللہ نے کافروں کے لیے۔ نوح علیہ السلام۔ کی بیوی اور۔ لوط علیہ السلام۔ کی بیوی کی مثال بیان فرمائی۔

اور مومنوں کے لیے۔ فرعون۔ کی بیوی اور۔ عمران۔ کی بیٹی کی مثال بیان فرمائی۔ سورہ تحریم آیت 11 اور 12

سوال 82: خالی جگہ پر کریں۔

سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بن عبد اللہ۔۔۔۔۔۔۔۔ بن۔۔۔۔۔۔۔ بن عبد المناف بن۔۔۔۔۔۔۔ بن۔۔۔۔۔۔۔ بن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مرہ بن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جواب۔

سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدالمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن حزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اود بن حقوم بن ناحور بن تیرح بن یعرب بن یشجب بن ثابت بن حضرت اسماعیل علیہ السلام بن حضرت ابراہیم علیہ السلام بن تارح بن ناحور بن ساروح بن راعو بن فالخ بن قیبر بن شالخ بن ارفشد بن سام بن حضرت نوح علیہ السلام بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (حضرت ادریس علیہ السلام) بن پروبن بن مہلیل بن قنیل بن یانش بن شیث بن حضرت آدم علیہ السلام

سوال 83: ان چار اسلامی مہینوں کے نام بتائیں جس میں لڑائی سے روکا گیا ہے؟

جواب۔ محرم، رجب، ذی القعد اور ذی الحج

سوال 84: دنیا کی کس مشہور و معروف مسجد میں محراب نہیں ہے؟

جواب۔ مسجد الحرام

سوال 85: تاریخ میں ایک دن ایسا بھی گزرا ہے جس دن ایک بادشاہ مرا دوسرا پیدا ہوا اور تیسرا تخت نشین ہوا۔ اس دن کی تاریخ بتا دیں۔

جواب۔ 13 اور 14 ستمبر کی درمیانی رات 786 عیسوی۔ ہادی کا انتقال ہوا۔ ہارون الرشید تخت نشین ہوا اور مامون الرشید پیدا ہوا۔

سوال 86: "میں بت شکن ہوں بت فروش نہیں" بتائیے یہ جملہ کس مسلمان بادشاہ نے کہا تھا؟

جواب۔ محمود غزنوی

سوال 87: ہدہد کا نام قرآن میں کتنی دفعہ آیا ہے؟

جواب۔ صرف ایک دفعہ۔ سورہ نمل آیت 20

سوال 88: علامہ شبلی نعمانی کی وفات کے بعد انکی کتاب سیرت النبی کو سید سلیمان ندوی نے مکمل کیا۔ ایک اور مصنف کا نام بتائیں جن کی سیرت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو سید سلیمان ندوی نے مکمل کیا۔

جواب۔ قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری رحمت اللہ علیہ۔ کتاب کا نام رحمت للعالمین

سوال 89: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو وضو اور نماز کا طریقہ کس نے سکھایا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سیکھنے کے بعد سب سے پہلے کسے سکھایا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ وضو اور نماز کا طریقہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو جبرائیل علیہ السلام نے سکھایا اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سکھایا۔ (تاریخ طبری جلد 2 صفحہ 63)

سوال 90: شاعر کا نام بتائیں۔

**بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجا بجمالہ حسنت جمیع الخصالہ صلو علیہ وآلہ**

جواب۔ شیخ سعدی

سوال 91: عورتوں میں حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد کن صحابیہ نے اسلام قبول کیا؟

جواب۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تایا حضرت سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی سیدہ ام فضل نے عورتوں میں دوسرے نمبر پہ اسلام قبول کیا۔ (رحمت للعالمین جلد 1 صفحہ 77)

سوال 92: سلطان الحدیث کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

پیدائش کے وقت عبدالشمس نام رکھا گیا۔ اسلام لانے کے بعد نام عبدالرحمٰن ابن سخر الازدی۔ آپ نے تقریباً 5375 احادیث روایت کیں۔ بلی کے بچے کو پالنے کی وجہ سے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ابوہریرہ کے نام سے پکارا۔ ہریرہ کا مطلب بلی کا بچہ

سوال 93: وہ کونسی صحابیہ ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے بحری لڑائی میں شرکت کی خوشخبری سنائی تھی؟

جواب۔ حضرت سیدہ ام حرام رضی اللہ عنہا (صحیح مسلم، امارت اور خلافت کا بیان، جلد 3 حدیث نمبر 437، 439، 438)

سوال 94: عیسوی سال کے کتنے مہینوں میں 5 جمعے آتے ہیں؟

جواب۔ 4 یا کبھی کبھار 5 بھی

سوال 95: صاحب السر (محرم راز نبوت) کن صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا حزیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چند منافقین کے نام بتائے تھے۔ جن کو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے راز رکھا تب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خطاب دیا گیا۔ (وکیپیڈیا)

سوال 96: قرآن کی کس سورت میں گھوڑے کی قسم کھائی گئی ہے؟

جواب۔ سورہ العادیات۔ اور قسم ہے ان گھوڑوں کی جب وہ ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں (پہلی آیت)

سوال 97: حدیث کی اصطلاح میں متفق الیہ سے کیا مراد ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

جواب۔ جس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم دونوں بیان کریں وہ متفقہ علیہ کہلاتی ہے۔

سوال 98: مسلمانوں کے پہلے امیر الحج کون تھے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 99: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پہ نازل ہونے والی سجدہ تلاوت والی پہلی سورت کونسی تھی؟

جواب۔ سورہ نجم (تفسیر ابن کثیر)

سوال 100: حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دور خلافت میں کس مسلمان خاتون کو پرائس کنٹرول آفیسر مقرر کیا تھا؟

جواب۔ حضرت سیدہ شفا بنت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ وہ اسلام کی پہلی خاتون استاد بھی تھیں۔

سوال 101: جہنم کے دروازے کتنے ہیں؟

جواب۔ 7 دروازے یا درجے ہیں۔ سات دروازوں سے مراد سات طبق اور درجے ہیں۔ پہلا طبق یا درجہ جہنم ہے، دوسرا لظی۔ پھر حطمہ، پھر سعیر۔ پھر سقر، پھر جحیم، پھر ہاویہ، سب سے اوپر والا درجہ موحدین کے لئے ہوگا، جنہیں کچھ عرصہ سزا دینے کے بعد یا سفارش پر نکال لیا جائے گا، دوسرے میں یہودی، تیسرے میں عیسائی، چوتھے میں صابی، پانچویں میں مجوسی۔ چھٹے میں مشرکین اور ساتویں میں منافقین ہونگے، سب سے اوپر والے درجے کا نام جہنم ہے اس کے بعد اس ترتیب سے نام ہیں۔ (فتح القدیر) (تفسیر مکہ، سورہ حجر آیت 44)

سوال 102: قرآن کی کونسی سورت 10 دفعہ پڑھنے سے اللہ جنت میں ایک گھر بناتا ہے؟

جواب۔ سورہ اخلاص (دارمی) اسکے علاوہ مسجد سے ناپاک چیز نکالنے پر بھی جنت میں گھر بنانے کا وعدہ ہے۔ (ابن ماجہ) نیز اگر کوئی دن رات میں 12 رکعات نفل ادا کرے تب بھی اللہ کی طرف سے جنت میں گھر بنانے کا وعدہ ہے۔ (مسلم)

سوال 103: قیامت کے دن لمبی اور اونچی گردنوں والے کون ہوں گے؟

جواب۔ اذان دینے والوں کی گردنیں قیامت کے دن لمبی ہونگی

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: "اذان دینے والے قیامت کے دن باقی تمام لوگوں سے لمبی گردن والے ہوں گے۔ (مسلم)

سوال 104: عرش کی تخلیق کس رنگ کے یاقوت سے ہوئی ہے:

جواب۔ سرخ رنگ کے یاقوت سے

(تاریخ ابن کثیر جلد اول صفحہ پچاس)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

(صفت العرش از حافظ ابن حافظ محمد ابن عثمان ابن شیبہ)

سوال 105: اسلام کو پرانے دور میں کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

جواب۔ دین حنیف یا دین ابراہیمی

سوال 106: مدینہ کا پرانا نام تو یثرب تھا مکہ کا پرانا نام کیا تھا؟

جواب۔ بطحا۔ اسکے علاوہ مکہ کو فاران یا وادی فاران بھی کہا جاتا تھا۔ قرآن میں مکہ کو بکہ بھی کہا گیا ہے۔

سوال 107: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد قرآن کے پہلے حافظ کون تھے؟

جواب۔ حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 108: جنت کے داروغہ کا نام تو رضوان ہے دوزخ کے داروغہ کا کیا نام ہے:

جواب۔ مالک

سوال 109: مسلمانوں کے علاوہ اور کونسی قوم کا ماننا ہے کہ قیامت سے پہلے صور پھونکا جائے گا؟

جواب۔ عیسائی

سوال 110: وہ کونسے صحابی رسول ہیں جن کی وفات پہ رحمٰن کا عرش ہل گیا۔

جواب۔ حضرت سیدنا سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (صحیح بخاری جلد دوم باب: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے مناقب کا بیان۔) (رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ شخص ہے کہ جس کے مرنے سے عرش الٰہی ہل گیا اور آسمان کے دروازے کھل گئے اور اس کے جنازہ میں ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے لیکن اس کی قبر نے ایک مرتبہ اس کو دبایا اس کے بعد پھر وہ عذاب ختم ہو گیا۔ سنن نسائی جلد اول حدیث نمبر 2061۔ جنائز کے بیان میں)

سوال 111: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک اونٹنی تھی جسے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خریدا تھا اسی پہ ہجرت فرمائی تھی اور اسی پہ بیٹھ کے خطبہ حجۃ الوداع بھی دیا تھا۔ کیا آپ اسکا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب۔ قصویٰ، اسی کا نام عضباء تھا اور کچھ کے نزدیک یہی عقباء بھی تھی۔

سوال 112: دنیا کی تاریخ میں ایک ایسے باپ بیٹا بھی گزرے ہیں جب باپ کی عمر چالیس سال اور بیٹے کی عمر ایک سو اٹھارہ سال تھی۔ باپ کا نام بتائیں۔

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت سیدنا عزیر علیہ السلام۔ جب ان کو اللہ رب العزت نے سو سال کے لیے سلا دیا تو ان کی عمر وہیں روک دی گئی جب وہ سو سال کے بعد گھر واپس پہنچے تو بیٹے کی عمر ایک سو اٹھارہ سال ہو چکی تھی۔ جبکہ خود وہ ابھی چالیس سال کے تھے۔ قصص الانبیاء از علامہ ابن کثیر صفحہ 600

سوال 113: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی علالت کے ایام میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کتنی نمازوں کی امامت کی تھی؟

جواب۔ سترہ نمازوں کی۔ بحوالہ: البدایہ والنہایہ جلد پنجم صفحہ 324

سوال 114: قیامت کے دن سب سے پہلے کس کا حساب کتاب ہو گا؟

جواب۔ قیامت کے دن سب سے پہلے شہید کا حساب کتاب ہو گا۔ صحیح مسلم جلد دوم حدیث 426۔ باب: امارت اور خلافت کا بیان۔

عنوان: جو ریاکاری اور نمود نمائش کے لئے لڑتا ہے وہ جہنم کا مستحق ہوتا ہے۔

حدیث کے الفاظ: قیامت کے دن جس کا سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا وہ شہید ہو گا اسے لایا جائے گا اور اسے اللہ کی نعمتیں جتوائی جائیں گی وہ انہیں پہچان لے گا تو اللہ فرمائے گا تو نے ان نعمتوں کے ہوتے ہوئے کیا عمل کیا وہ کہے گا میں نے تیرے راستہ میں جہاد کیا یہاں تک کہ شہید ہو گیا اللہ فرمائے گا تو نے جھوٹ کہا بلکہ تو تو اس لئے لڑتا رہا کہ تجھے بہادر کہا جائے تحقیق! وہ کہا جا چکا پھر حکم دیا جائے گا کہ اسے منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دو یہاں تک کہ اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

دوسرا شخص علم حاصل کرنے والا اور دوسروں کو سکھانے والا۔ عالم کہلانے کی خواہش رکھنے والا۔

تیسرا شخص وہ جسے اللہ نے مال دیا اور وہ سخاوت کرتا رہا۔ سخی کہلانے کے لیے۔

سوال 115: حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اور کس صحابی کی اقتداء میں نماز ادا فرمائی؟

جواب۔ حضرت سیدنا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں۔ صحیح مسلم جلد اول حدیث نمبر 633۔ باب: وضو کا بیان۔

عنوان حدیث: پیشانی اور عمامہ پہ مسح کرنے کا بیان۔

عروہ بن مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور میں ایک سفر میں پیچھے رہ گئے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قضائے حاجت سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تیرے پاس پانی ہے تو میں پانی کا برتن لایا پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دونوں ہتھیلیوں اور اپنے چہرہ مبارک کو دھویا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کلائیوں کو دھونے کا ارادہ فرمایا جبہ کی آستین تنگ ہونے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ کو جبہ کے نیچے سے نکالا اور جبہ کو اپنے کندھوں پر ڈال دیا اور دونوں کلائیوں کو دھویا اور اپنی پیشانی اور عمامہ اور موزوں پر مسح فرمایا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے اور میں بھی سوار ہوا اور اپنے ساتھیوں تک پہنچ گئے اور وہ نماز میں کھڑے ہو چکے تھے اور حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو نماز کی ایک رکعت پڑھا چکے تھے پس جب انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد محسوس کی تو پیچھے ہٹنا شروع ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

وآلہ وسلم نے اشارہ فرمایا انہوں نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نماز پڑھائی جب انہوں نے سلام پھیرا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اور میں بھی کھڑا ہوا اور ہم نے اپنی فوت شدہ رکعت ادا کی۔

سوال 116: وہ کون سے دو میاں بیوی ہیں جن میں میاں نہ تو حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہے نہ ہی بیوی حضرت حوا علیہ السلام کی اولاد میں سے؟

جواب۔ خود حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہ السلام

سوال 117: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضاعی بہن کا نام بتائیں؟

جواب۔ حضرت شیمار ضی اللہ تعالیٰ عنہا

سوال 118: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کس صحابی کی شہادت کو دو مردوں کے برابر فرمایا تھا؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو خزیمہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث نمبر 80 باب: جہاد اور سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سوال 119: قیامت کے دن کل کائنات کو مادر زاد ننگا اٹھایا جائے گا۔ بتایئے سب سے پہلے کس کو کپڑے پہنائے جائیں گے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰت وتسلیمات۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث 607 اور 707 باب انبیاء کے بیان میں۔ سنن نسائی جلد دوم حدیث 2088

سوال 120: مسلمان ابتدائی دور میں بیت المقدس کی طرف منہ کے کے نماز پڑھتے تھے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو پہلی نماز بیت اللہ کی طرف منہ کرکے پڑھی وہ کونسی تھی؟

جواب۔ عصر کی نماز پڑھتے ہوئے مسجد ذوالقبلتین میں قبلہ بدلنے کی خوشخبری دی گئی اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوران نماز ہی اپنا رخ مسجد اقصیٰ سے مسجد حرام کی طرف کرلیا۔ خوشخبری اس لیے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شدید خواہش تھی کہ ہمارا قبلہ مسجد حرام ہو۔ اور جب تک آپ مکہ میں تھے آپ نماز اس طرح پڑھتے تھے کہ دوران نماز کعبہ کو بیچ میں رکھتے تھے یعنی منہ بیت المقدس کی طرف ہی ہوتا تھا لیکن بیچ میں کعبہ بھی آتا تھا۔ حوالہ: صحیح بخاری جلد اول حدیث 39، حدیث 1666 جلد سوم حدیث 2158

سوال 121: جو فرشتے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے لیے سیدنا اسحاق علیہ السلام کی خوشخبری لے کے آئے تھے بتایے ابراہیم علیہ السلام نے انکی تواضع کے لیے کیا پیش کیا تھا؟

جواب۔ بچھڑے کا گوشت۔ سورہ ہود آیت 69

سوال122: اللہ کی راہ میں سب سے پہلے تیر چلانے والی صحابی کا نام بتائیے؟
جواب۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماموں حضرت سیدنا سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ صحیح بخاری جلد دوم حدیث 1519، جلد سوم حدیث 1600 اور صحیح مسلم جلد سوم حدیث 2932

سوال123: جنتیوں کا قد کتنا ہو گا؟
جواب۔ ساٹھ ہاتھ یعنی جتنا آدم علیہ السلام کا تھا۔ جس حالت میں آئے تھے اسی حالت میں وہاں رہیں گے۔
صحیح بخاری جلد دوم حدیث 582،581 انبیاء کے بیان میں۔

سوال124: آسمان و زمین کی تخلیق سے پہلے میرے مالک کا عرش کہاں تھا؟
جواب۔ پانی پہ۔ سورہ ہود آیت نمبر سات

سوال125: قرآن کریم کی سب سے آخری نازل ہونے والی آیت کونسی ہے؟
جواب۔ زیادہ مشہور طور پہ سورہ مائدہ کی آیت تین ہی کہی جاتی ہے۔ یعنی **الیوم اکملت لکم دینکم**۔۔۔۔
لیکن سورہ بقرہ کی آیت دو سو اکیاسی بھی آخری سمجھی جاتی ہے۔

سوال126: اسلام میں سب سے پہلے مردم شماری کس کے دور میں کروائی گئی؟
جواب۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں۔

سوال127: جنگ احزاب میں خندق کھودنے کا مشورہ کس صحابی نے دیا تھا؟
جواب۔ حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال128: زمانہ جاہلیت میں بت پرستوں کا خدائے اعظم کونسا بت کہلاتا تھا؟
جواب۔ ہبل

سوال129: خضریٰ سبز کو کہتے ہیں۔ بتائیں گنبد خضریٰ کا سبز سے پہلے کونسا رنگ تھا؟
جواب۔ سبز سے پہلے رنگ نیلا تھا اس سے پہلے سفید تھا اور اس سے بھی پہلے بے رنگ تھا۔

سوال130: کس شخص نے سب سے پہلے کعبہ کو غلاف پہنایا؟
جواب۔ اسد حمیری نے

www.KitaboSunnat.com

سوال131: برصغیر کی پہلی مسجد کس شہر میں بنائی گئی تھی؟

جواب۔ بھنبھور میں۔

سوال132: کونسے نبی سارنگی بجاتے تھے؟

جواب۔ حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام۔

بحوالہ قصص الانبیاء از علامہ ابن کثیر۔ صفحہ 540

سوال133: کونسے نبی کی نماز اور روزہ اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ تھا؟

جواب۔ حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام۔

بحوالہ قصص الانبیاء از علامہ ابن کثیر۔ صفحہ 539

سوال134: امام الامت کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام الامت کہا جاتا ہے۔

سوال135: سٹی آف ڈیوڈ کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ یروشلم کو

سوال136: بت پرستی اور شرک کس نبی کی قوم سے شروع ہوا؟

جواب۔ حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کی قوم سے

سوال137: سجین کیا ہے؟

جواب۔ سجین ایک ڈائری ہے جس میں گنہگاروں کے اعمال لکھے جاتے ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے علیین ہے۔

سوال138: خدائے ذوالجلال کے حکم سے پہلا حج کس نے کیا؟

جواب۔ پہلا حج حضرت سیدنا آدم علیہ السلام نے کیا۔ بحوالہ طبقات ابن سعد جلد اول

سوال139: غسل سنت کتنے اور کون کون سے ہیں؟ مطلب کب غسل کرنا سنت ہے؟

جواب۔ چار ہیں۔ عیدین کی نمازوں کے لیے، جمعہ کی نماز کے لیے، حج کا احرام باندھنے سے پہلے، عرفات میں وقوف کے لیے۔

سوال140: مسافر پہ نماز فرض نہیں۔ مسافر کون ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حنفی فقہہ کے مطابق 48 میل اور باقی فقہہ کے مطابق 56 میل سفر کے ارادے سے گھر سے نکلنے والا شخص مسافر ہے۔ لیکن اس کے قیام کا ارادہ دس دن سے زیادہ کا نہ ہو۔ اس پہ نماز قصر ہے۔

سوال 141: فتح مکہ کے دن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کس رنگ کا عمامہ پہن رکھا تھا؟

جواب۔ کالے رنگ کا۔

سوال 142: کھانے پینے کی چیز میں اگر مکھی گر جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب۔ مکھی کو ایک دفعہ پھر ڈبوئیں اور پھر پھینک دیں۔

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تمہارے پینے کی چیز میں مکھی گر جائے تو اور ڈبو دینا چاہیے پھر نکال کر پھینک دیا جائے کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری اور دوسرے میں شفا ہے۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث 574، صحیح بخاری جلد سوم حدیث 747

سوال 143: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرا خلیل اللہ ہے لیکن اگر میں دنیا میں کسی کو خلیل بناتا تو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو بناتا۔

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیح بخاری جلد اول حدیث 458،457 جلد دوم 901

سوال 144: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے پہلی امتوں میں کچھ محدث ہوتے تھے۔ (جنہیں اللہ رب العزت کی ہم کلامی نصیب ہوتی تھی)۔ میری امت میں اگر کوئی ایسا ہے تو وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

جواب۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث 727،933

سوال 145: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں کتنے ہی لٹکے ہوئے خوشے ہیں جو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لیے ہیں۔

جواب۔ حضرت سیدنا ابو دحداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیح مسلم جلد اول حدیث 2232۔ جنازوں کے بیان میں

سوال 146: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور ہماری امت کے امین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

جواب۔ حضرت سیدنا ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث 980، 981

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال147: حضرت سیدنا سلمان فارسی سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا زمانہ ہے۔

جواب۔ چھ سو سال کا۔

صحیح بخاری جلد دوم حدیث 1178

سوال148: حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کی کشتی کا نام کیا تھا؟

جواب۔ ارک نوح

سوال149: حضرت سیدنا نوح علیہ السلام کی کشتی جس پہاڑ پہ رکی تھی وہ کس ملک میں ہے؟

جواب۔ پہاڑ کا نام 'جودی' تھا اور یہ پہاڑ موجودہ ترکی میں موجود ہے۔

سوال150: خشکی کا پتا لگانے کے لیے نوح علیہ السلام نے کونسا پرندہ بھیجا تھا؟

جواب۔ پہلے کوے کو بھیجا جو باہر جا کے لاشیں کھانے لگا۔ آپ نے اس کے لیے بد دعا کی کہ تو ہمیشہ خوف میں ہی مبتلا رہے۔ پھر آپ نے کبوتر بھیجا۔ کبوتر اپنی چونچ میں زیتون کا ایک پتہ اور پاؤں کے ساتھ کیچڑ لایا۔ جس سے پتا چلا کہ تمام شہر برباد ہو چکے ہیں اور پانی اتر چکا ہے۔ آپ علیہ السلام نے اس کے لیے دعا کی کہ تجھ پہ امن رہے۔ اسی لیے وہ بے جھجک لوگوں کے گھروں میں اپنا گھر بنا لیتا ہے۔ قصص الانبیاء از علامہ ابن کثیر۔ صفحہ 111

سوال151: یعقوب علیہ السلام کے سب سے چھوٹے بیٹے کا نام کیا تھا؟

جواب۔ بنیامین

سوال152: نجی اللہ کس پیغمبر کا لقب ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا نوح علیہ السلام

سوال153: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کتنی اور کون کون سی اونٹنیاں تھیں؟

جواب۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تین اونٹنیاں تھیں۔ القصویٰ، الجَدعاء اور العَضباء۔ یہ اونٹنیاں صرف سواری کے لیے تھیں۔ اسکے علاوہ پنتالیس اونٹنیاں دودھ دینے والی تھیں۔ بحوالہ مختصر سیرت نبوی از مولانا عبدالرحمٰن

سوال154: مکی سورتیں کونسی ہیں اور مدنی کونسی؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ جو سورتیں مکی دور میں ہجرت سے پہلے نازل ہوئی مکی ہیں چاہے مکہ میں نازل ہوئی ہوں یا طائف یا کہیں بھی اور۔ اور ہجرت کے بعد مدنی دور میں نازل ہونے والی سورتیں مدنی ہیں چاہے مکہ میں ہی کیوں نہ نازل ہوئی ہوں۔

سوال 155: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مہر کن صحابی کے پاس ہوتی تھی؟

جواب۔ حضرت سیدنا حنظلہ بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس۔

سوال 156: مومنو! جمعہ کے دن جب نماز کے لیے اذان دی جائے تو خدا کی یاد کے لیے جلدی کرو اور (خرید و) فروخت ترک کر دو۔ اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ کس سورت کی کونسی آیت کا ترجمہ ہے؟

جواب۔ سورہ جمعہ آیت نمبر 9

سوال 157: نماز جنازہ میں اگر سجدہ کرنا یاد نہ رہے تو کفارہ کیا ہے؟

جواب۔ نماز جنازہ میں سجدہ نہیں ہوتا۔

سوال 158: کونسی اذانیں ہیں جن کے بعد نماز نہیں ہوتی؟

جواب۔ پیدائش کے وقت بچے کے کان میں دی جانے والی اذان اور مصیبت کی گھڑی میں دی جانے والی اذان

سوال 159: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تحفہ دے کے واپس لینے والا شخص اس شخص کی مانند ہے جو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ترمذی

جواب۔ جو قے کر کے اسے چاٹ لے۔

سوال 160: کونسے نبی اپنی قوم سے عذاب کا وعدہ کر کے چلے گئے تھے لیکن عذاب نہ آیا؟

جواب۔ حضرت سیدنا یونس علیہ السلام۔ حضرت سیدنا یونس علیہ السلام اپنی قوم کی سرکشیوں سے تنگ آ کر انہیں عذاب کی وعید سنا کے چلے گئے۔ ان کے جانے کے بعد جب قوم نے عذاب کے آثار دیکھے تو قوم کے مرد و زن سجدے میں گر گئے اور معافیاں مانگنے لگے۔ مالک الملک کو ان کی حالت پہ ترس آ گیا اور صفت رحمانی اور رحیمی غالب آ گئی اور اللہ رب العزت نے قوم سے عذاب ٹال دیا۔ بے شک وہ خود فرماتا ہے میری صفت رحیمی قہاری پہ غالب ہے

سوال 161: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی تین صحابہ کے نام بتائیں جنھوں نے تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال 162: آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خچر کا نام بتائیں؟

جواب۔ آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تین خچر تھے ایک کا نام دُلدُل تھا جو شاہ مصر مقوقس نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گفٹ کیا تھا۔ ایک خچر بادشاہ حبشہ نجاشی نے بھی پیش کیا تھا۔

سوال 163: ابو العرب کن کا لقب ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام

سوال 164: کس واحد سریہ میں حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سپہ سالار بنایا گیا؟

جواب۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شعبان سات ہجری میں نجد میں بنو کلاب کے خلاف جنگ میں حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سپہ سالار بنا کے بھیجا تھا۔

سوال 165: رومیوں میں سے سب سے پہلے کس رومی نے اسلام قبول کیا؟

جواب۔ حضرت سیدنا صہیب رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سوال 166: بادشاہوں میں سے سب سے پہلے کس بادشاہ نے اسلام قبول کیا؟

جواب۔ نجاشی شاہ حبشہ نے۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلاطین کو اسلام قبول کرنے کے خطوط بھجوائے تو نجاشی کو جب یہ خط ملا وہ تخت سے اتر آیا اور آپکے خط کو آنکھوں سے لگایا اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قاصد کے ہاتھ پہ اسلام قبول کر لیا۔

سوال 167: آنخضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی کی آخری نماز کونسی تھی؟

جواب۔ مغرب کی نماز۔ صحیح بخاری۔ جلد دوم، حدیث نمبر 1615۔ باب غزوات کا بیان میں۔

سوال 168: مدینہ کا پرانا نام یثرب تھا۔ یثرب کا مطلب کیا ہے؟

جواب۔ اجاڑ، بیاباں، ویرانہ

سوال 169: تکبیر، تسبیح اور تہلیل سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ تسبیح سے مراد سجدے اور کوع میں مستعمل تسبیحات پڑھنا۔ **سبحان ربی الاعلیٰ اور سبحان ربی العظیم**

تکبیر سے مراد **اللہ اکبر** پڑھنا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور تہلیل سے مراد لاالہ الااللہ کہنا ہے۔

سوال170: حقوق العباد میں سب سے پہلے کس کا فیصلہ کیا جائے گا؟

جواب۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے لوگوں کے ان مقدمات کا فیصلہ کیا جائے گا جو قتل کے متعلق ہوں گے۔ صحیح بخاری: جلد سوم: حدیث نمبر 1795

سوال171: سجدہ سہو سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ سہو کے لفظی معنی بھول جانا کے ہیں۔ نماز میں بھولے سے کچھ کمی یا زیادتی ہونے سے جو خرابی آجاتی ہے اس کے ازالے کے لیے نماز کے آخر میں دو سجدے کرنے واجب ہیں۔ اس سجدوں کو سجدہ سہو کہا جاتا ہے۔

سوال172: قرآن کے پہلے مفسر کون تھے؟

جواب۔ قرآن کے پہلے مفسر خود نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔

سوال173: قرآن میں سب سے زیادہ کس نبی علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام۔ کم و بیش 135 بار آپ کا نام قرآن میں آیا ہے۔

سوال174: قرآن کی سورہ توبہ کی کس آیت کے مطابق مہینوں کی تعداد بارہ ہے؟

جواب۔ آیت کا نمبر 36 ہے۔

سوال175: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش کے وقت ان کی دایہ کون تھیں؟

جواب۔ حضرت سیدنا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ حضرت سیدہ شفا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ بحوالہ

سوال176: غزوہ بدر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتنے جھنڈے بنائے؟

جواب۔ تین علم یعنی جھنڈے بنائے گئے۔ ایک حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا۔ دوسرا حیدر کرار حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں تھا۔ اور تیسرا کسی انصاری کے ہاتھ میں تھا۔

بحوالہ تاریخ ابن خلدون جلد اول صفحہ 71

جبکہ طبقات ابن سعد کے مطابق متعدد جھنڈے تھے۔ مہاجرین کا جھنڈا حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا۔ جبکہ اوس کا جھنڈا حضرت سیدنا سعد ابن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا۔ جبکہ خزرج کا جھنڈا حضرت سیدنا الحباب بن المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا۔ جلد اول صفحہ 253

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال177: وہ کونسی جاندار چیز تھی جسے اللہ نے راہنمائی کے لیے بھیجا لیکن نہ وہ جنوں میں سے تھی نہ ہی انسانوں میں سے؟

جواب۔ کوا۔ جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تو پریشان ہوا کہ اب اس کی لاش کا کیا کرے تو اللہ نے دو کوے بھیجے دونوں آپس میں لڑنے لگے ایک مر گیا تو دوسرے نے اپنی چونچ سے زمین میں ایک سوراخ بنایا اور مردہ کوے کو زمین میں دبا دیا اس طرح قابیل کو سمجھ آگیا کہ اسے ہابیل کا کیا کرنا چاہیئے۔

سوال178: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کس نے پڑھایا تھا؟

جواب۔ ابو طالب نے۔ تاریخ ابن خلدون جلد اول صفحہ 37

سوال179: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت سیدنا قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنا عرصہ زندہ رہے تھے؟

جواب۔ دو سال تک۔

سوال180: کس مذہب میں حضرت میکائیل علیہ السلام کو حضرت جبرائیل علیہ السلام سے زیادہ اہم سمجھا جاتا ہے؟

جواب۔ عیسائیت میں میکائیل علیہ السلام کو فرشتوں کا سردار اور اللہ کا وزیر اعظم مانا جاتا ہے۔

سوال181: حج میں احرام اتارنے کے بعد بالوں کو کتروانا اصطلاحاً کیا کہلاتا ہے؟

جواب۔ تقصیر

سوال182: جنگ یمامہ میں مسلمان فوج کی کمان کس کے ہاتھ میں تھی؟

جواب۔ جنگ یمامہ حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کمان میں لڑی گئی۔ یہ جنگ مسیلمہ کذاب کے خلاف لڑی گئی جو نبوت کا جھوٹا دعویدار تھا۔ مسلمانوں کی تعداد 1300 اور مسیلمہ کی فوج کی تعداد 40000 تھی۔ لیکن مسلمان فاتح رہے۔

سوال183: کن صحابی کا نام ذوالجناحین تھا؟

جواب۔ حضرت سیدنا جعفر طیار کو ذوالجناحین کہا جاتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ قاصد شام بھیجے تھے جن کو سفارتی قوانین کے خلاف موتہ کے مقام پہ شہید کر دیا گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بدلے کے لیے تین ہزار کا ایک لشکر تیار کیا اور ان کا سپہ سالار حضرت سیدنا زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا اور فرمایا کہ اگر یہ شہید ہو جائیں تو سپہ سالار حضرت سیدنا جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہونگے حضرت سیدنا جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب زخم آئے تو آپ نے جھنڈا دونوں ہاتھوں میں تھام لیا رومیوں نے آپکے دونوں بازو کاٹ دیئے۔ اس پہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبرائیل نے مجھے مطلع کیا ہے کہ اللہ رب العزت نے جعفر کو دو پر عطا کیے ہیں جن سے وہ جنت میں پرواز کرتے ہیں۔ پر یا بازو کو عربی میں جناح کہا جاتا ہے تو ذوالجناح کا مطلب دو پروں والا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال184: اسلام اور ایمان کے ارکان کتنے ہیں؟

جواب۔ اسلام کے ارکان پانچ ہیں۔ توحید، نماز، روزہ، زکٰوۃ، حج۔ اور ایمان کے ارکان چھ ہیں۔ اللہ پہ ایمان، رسولوں پہ ایمان، فرشتوں پہ ایمان، الہامی کتابوں پہ ایمان، روز قیامت پہ ایمان اور اچھی بری تقدیر پہ ایمان

سوال185: سجدے میں کتنے چیزوں کا زمین پہ لگنا ضروری ہے؟

جواب۔ آٹھ چیزوں کا زمین پہ لگنا ضروری ہے۔ دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے، پیشانی، ناک، دونوں پاؤں کی انگلیاں

سوال186: اللہ رب العزت نے غار حرا کا قصہ بیان کرتے ہوئے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ثانی اثنین کہا ہے بتایئے کس سورت کی کس آیت میں؟

جواب۔ قرآن حکیم نے حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ثانی اثنین کے نام سے پکارا ہے۔ سورہ توبہ کی آیت نمبر چالیس میں۔ ثانی اثنین کا مطلب دونوں میں سے دوسرا یعنی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں سے دوسرا شخص۔

سوال187: جنگ سلاسل کس خلیفہ راشد کے دور میں لڑی گئی؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں۔ اس جنگ کو جنگ سلاسل یا جنگ زنجیر اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ اس جنگ کے بعد رومی زنجیریں پہنے کھڑے تھے۔ یہ جنگ حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں لڑی گئی اور کویت کے مقام پہ رومیوں کے خلاف لڑی گئی۔

سوال188: مسیلمہ کذاب کی سرکوبی کے لیے جو لشکر بھیجا گیا اسکی قیادت کس کے ہاتھ میں تھی؟

جواب۔ اسکی قیادت حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں تھی اور ان کا سامنا جنگ یمامہ میں ہوا جس میں مسیلمہ حضرت وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھوں مارا گیا۔

سوال189: محمد بن قاسم سے پہلے کس مسلم سپہ سالار کو راجہ داہر کی سرکوبی کے لیے بھیجا گیا تھا؟

جواب۔ حجاج نے پہلے "عبد اللہ نبہان السلمی" پھر "بدیل ابن طہفہ البجلی" کو ایک مختصر فوج کے ساتھ دیبل روانہ کیا۔ لیکن دونوں نے شکست کھائی اور شہید ہوئے۔ فتوح البلدان -ص 435۔ پھر اس نے "عمادالدین محمد بن قاسم بن الحکم بن ابی عقیل ثقفی" کو سپہ سالار بنا کر ایک کثیر فوج کے ساتھ دیبل روانہ کیا۔

سوال190: حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے سے قبل ان کے والدین نے انکا کیا نام رکھا تھا؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پہلا نام عبد الکعبہ تھا جسے بعد میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے تبدیل کر کے عبد اللہ رکھا تھا۔ واقعہ فیل کے تین برس بعد آپ کی مکہ میں ولادت ہوئی۔ آپ کا سلسلہ نسب ساتویں پشت پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مل جاتا ہے۔ آپ کا نام پہلے عبد الکعبہ تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بدل کر عبد اللہ رکھا ، آپ کی کنیت ابو بکر تھی۔ آپ قبیلہ قریش کی ایک شاخ بنو تمیم سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے والد کا نام عثمان بن ابی قحافہ اور والدہ کا نام ام الخیر سلمٰی تھا۔ آپ کا خاندانی پیشہ تجارت اور کاروبار تھا۔ مکہ میں آپ کے خاندان کو نہایت معزز مانا جاتا تھا۔

سوال 191: ہجرت مدینہ سے پہلے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی تعلیمات گھر گھر پہنچانے کے لیے کن دو صحابہ کو مدینہ منورہ بھیجا؟

جواب۔ حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا عبد اللہ ابن مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ میں بھیجا گیا۔ کچھ جگہوں پہ حضرت مصعب بن عمیر اور حضرت اسعد بن زرارہ کا نام بھی آتا ہے

سوال 192: قرآن کریم میں دوزخ کے ایک پہاڑ کا نام آیا ہے۔ نام بتائیں؟

جواب۔ دوزخ کے پہاڑ کا نام صعود ہے جس کا نام قرآن میں آیا ہے۔ سورہ مدثر آیت 17

سوال 193: دوزخ کے فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب۔ 19 فرشتے دوزخ میں مقرر ہیں۔ سورہ مدثر آیت 30

سوال 194: "وہ ہمارے سواروں میں سے بہترین سوار ہیں" نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کن اصحابی کے بارے میں ہے؟

جواب۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق حضرت سیدنا ابو قتادہ بہترین سوار ہیں

بحوالہ صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر 181 باب: جہاد کا بیان عنوان: غزوہ احزاب کے بیان میں

سوال 195: "وہ ہمارے پیادوں میں سے بہترین پیادے ہیں" نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کن اصحابی کے بارے میں ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو سلمہ یا سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر 181 باب: جہاد کا بیان عنوان: غزوہ احزاب کے بیان میں

سوال 196: حضرت سیدنا عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے کہنے پہ قرآن حکیم کا ترجمہ کس زبان میں کیا گیا؟

جواب۔ سب سے پہلے قرآن کا ترجمہ سندھ کے راجہ کی خواہش پہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے قدیم سندھی زبان میں کروایا

www.KitaboSunnat.com

سوال197: کونسے نبی عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے علاوہ پورا سال روزہ رکھتے تھے؟

جواب۔ حضرت سیدنا نوح علیہ السلام عید االفطر اور عید الاضحیٰ کے علاوہ پورا سال روزہ رکھتے تھے۔

بحوالہ

سنن ابن ماجہ جلد اول حدیث نمبر 1715 باب روزوں کا بیان عنوان حضرت نوح علیہ السلام کے روزوں کا بیان

سوال198: کس نماز میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی۔

جواب۔ نماز جنازہ میں قرآن کی تلاوت نہیں کی جاتی۔

سوال199: وضو کے فرائض اور سنتیں اور مستحب کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب۔ فرائض چار

سنتیں تیرہ..... کسی کسی جگہ سولہ بھی لکھی ہیں

جبکہ واجب آٹھ ہیں

وضو کے فرائض

وضو کے چار فرائض ہیں، جن کے بغیر وضو نہیں ہوتا:

منہ دھونا۔

دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔

چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

وضو کی سنتیں

وضو کی تیرہ سنتیں ہیں:

نیت کرنا۔

بسم اللہ پڑھ کر شروع کرنا۔

دونوں ہاتھ کلائی تک دھونا۔

انگلیوں میں خلال کرنا۔

کلی کرنا۔

مسواک کرنا۔

ناک میں پانی چڑھانا۔

داڑھی کا خلال کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پورے سر کا مسح کرنا۔

کانوں کا مسح کرنا۔

پے در پے وضو کرنا کہ پہلا عضو خشک ہونے نہ پائے

ترتیب قائم رکھنا

دھوئے جانے والے ہر عضو کو تین بار دھونا۔

وضو کے مستحبات

وضو میں درج ذیل چند امور مستحب ہیں:

گردن کا مسح کرنا۔

قبلہ کی طرف منہ کرنا۔

پاک اور اونچی جگہ پر وضو کرنا۔

پانی بہاتے وقت اعضاء پر ہاتھ پھیرنا۔

بغیر ضرورت دوسرے سے مدد نہ لینا۔

دنیا کی باتیں نہ کرنا۔

بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر تھوڑا پی لینا۔

وضو کے بعد یہ دُعا پڑھنا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ.

”اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں اور اپنے صالحین بندوں میں سے کردے۔“

سوال 200: حضرت آدم علیہ السلام کی کونسی اولاد اکیلی پیدا ہوئی تھی مطلب آدم علیہ السلام کے کونسے بیٹے اکیلے پیدا ہوئے تھے یعنی ان کے ساتھ بیٹی پیدا نہیں ہوئی تھی۔

جواب۔ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کے بیٹے حضرت سیدنا شیث علیہ السلام اکیلے پیدا ہوئے تھے

سوال 201: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی کونسی پھپھیاں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پہ ایمان لائی تھیں؟

جواب۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کونسی پھوپھیاں ایمان لائی تھیں کچھ کے نزدیک صرف حضرت صفیہ ہی ایمان لائی تھیں جبکہ کچھ کہتے ہیں اروی اور عاتکہ بھی ایمان لائی تھیں۔ بحر حال حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ایمان لانا ثابت ہے باقیوں کا اختلاف ہے۔ واللہ اعلم

سوال 202: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی کس چچی کے متعلق فرمایا تھا کہ یہ میری ماں کے بعد میری ماں ہیں یہ بھی بتادوں کہ ان کے کفن کے بھی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا کرتا بھی عنائت فرمایا تھا؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

جواب۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ محترمہ حضرت سیدہ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق یہ الفاظ فرمائے گئے تھے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال 4 ہجری بمطابق 626 عیسوی کو مدینہ المنورہ میں ہوا قبر مبارک جنت البقیع میں ہے۔

سوال 203: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اس اونٹنی کا نام بتائیں جس نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے غم میں کھانا پینا چھوڑ دیا تھا اور اسی حالت میں مر گئی تھی؟
جواب۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اس اونٹنی کے مختلف نام مختلف جگہ پہ موجود ہیں کہیں عضباء لکھا ہے کہیں پہ جدعا اور یہ بھی ہے کہ یہ نام قصویٰ کے ہی تھے

سوال 204: حج کے دوران آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا سر کس صحابی نے مونڈا تھا؟
جواب۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مواقع پہ اپنے بال کٹوائے ایک دفعہ صلح حدیبیہ کے موقع پہ اور ایک دفعہ حج الوداع کے موقع پہ۔ پہلی بار بال کاٹے حضرت خریش بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اور دوسری دفعہ حضرت معمر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

سوال 205: کیا آپ اس تابعی کا نام بتا سکتے ہیں جن سے حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے لیے مغفرت کی دعا کروائی تھی؟
جواب۔ وہ تابعی حضرت سیدنا اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔
صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر 1989 حدیث مرفوع مکررات 3 متفق علیہ 3
حضرت اسیر بن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کوفہ کے لوگ ایک وفد لے کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آئے اس وفد میں ایک ایسا آدمی بھی تھا کہ جو حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ تمسخر کیا کرتا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہاں کوئی قرنی ہے تو وہی آدمی (حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ علیہ) آئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تمہارے پاس یمن سے ایک آدمی آئے گا جسے اویس کہا جاتا ہے۔ وہ یمن کو اپنی والدہ کے سوا نہیں چھوڑے گا اسے برص کی بیماری ہوگی۔ وہ اللہ سے دعا کرے گا تو اللہ اس سے اس بیماری کو دور فرما دے گا سوائے ایک دینار یا ایک درہم کے (یعنی دینار یا درہم کے بقدر برص کی بیماری کے نشان باقی رہ جائے گا) تو تم میں سے جو کوئی بھی اس سے ملاقات کرے تو وہ اپنے لئے ان سے مغفرت کی دعا کرائے۔

سوال 206: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہ جادو کیا گیا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد نہیں رہتا تھا کہ کوئی کام کر لیا ہے یا نہیں۔ بتائیں یہ جادو کس نے کیا تھا؟
جواب۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہ جادو لبید بن عاصم نے کیا تھا۔ یہ بندہ بنوزریق کا آدمی یہود کا حلیف اور منافق تھا۔
صحیح بخاری: جلد دوم: حدیث نمبر 527
صحیح بخاری: جلد سوم: حدیث نمبر 732

www.KitaboSunnat.com

صحیح بخاری: جلد سوم: حدیث نمبر 734
صحیح مسلم: جلد سوم: حدیث نمبر 1206

سوال 207: کس نبی علیہ السلام کی والدہ ان کو یہ تاکید کرتی تھیں۔ رات کو زیادہ سونے والا قیامت کے دن فقیر ہو گا۔
جواب۔ حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام۔

سوال 235: برہنہ ہو کے حج کرنا کب حرام قرار دیا گیا۔ اور کن دو صحابہ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے یہ اعلان کیا کہ آج کے بعد ننگے ہو کے حج کرنا حرام ہے؟
جواب۔ دس ذوالحج نو ہجری کو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا کہ اعلان کر دیں کہ آج کے بعد برہنہ ہو کے حج کرنا حرام قرار دے دیا گیا ہے۔ (صحیح مسلم کتاب الحج)

سوال 209: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد مسلمانوں کی مسلمانوں سے پہلی کونسی جنگ ہوئی اور کن کے مابین ہوئی؟
جواب۔ مسلمانوں کی مسلمانوں سے پہلی جنگ جنگ جمل تھی۔ یہ جنگ حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ام المؤمنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیچ میں ہوئی. اور اس جنگ کی وجہ دونوں افواج میں موجود منافقین تھے جو دونوں افواج کو لڑوانے کا سبب بنے۔ یہ جنگ ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شکست پہ ختم ہوئی اس جنگ میں وہ اونٹ پہ سوار تھیں اور اونٹ کو عربی میں جمل کہا جاتا ہے اس لیے اس جنگ کو جنگ جمل کہا گیا۔ یہ جنگ چھتیس ہجری میں ہوئی تھی

سوال 210: قل سے شروع ہونے والی قرآن کی پہلی سورت کونسی ہے؟
جواب۔ نزول کے اعتبار سے قل سے شروع ہونے والی پہلی سورت سورہ کافرون ہے جبکہ موجودہ ترتیب کے لحاظ سے قل سے شروع ہونے والی پہلی سورت سورہ جن ہے

سوال 211: قرآن کی کتنی اور کون کون سی سورتیں انبیاء کے ناموں پہ ہیں؟
جواب۔ چھ سورتیں انبیاء کے ناموں پہ ہیں

سورہ نوح

سورہ ابراہیم

سورہ یوسف

سورہ محمد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورہ یونس

سورہ ھود

سوال 212: قرآن کی موجودہ ترتیب توقیفی کے لحاظ سے پہلا حکم کونسا دیا گیا ہے؟

جواب۔ ترجمہ: اے لوگو اپنے (اس) رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں (بھی) اور انہیں (بھی) جو تم سے پہلے گذرے ہیں پیدا کیا ہے تا کہ تم (ہر قسم کی آفات سے) بچو۔ سورۃ البقرہ: 22

سوال 213: فرض اور واجب میں کیا فرق ہے؟

جواب۔

فرض: وہ جو نص قطعی سے ثابت ہو یعنی قرآن پاک کی آیت سے فرض اللہ کا حکم ہے فرض وہ عمل ہے جو قرآن پاک میں حتمی الفاظ سے واضع ہو ہر مسلمان پر فرض ہے۔ فرض دو طرح کے ہوتے ہیں

واجب: وہ جو دلیل زنی صحیح احادیث سے ثابت ہو مطلب جو قرآن میں واضح حکم نہ ہو لیکن نبی صلی اللہ الیہ وسلم نے اس پر پابندی سے فرض جیسا عمل کیا ہو اس کو واجب کہتے ہیں جیسے عشاء نماز میں وتر پڑھنا قرآن میں وتر کا ذکر نہیں لیکن نبی صلی اللہ الیہ وسلم نے لازمی پڑھے واجب نبی صلی اللہ الیہ وسلم کا حکم ہے۔

سوال 214: مکروہ تحریمی اور مکروہ تنزیحی میں کیا فرق ہے؟

جواب۔ مکروہ تحریمی: یہ واجب کا مقابل ہے حرام کے نزدیک ہے اس کے کرنے سے عبادت ناقص ہو جاتی ہے کرنے والا گناہ گار ہو گا مثلا جاندار کی تصویر والے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا کپڑا فولڈ کر کے نماز پڑھنا نماز میں 1 چادر کندھے پر اس طرح ڈالنا کہ دونوں کندھوں پہ سینے پر اس کے دونوں کنارے لٹکیں جاندار کی تصویر نمازی کے آگے یا دائیں یا بائیں ہو

مکروہ تنزیحی: جسے شریعت ناپسند کرے مگر کرنے والا گناہگار نا ہو گا لیکن اگر کثرت سے جاری رکھا تو حرام ہو گا نماز میں ادھر ادھر دیکھنا پینٹ پہن کر نماز پر ھنا اور ٹخنے ننگے نہ کرنا کام کاج کے یا میلے کپڑوں میں نماز پڑھنا جبکہ اسکے پاس اس کے علاوہ جوڑے موجود ہوں

سوال 215: حضرت سیدنا زکریا علیہ السلام کیا کام کرتے تھے؟

جواب۔ زکریا علیہ السلام بڑھئی یعنی ترکھان تھے۔

سوال 216: حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کونسے نبی تھے جنہوں نے شادی نہیں کی تھی؟

جواب۔ حضرت سیدنا یحییٰ علیہ السلام غیر شادی شدہ تھے۔

سوال 217: ذات النطاقین کن کا لقب ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی حضرت سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال218: بلیع الارض کن کا لقب ہے؟

جواب۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بلیع الارض کا لفظی مطلب زمین کا لقمہ۔ ایک قبیلے کے لوگ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئے کہ ہمارا قبیلہ مسلمان ہو گیا ہے کچھ مسلمانوں کو ہمارے ساتھ روانہ کریں جو ہمیں دین سکھائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس مسلمانوں کو حضرت سیدنا عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی راہنمائی میں ان کے ساتھ بھیج دیا انہوں نے راستے میں غداری کی اور ان صحابہ پہ ٹوٹ پڑے۔ یہ دس صحابہ ایک ٹیلے پہ چڑھ گئے اور مقابلے کے لیے تیار ہو گئے۔ وہ دو سو کفار ان دس مسلمانوں سے بھی ہار گئے اور انہیں صلح اور امان کی پیش کش کی۔ عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انکار کیا اور دعا کی اے اللہ ہمارے رسول کو ہماری خبر کر دے۔ اللہ نے اسی دن اپنے نبی کو اطلاع کر دی۔ اس جنگ میں سات صحابہ شہید ہو گئے اور تین بچ گئے اور وہ ان کے بہکاوے میں آ گئے، جن میں سے ایک نے مزاحمت کرتے ہوئے شہید ہو گئے اور باقی دو کو ان ظالموں نے مکہ کے بازار میں فراخت کر دیا۔ ان میں سے ایک حضرت خبیب بن عدی تھی۔ انہوں نے غزوہ بدر میں ایک کافر حارث بن عامر کو قتل کیا تھا جس کا بدلہ لینے کے لیے اس کے بیٹوں نے خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خرید لیا۔ اور انہیں سولی پہ لٹکا دیا۔ ایک ماہ تک ان کی لاش سولی پہ ہی لٹکتی رہی اور بالکل ترو تازہ رہی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا انکی لاش لانے کے لیے۔ وہ رات کو مکہ پہنچے اور اللہ نے انکی لاش کی حفاظت کرنے والوں پہ غنودگی طاری کر دی۔ انہوں نے لاش اتاری اور چل دیے۔ پہرے داروں کو جب ہوش آیا وہ پیچھے دوڑے اور ان کو آ لیا۔ انہوں نے لاش کو زمین پہ رکھ دیا۔ زمین پھٹی اور لاش زمین میں سما گئی۔ اسی لیے ان کو بلیع الارض کہا جاتا ہے۔

سوال219: یہ جنگیں مسلمانوں نے کن کے خلاف لڑیں: جنگ بویب، یرموک، سلاسل، موتہ، نہروان

جواب۔ جنگ بویب اہل ایران کے خلاف۔ مسلمانوں کے کمانڈر مثنیٰ بن ابی حارث تھے۔

جنگ یرموک عیسائیوں کے خلاف۔ مسلمانوں کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

جنگ سلاسل اہل ایران کے خلاف۔ مسلمانوں کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

جنگ موتہ اہل شام، رومیوں اور عیسائیوں کے خلاف۔ مسلمانوں کے کمانڈر حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

جنگ نہروان خارجیوں کے خلاف۔ مسلمانوں کے کمانڈر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سوال220: حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سیف اللہ کا خطاب کس جنگ میں شجاعت کی وجہ سے دیا گیا؟

جواب۔ جنگ موتہ میں شجاعت و بہادری کے پیکر دکھانے پہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں سیف اللہ کا لقب دیا۔

سوال221: کونسے صحابی کی شکل آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملتی تھی؟

جواب۔ حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شکل آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملتی تھی۔ اس کے علاوہ حضرت سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی اوپری جسم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشابہ تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال222: کونسی سورت قرآن کا دل کہلاتی ہے؟

جواب۔ سورہ یٰسین کو قرآن کا دل کہا جاتا ہے۔

سوال223: قرآن کی کس سورت میں صرف ایک زیر آتی ہے؟

جواب۔ سورہ اخلاص میں صرف ایک زیر آتی ہے۔

سوال224: قرآن کی کس سورت کو سورہ تودیع بھی کہا جاتا ہے؟

جواب۔ سورہ نصر کو سورہ تودیع کہا جاتا ہے۔ تودیع کے معنی کسی کو رخصت کرنے کے ہیں اس سورۃ میں چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات قریب ہونے کی طرف اشارہ ہے اس لئے اس کو سورۃ التودیع بھی کہا گیا ہے۔

تفسیر معرف القرآن

سوال225: قرآن کی آخری مکمل نازل ہونے والی سورت کونسی ہے؟

جواب۔ سورہ نصر مکمل نازل ہونے والی آخری سورت ہے

سوال226: ابوالانبیاء تو حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا لقب ہے بتائیں ام الانبیاء کن کا لقب ہے؟

جواب۔ حضرت سیدہ سارہ علیہ السلام کو ام الانبیاء کہا جاتا ہے کیونکہ سب سے زیادہ نبی انہی کی نسل سے آئے

سوال227: کس نبی کے باپ دادا اور پردادا سب نبی تھے؟

جواب۔ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام۔ آپکے والد حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام دادا حضرت سیدنا اسحاق علیہ السلام اور پردادا حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام

سوال228: قرآن کے کس پارے میں صرف ایک ہی سورت ہے؟

جواب۔ قرآن کے دوسرے پارے میں صرف ایک سورت ہے. شروع سے آخر تک سورہ بقرہ ہی ہے

سوال229: قرآن کی کونسی سورت میں دو مرتبہ بسم اللہ آئی ہے؟

جواب۔ سورہ نمل میں۔

سوال230: کونسی ام المومنین کا لقب ام المساکین تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالی عنہا۔ مسکینوں پر رحم و مروت کے سبب ان کا لقب اُمّ المساکین پڑ گیا تھا۔ یہ حضرت عبد اللہ بن جحشؓ کے عقد میں تھیں۔ وہ جنگ اُحد میں شہید ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ۴ھ میں ان سے شادی کرلی۔ مگر صرف تین ماہ یا آٹھ ماہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زوجیت میں رہ کر ربیع الآخر یا ذی قعدہ ۴ھ میں وفات پا گئیں۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اور انہیں بقیع میں دفن کیا گیا۔

سوال 231: حضرت سیدنا نوح علیہ السلام نے طوفان کے بعد جو بستی بسائی اسکا نام کیا تھا؟

جواب۔ اس بستی کا نام 'سوق الثمانین' یعنی "80 لوگوں کی بستی" یا کچھ کے مطابق اسکا نام "خسران" رکھا گیا تھا۔

سوال 232: قرآن حکیم کی کس سورت میں اللہ رب العزت نے فرمایا ہے کہ ہم نے اس سورت کو نازل کیا اور اسے فرض کیا؟

جواب۔ سورہ نور کے شروع کے الفاظ ہی یہ ہیں کہ ہم نے اسے نازل کیا اور فرض کیا ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

" یہ ایک سورت ہے جس کو ہم نے نازل کیا اور اسے ہم نے فرض کیا ہے اور اس میں ہم نے صاف صاف ہدایات نازل کی ہیں تاکہ تم سبق لو" سورہ نور 24 آیت ۱، ترجمہ از تفہیم القرآن

سوال 233: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجیت میں سب سے زیادہ عرصہ رہنے کا شرف ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حاصل ہے۔ بتائیں سب سے کم عرصہ زوجیت میں کون سی ام المومنین رہیں؟

جواب۔ حضرت سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ نکاح کے تین ماہ بعد وفات پا گئیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# سائنس

سوال 1: جارج سٹیفن دنیا کی سب سے پہلی ریل گاڑی کا موجد تھا۔ آپ یہ بتائیں اس نے کتنے سال کی عمر میں اپنا نام لکھنا سیکھا تھا؟

جواب۔17 سال کی عمر میں۔

سوال 2: 1876 میں گراہم بیل نے ٹیلیفون ایجاد کیا۔ یہ بتائیں پہلے ہی ماہ کتنے ٹیلی فون سیٹ فروخت ہو گئے تھے؟

جواب۔ نئی چیز ہونے کے باوجود صرف 6 سیٹ فروخت ہو سکے۔

سوال 3: انسان میں پانچ حسیں ہوتی ہیں۔ سب سے پہلے کونسی حس پیدا ہوتی ہے؟

جواب۔ چھونے کی حس

سوال 3: جغرافیہ کے لحاظ سے بتائیں کہ ایک ملک سے دوسرے ملک سفر کرتے ہوئے طول بلد کے لحاظ سے کتنے درجے کے فرق سے ایک گھنٹہ ٹائم آگے یا پیچھے کیا جاتا ہے؟

جواب۔15 درجے طول بلد میں فرق آنے سے ایک گھنٹے کا فرق پڑتا ہے۔ کیونکہ زمین ایک کرہ ہے اور کرے کے 360 درجے ہوتے ہیں۔ اور ایک دن میں 24 گھنٹے اس لیے 360/24 جواب 15 آتا ہے۔

سوال 4: زمین کے کرہ ہوائی میں کتنے فیصد میتھین گیس پائی جاتی ہے؟

جواب۔0.0002٪

سوال 5: ٹلہ جوگیاں کے مقام پہ بیٹھ کے کس مسلمان سائنسدان نے زمین کے قطر کی بالکل درست پیمائش کی تھی جس میں آج تک صرف 79 کلومیٹر کا ہی فرق معلوم کیا جا سکا ہے؟

جواب۔ ابوریحان محمد البیرونی

سوال 6: کونسا جانور آئینے میں اپنے آپ کو پہچاننے کی صلاحیت رکھتا ہے؟

جواب۔ ہاتھی پہچاننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسے Mirror ٹیسٹ کہا جاتا ہے۔ انسان کے بچے اٹھارہ ماہ کے بعد خود کو پہچانتے ہیں۔ اس کے علاوہ گوریلے، چمپینزی، ہاتھی، ڈالفن کی کچھ اقسام، بندروں کی کچھ اور اقسام بھی اپنی آپ کو آئینے میں پہچاننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

سوال 7: آواز پانی میں تیزی سے سفر کرتی ہے یا ہوا میں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ پانی میں۔ ہوا میں 343 میٹر فی سیکنڈ اور پانی میں 1484 میٹر فی سیکنڈ

سوال 8: آئن سٹائن کہاں دفن ہے؟

جواب۔ کہیں نہیں۔ اسکی لاش کو جلادیا گیا تھا۔

سوال 9: انسانوں کی طرح کس جانور کو زکام ہوتا ہے؟

جواب۔ بندر اور کتے کو

سوال 10: دودھ دینے والے جانداروں میں سب سے کم دودھ کونسا جانور دیتا ہے؟

جواب۔ ہاتھی

سوال 11: تربوز سبزی ہے یا پھل؟

جواب۔ سبزی

سوال 12: آکسیجن گیس بے رنگ ہے۔ لیکن اگر اس کو ٹھنڈا کر کے مائع یا ٹھوس حالت میں لایا جائے تو یہ بے رنگ نہیں رہتی۔ مائع یا ٹھوس حالت میں اس کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟

جواب۔ نیلا

سوال 13: انگلش میں ترجمہ کریں۔

"کل دو طرح کے ہوتے ہیں

ایک آنے والا ایک گزرا ہوا"

جواب۔

Morrows are of two types, one is tomorrow one is yesterday.

سوال 14: انگلش میں ترجمہ کریں "ہماری ہی بلی اور ہمیں ہی میاؤں"

جواب۔ My Tutor My Foot

سوال 15: A Person Who Studies Physics is called............?

جواب۔ Physicist

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال16:اگر آپ تھرمامیٹر کو بجلی کے چلتے پنکھے کے سامنے رکھیں تو اس کے درجہ حرارت پہ کیا فرق پڑے گا؟
جواب۔کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

سوال17:دنیا کی خالص ترین زبان کونسی ہے؟(جس میں کسی دوسری زبان کا ایک بھی لفظ شامل نہیں ہے)
جواب۔عربی

سوال18:انناس پاکستان کے کس شہر میں سب سے زیادہ ہوتا ہے؟
جواب۔انناس پاکستان میں پیدا نہیں ہوتا۔

سوال19:۔2اگست 1922 کو پورے امریکا کے فون ایک منٹ کے لیے بند رہے۔آپ بتائیں کیوں؟
جواب۔ٹیلی فون کے موجد الیگزینڈر گراہم بیل کی وفات کی وجہ سے

سوال20:"بلیک ڈیتھ" کس بیماری کو کہا جاتا ہے؟
جواب۔طاعون کو

سوال21:ناشتے کا لغوی مطلب کیا ہے؟
جواب۔خالی پیٹ

سوال22:جس دن انسان نے چاند پر قدم رکھا اس دن چاند کی کیا تاریخ تھی؟
جواب۔5جمادی الاول

سوال23:اگر آپ فل پانی سے بھرے گلاس میں مٹھی بھر نمک آہستہ آہستہ ڈالیں تو پانی کا لیول زیادہ ہو گا یا کم؟
جواب۔سائنس کی رو سے پانی کا لیول کم ہونا چاہیئے۔

سوال24:کمپیوٹر کو اردو میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب۔شمارندہ(یادرہے کہ میں نے غلطی سے شمار کنندہ کے بجائے شمارندہ نہیں لکھا۔یہ ہے ہی شمارندہ)

سوال25:انسانی دماغ میں کتنے فیصد ڈائی ہائیڈروجن مونو آکسائیڈ پایا جاتا ہے؟
جواب۔انسانی دماغ میں پانی کی مقدار 80 تا90 فیصد ہوتی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال26:وہ کونسی چیز ہے جو اوپر بھی جاتا ہے نیچے بھی آتا ہے لیکن حرکت نہیں کرتا؟

جواب۔درجہ حرارت

سوال27: CNG کس کا مخفف ہے؟

جواب۔Compressed Natural Gas

سوال28:.Its 6 O' Clock in the evening

اس جملے میں O سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ O سے مراد of ہے۔

سوال29:دنیا کا سب سے چھوٹا بحر کونسا ہے؟

جواب۔Arctic Ocean رقبہ 14,056,000 مربع کلومیٹر

سوال30:?............ Philology is

جواب۔.Study of Languages

سوال31:دانتوں کے ڈاکٹر کو Dentist کہتے ہیں۔مندرجہ ذیل چیزوں کے ڈاکٹروں کو کیا کہا جاتا ہے؟

آنکھ،پیر،گردے،پتہ

جواب۔

Optometrist

Podiatrist

Nephrologist

Urologist

سوال32:"بلیک ڈائمنڈ" کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔کوئلے کو

سوال33:انگریزی کے پانچ الفاظ بتائیں جن میں ایک بھی واول نہ ہو۔

جواب۔.Myth, Fly, Sky, Dry, Cry, Rhythm, Crypt

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال34 : انگریزی کے پانچ الفاظ بتائیں جن میں سارے واول موجود ہوں۔

جواب۔ Educati0n,Equation,Behaviour,Audiotape,Dialogue

سوال35:مارخور پاکستان کا قومی جانور ہے۔ بکرے جیسے اس جانور کی گردن کے گرد لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔ سپرنگ جیسے سینگ ہوتے ہیں۔ دنیا بھر میں اس کی تعداد صرف2500رہ گئی ہے۔ آپ یہ بتائیں اسے مارخور کیوں کہتے ہیں؟

جواب۔ قدیم یقین کے مطابق یہ سانپ کھاتا ہے اس لیے اسے مارخور کہا جاتا ہے۔ مارخور فارسی زبان کا لفظ ہے مطلب سانپ کھانے والا۔

سوال36:

1X is called Single

2X is Called Double

3X is Called Triple

4X is Called . . . . . . . ?

5X is Called . . . . . . . ?

جواب۔

0X is Nulltuple

4X is Quadruple

5X is Quintuple

6X is Sextuple

7X is Septuple

8X is Octuple

10X is Decuple

16X is Sedenion

سوال37:انسانی پیٹ میں سب سے لمبا عضو کونسا ہوتا ہے؟

جواب۔ چھوٹی آنت۔ بائیس فُٹ

سوال38:کپاس اگانے کے لیے زیادہ مناسب زمین کونسی ہوتی ہے؟

جواب۔ کالی زمین

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

سوال39:کس ملک نے خلا میں پودے اگانے کی کوشش کی؟

جواب۔جاپان

سوال40:King of Chemicalsکسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔سلفیورک ایسڈ کو

سوال41:

Their are three errers in this sentence, can you find all three?

جواب۔

1.Their should be there

2.Errers should be errors

3.Use of "the" after the Use of "All" is must.

سوال42:سینٹی گریڈ سکیل اور فارن ہائیٹ سکیل کس درجہ حرارت پہ برابر ہو جاتے ہیں؟

جواب۔منفی40ڈگری پہ۔یعنی منفی 40 سنٹی گریڈ کو اگر فارن ہائیٹ میں تبدیل کیا جائے تب بھی منفی 40 ہی رہے گا۔

سوال43:دنیا میں کتنے سمندروں کے نام English Coloursپہ رکھے گئے ہیں؟

جواب۔Red Sea, White Sea, Black sea, Yellow Sea

سوال44:دنیا میں سب سے زیادہ سونا چین میں پیدا ہوتا ہے آپ یہ بتائیں سب سے زیادہ سونا استعمال کونسا ملک کرتا ہے؟

جواب۔چین ہی استعمال کرتا ہے۔

سوال45:انسان کو سائنس کی زبان میں Homo sapiens کہا جاتا ہے۔آپ یہ بتادیں کہ یہ کس زبان کا لفظ ہے؟اور اس کا لغوی مطلب کیا ہے؟

جواب۔یونانی زبان کا لفظ ہے ہوموکا مطلب انسان اور سیپیئنز کا مطلب عقلمند

سوال46: 60 کلوگرام انسان میں کتنے کلو آکسیجن اور کتنے کلو ہائیڈروجن پائی جاتی ہے؟

جواب۔آکسیجن38 کلوگرام

ہائیڈروجن6 کلوگرام

کاربن12 کلوگرام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نائٹروجن 2 کلو گرام

سوال 47: زمین کا ماس $6 \times 10^{24}$ کلو گرام ہے۔ بتائیں زمین کا وزن کتنا ہے؟

جواب۔ زمین کا وزن زیرو ہو گا۔

1۔ ایک تو یہ کہ زمین خلا میں ہے اور Weightlessness کی کنڈیشن کی وجہ سے زمین کا وزن زیرو ہو گا۔

2۔ دوسرا یہ کہ وزن وہ طاقت ہے جس سے زمین دوسرے اجسام کو اپنی طرف کھینچتی ہے نہ کہ خود اپنے آپ کو اس لیے g کی ویلیو 9٫8 نہیں لی جا سکتی۔

3۔ اگر g کی ویلیو کسی دوسرے سیارے کے لحاظ سے لی جائے تو زمین کی g کی وجہ سے اجسام زمین پہ گر جاتے ہیں تو زمین کو بھی جا کر دوسرے سیاروں سے ٹکرا جانا چاہیئے۔

اس لیے

$W = mg$

$g = 0$

$W = 0$

سوال 48: گلیلیو سیٹلائٹس گلیلیو کے دریافت کردہ چاند ہیں۔ آپ یہ بتائیں یہ کس سیارے کے چاند ہیں؟

جواب۔ جیوپیٹر (مشتری)

سوال 49: چاند پر غروب آفتاب کے وقت آسمان کا رنگ کیسا ہو گا؟

جواب۔ کرہ ہوائی کی عدم موجودگی کی وجہ سے دن ہو یا رات چاند پر آسمان کا رنگ کالا ہی ہو گا۔

سوال 50: ہیرے کو پگھلایا جائے تو اس کا رنگ کیا ہو گا؟

جواب۔ ہیرا ابھی چونکہ کاربن (لکڑی) ہے اس لیے اسے جلایا تو جا سکتا ہے لیکن پگھلایا نہیں جا سکتا۔

سوال 51: اکثر اوقات آپ نے گاڑیوں پہ لکھا دیکھا ہو گا "4WD" اس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

جواب۔ فور وہیل ڈرائیو (Four Wheel Drive)۔ یعنی جس گاڑی کے چاروں ٹائر انجن کی پاور سے چلتے ہیں۔

سوال 52: گوگل سے کون واقف نہیں۔ اس کے دو فاؤنڈر (بانی) ہیں۔ آپ ان کے نام بتا دیں۔

جواب۔۔ Lawrence Larry Page۔ Sergey Mikhaylovich Brin

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال53:انگلش کے ان دو حروف کو کیا کہا جاتا ہے جن کے سپیلنگ (ہجے) ایک جیسے ہوں لیکن معانی مختلف ہوں۔ جیسے Bear, Can, Bow....

جواب۔ Homonym یا Homograph

سوال54:انگلش میں ایک سو سال کو تو سنچری کہا جاتا ہے۔ایک ہزار سال کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب۔Millennium

سوال55: ہمارے جوڑوں میں خون کے جمع ہونے کو کیا کہا جاتا ہے:

جواب۔ Hemarthrosis

سوال56:یورپ یا امریکہ میں 14 یا اس سے زیادہ منازل کی عمارات بناتے وقت کونسی منزل گنتی میں شمار نہیں کی جاتی؟

جواب۔13 ویں منزل۔وجہ یہ ہے کہ مغربی عوام کی اکثریت 13 کے ہندسے سے ڈرتی ہے اور اسے منحوس خیال کیا جاتا ہے۔13 کے ہندسے سے ڈر کو Triskaidekaphobia کہا جاتا ہے۔

سوال57:پانی کی ملکہ کس پودے کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔واٹر للی کو

سوال58:

Correct any 5 Sentences!

1-Lahore is further than Karachi.

2-She is the more beautiful girl than any in the class.

3-Little Knowledge is a dangerous thing.

4-That is a five-rupees note.

7-He has dozen of pens.

6-He sold three dozens of eggs.

5-My sheeps are grazing in the field.

جواب۔

1-Lahore is farther than Karachi.

2-She is the more beautiful girl than any other in the class.

Or

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

She is the most beautiful girl in the class.

3-A Little knowledge is a dangerous thing.

4-That is a five-rupee note.

5-My sheep are grazing in the field.

6-He sold three dozen of eggs.

7-He has dozens of pens.

سوال59:اس خاندان کانام بتائیں جسے 5 نوبل پرائز ملے؟

جواب۔کیوری خاندان

1۔میری کیوری(Marie Curie)کودو۔1903 میں فزکس اور 1911 میں کمیسٹری میں

3۔اس کے خاوند پیری کیوری(Pierre Curie)کو1903 میں فزکس میں

4۔اس کی بیٹی ایرینٔ جیولیٹ کیوری(Irene Joliot Curie)کو کمیسٹری میں 1935 میں

5۔اس کے داماد فریڈرک جیولیٹ کیوری(Fredric Joliot Curie)کو1935 میں کمیسٹری میں

سوال60:انگریزی میں اگر کوئی لفظ آگے اور پیچھے سے ایک ہی طرح پڑھا جائے تو اس کے لیے کونسی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ جیسے Eye

جواب۔ایسے الفاظ کو Palindromes کہتے ہیں۔

Examples : Eye, Maham, 505, Level, Refer, Deed, Madam, Pop, Radar, 11/02/2011 , Noon, "Eva, can I stab bats in a cave?", "A Santa lived as a devil at NASA"

سوال61:

دیکھ نہ سکیں توBlindness سن نہ سکیں توDeafness

چکھنے اور سونگھنے کی صلاحیت کے کھو جانے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔چکھ نہ سکیں توAgeusia سونگھ نہ سکیں تو Anosmia

سوال62:پیدائش کے وقت ننھے منے بچے کی آنکھوں کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟

جواب۔نیلا

سوال63:نظام شمسی کے تمام سیارے اینٹی کلاک وائز گردش کرتے ہیں۔سوائے ایک سیارے کے۔بتائیں تو کونسا؟

جواب۔وینس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لیکن کچھ جگہوں پہ یوریننس بھی لکھا ہوا ہے۔

سوال64: کھانا کھانے کے بعد نیند کا احساس کیوں ہونے لگتا ہے؟
جواب۔ کھانا کھانے کے بعد سارا جسم اس کو ہضم کرنے میں لگ جاتا ہے اور یہاں تک کہ دماغ کی طرف جانے والی انرجی بھی کسی حد تک روک لی جاتی ہے اس لیے اونگ محسوس ہوتی ہے۔

سوال65: ان علوم کی تعریف کریں۔
Aerodynamics: گیسوں کی حرکت کا علم
Dactylography: فنگر پرنٹس کا علم
Lexicography: لغات (Dictionary) کے بنائے جانے کا علم
Potamology: دریاؤں کا علم
Hydropathy: پانی کے زریعے علاج کا علم

سوال66: انسانی جسم میں خوراک کہاں ہضم ہوتی ہے؟
جواب چھوٹی آنت میں

سوال67: درجہ حرارت کے بڑھنے سے کسی بھی میڈیم میں روشنی کی رفتار پہ کیا فرق پڑے گا؟
جواب۔ کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

سوال68: اللہ کی بنائی ہوئی کس مخلوق کا خون سفید ہوتا ہے؟
جواب۔ کاکروچ یالال بیگ۔ اصل میں یہ خون نہیں بلکہ لمف ہوتا ہے۔ لیکن بہر حال اسے ایک طرح سے خون کہا جاسکتا ہے۔

سوال69: سپر نووا (Supernova) اور نیبولا (Nebula) سے کیا مراد ہے؟
جواب۔ ایسا ستارہ جو پھٹے اور اس سے بہت زیادہ روشنی خارج ہو سپر نووا اور خلا میں گیسوں اور گردو غبار کے ڈھیر نیبولا کہلاتے ہیں۔

سوال70: Anemometer کس آلے کو کہتے ہیں؟
جواب۔ ہوا کی رفتار کی پیمائش کرنے والا آلہ انیمو میٹر کہلاتا ہے۔

سوال71: Which two words are opposite in meaning.

Splenetic, Feverish, Happy, Misguided, Domineering, Popular

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔Happy and Splenetic are Opposite in meaning.

سوال72: Insert the Word in the bracket which holds the meaning of the either words.

New (  ) Tale

Stake (  ) Mail

Food (  ) Confusion

Wife (  ) Husband

جواب۔

New (Novel) Tale

Stake (Post) Mail

Food (Mess) Confusion

Wife (Spouse) Husband

سوال73:انسان کا سب سے مضبوط اعصاب (Muscle) کونسا ہے؟

جواب۔زبان اور دل کا اعصاب

سوال74:دنیا کا سب سے تیز رفتار جاندار کونسا ہے؟

جواب۔شاہین (Peregrine Falcons) 200 میل فی گھنٹہ چیتا کی رفتار 70 تا 75 میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

سوال75:دنیا کے سب سے بڑے جانور کا نام بتائیں۔جو اس وقت زندہ ہے۔

جواب۔نیلی وہیل

190 میٹرک ٹن وزن، 30 میٹر لمبائی۔سبحان اللہ۔جبکہ دنیا کے سب سے بڑے ہاتھی کا وزن 2ء12 میٹرک ٹن اور لمبائی 10 میٹر ہے۔زرافہ کی زیادہ سے زیادہ لمبائی 5 سے 6 میٹر ہو سکتی ہے۔وزن 1600 کلو گرام

سوال75:

What is long-sightedness?

&

What is Short sightedness?

جواب۔

Long-sightedness:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

People with this condition (called ' hypermetropia ' by doctors) can see distant objects clearly, but they cannot see near objects as clearly.

Short sightedness:

It is also called 'myopia' by doctors. People with this condition can see objects which are near them clearly, but cannot see distant objects as clearly.

سوال76:زمین کے کرہ ہوائی یعنی ایٹموسفیئر میں ہائیڈروجن گیس کی مقدار کتنی ہے؟

جواب۔%0.00005

سوال77:

Which one of the following is a water soluble vitamin?

1. Vitamin A

2. Vitamin C

3. Vitamin D

4. Vitamin K

جواب۔

Vitamin C and B-Complex are Soluble in Water

سوال78:پاکستان کے کس ممتاز سرجن نے گردوں کی تبدیلی کا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا اور کتنے آپریشن کرکے؟

جواب۔کرنل ڈاکٹر مختار حمید شاہ۔1993 میں 118 آپریشنز کیے۔ان کے پہلے کا ریکارڈ 25 آپریشنز ایک سال میں والا ہے۔

سوال79:وہ کونسا جانور ہے جو 700 سال تک زندہ رہتا ہے لیکن پانی نہیں پیتا۔اور 40 دن بعد ایک قطرہ پیشاب کرتا ہے۔

جواب۔جانور کا نام گوہ ہے(حیات الحیوان جلد 2 صفحہ 323)

سوال80:وہ کونسا جانور ہے جس کی مادہ نہیں ہوتی؟

جواب۔خچر۔خچر گدھی اور گھوڑے کے ملاپ سے پیدا ہونے والا جانور ہے۔اسکی مادہ نہیں ہوتی اور نہ ہی بچے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

سوال81:

What is the difference between "may" and "might"?

جواب۔

May:

زیادہ یقینی چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جس کا امکان زیادہ ہو۔

If you say Einstein was a great scientist. You may be right.

Might:

کم یقینی صورتحال کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً آسمان پہ تیز دھوپ ہو اور آپ کہیں کہ آج بارش ہو گی

Then you might be right.

سوال 82: کونسے غدود یعنی گلینڈز آنسو پیدا کرتے ہیں

جواب۔ Lachrymal secrete tears.

سوال 83: کس گیس کی بو گندے انڈوں کی طرح ہوتی ہے؟

جواب۔ ہائڈروجن سلفائیڈ ($H_2S$) اسے عام طور پہ Sewer Gas بھی کہا جاتا ہے۔ انسانی اور جانوروں کے فضلے کی ڈی کمپوزیشن کے نتیجے میں بائی پروڈکٹ کے طور پہ بنتی ہے۔

سوال 84: واشنگ سوڈا کس کا عام نام ہے؟

جواب۔ سوڈیم کاربونیٹ کو واشنگ سوڈا کہا جاتا ہے۔ اس کو ہی سوڈا ایش بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کاربونک ایسڈ کا سالٹ ہے۔

سوال 85: سب سے پہلا ریڈیو ایکٹو ایلیمنٹ کونسا دریافت ہوا تھا؟

جواب۔ یورینیم

سوال 86: انسانی جلد میں غیر معمولی پیلاہٹ کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

جواب۔ Pallor

سوال 87: ریاضی کی کس شاخ میں نمبروں کو الفابیٹ سے ظاہر کیا جاتا ہے؟

جواب۔ الجبرا

سوال 88: ای سی جی کس آرگن کی بیماریوں کی تشخیص کے لیے کی جاتی ہے؟

جواب۔ ای سی جی دل کی بیماریوں کی تشخیص کے لیے کی جاتی ہے۔ اسکا مطلب الیکٹرو کارڈیو گرافی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال89: کسی مجرم کے کمپیوٹر سے ڈیلیٹ شدہ اور خراب ڈیٹا کو ریکور کرنے کی سائنس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب۔computer forensics

سوال90: "گلاس" ٹھوس ہے یا مائع؟

جواب۔اس سلسلے میں اختلافات ہیں۔اسکے مالیکیولز کی بناء پہ اسے مائع جبکہ کچھ دیگر خصوصیات کی بناء پہ ٹھوس کہا جاتا ہے۔اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ یہ ٹھوس بھی ہے اور مائع بھی۔یا یہ نہ تو صحیح معنوں میں ٹھوس ہے اور نہ ہی مائع۔

سوال91: دنیا کا رفتار کے لحاظ سے تیز رفتار جاندار کونسا ہے؟

جواب۔ سب سے تیز رفتار جاندار پیری گرین فالکن یعنی شاہین ہے جس کی رفتار کسی چیز پہ جھپٹتے ہوئے دوسو میل تک جا پہنچتی ہے۔ نیشنل جیو گرافک کے پروگرام کے مطابق اب تک اسکی زیادہ سے زیادہ رفتار جو ناپی گئی ہے وہ 242 میل فی گھنٹہ ہے۔جبکہ چیتا محض70 سے 75 میل فی گھنٹہ کی رفتار حاصل کر سکتا ہے۔

سوال92:امریکہ کے اس خلائی جہاز کا نام بتائیں جس کے زریعے قرآن کا ایک نسخہ چاند کی سطح پہ بھیجا گیا تھا؟

جواب۔اپالو15

سوال93: کس بلڈ گروپ کو یونیورسل ڈونر کہا جاتا ہے؟

جواب۔او نیگیٹو۔او نیگیٹو والے کسی بھی بلڈ گروپ والے کو خون دے سکتے ہیں۔

سوال94: دنیا کی سب سے بڑی مچھلی کونسی ہے؟

جواب۔وہیل شارک۔یہ تیرہ میٹر تک لمبی ہو سکتی ہے۔اور اسکا وزن سینتالیس ہزار پاؤنڈ تک ہو سکتا ہے۔

سوال95: کس مسلمان سائنسدان نے سب سے پہلے شمسی سال کی پیمائش کی؟

جواب۔عمر خیام

سوال 96: واحد رنگین گیس کا نام بتائیں۔رنگ بھی بتائیں۔

جواب۔کلورین۔سبزی مائل پیلا

سوال97:لافنگ گیس کس گیس کا عام نام ہے؟

جواب۔نائٹرس آکسائڈ کو لافنگ گیس کہا جاتا ہے۔این ٹو او

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال98:بتائیں چیتا تیز بھاگتا ہے یا کوسموپولیٹن سیل فش تیز تیرتی ہے؟

جواب۔ کوسموپولیٹن سیل فش

سوال99: ممالیہ جانوروں میں سب سے آہستہ کس کا دل دھڑکتا ہے؟

جواب۔ وہیل کا۔ ایک منٹ میں سات یا آٹھ مرتبہ۔

سوال100: "The First Men in the Moon" بتائیے چاند پہ انسان کے قدم رکھنے سے 68 سال پہلے یہ کتاب کس مصنف نے لکھی تھی؟

جواب۔ Herbert George "H. G." Wells نے یہ کتاب لکھی تھی۔ بعض دفعہ ویلز کو سائنس فکشن کا باپ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کتاب ایک سائنٹفک رومانس ہے۔

سوال101: انسان کے سر میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

جواب۔ انسانی سر میں بائیس ہڈیاں ہوتی ہیں۔

سوال102: برف جمانے کے لیے کونسی گیس استعمال کی جاتی ہے؟

جواب۔ برف جمانے کے لیے امونیا گیس استعمال کی جاتی ہے۔

سوال103: ہاتھوں میں زیادہ ہڈیاں ہوتی ہیں یا پیروں میں؟

جواب۔ ہاتھوں میں زیادہ ہڈیاں ہوتی ہیں۔ ہاتھوں میں ستائیس ستائیس اور پاؤں میں چھبیس چھبیس

سوال104: گلہری کے انڈوں سے کتنے دنوں بعد بچے نکلتے ہیں؟

جواب۔ گلہری انڈے نہیں بچے دیتی ہے۔

سوال105: دنیا میں سب سے زیادہ اون کس ملک میں پیدا ہوتی ہے؟

جواب۔ آسٹریلیا

سوال106: کونسے سمندر میں کوئی مچھلی نہیں پائی جاتی؟

جواب۔ بحر مردار۔ اس میں نمک کی زیادتی اتنی ہے کہ کسی ذی روح کا زندہ رہنا ممکن نہیں،

سوال107: دنیا میں سب سے زیادہ تربوز کہاں پیدا ہوتے ہیں؟

جواب۔ چین میں سب سے زیادہ پیدا ہوتے ہیں۔ اسکے بعد ترتیب سے ترکی، ایران، برازیل اور امریکہ میں بالترتیب

سوال108: دنیا میں سب سے زیادہ لمبی چھلانگ لگانے والے جانور کا نام بتائیں۔
جواب۔ کینگرو۔ یہ نو میٹر تک لمبی چھلانگ لگا سکتے ہیں۔

سوال109: کس ملک کی مرغیاں نیلے رنگ کے انڈے دیتی ہیں؟
جواب۔ چلی میں مرغیوں کی ایک قسم ہے جسے آراکانہ Araucana کہا جاتا ہے یہ قسم نیلے یا سبز انڈے دیتی ہے۔

سوال110: عجائبات عالم میں ایک ڈائنا کا مندر بھی ہے بتایئے یہ کس ملک میں تھا؟
جواب۔ ترکی میں۔ اب تو عجائبات عالم میں سے صرف احرام مصر ہی بچے ہیں باقی مٹ چکے ہیں۔

سوال111: پیسا کا جھکا ہوا مینار کس ملک میں ہے؟
جواب۔ اٹلی

سوال112: دنیا میں سب سے زیادہ قدرتی ربڑ کہاں پیدا ہوتا ہے؟
جواب۔ تھائی لینڈ میں۔

سوال113: لیکٹو میٹر کس آلے کو کہا جاتا ہے؟
جواب۔ دودھ کی کثافت اور خالص ہونے کو ماپتا ہے۔ اگرچہ یہ کوئی اچھا آلہ نہیں ہے اس مقصد کے کے لیے۔

سوال114: لاش کو حنوط یعنی ممیفائی کرنے کے لیے کونسا کیمیکل استعمال کیا جاتا ہے؟
جواب۔ نیٹرون کیمیکل۔ یہ پانی کو چوس لیتا ہے اور لاش کو خشک کر دیتا ہے جس سے خراب ہونے کا عمل آہستہ ہو جاتا ہے۔ جب اس سے نمی عمل کرتی ہے تو یہ اساسیت یعنی زیادہ پی ایچ بناتا ہے جس سے بیکٹیریا دور رہتے ہیں۔

سوال115: بتائیں عورت کی آواز کی فریکوئنسی زیادہ ہوتی ہے یا مرد کی؟
جواب۔ عورت کی آواز کی فریکوئنسی مرد سے زیادہ ہوتی ہے۔ مرد کی آواز کی فریکوئنسی پچاسی سے ایک سو پچپن تک جبکہ عورت کی آواز کی فریکوئنسی ایک سو پینسٹھ سے دو سو پچپن تک ہوتی ہے۔ مطلب مرد کی آواز کی فریکوئنسی وہاں تک پہنچتی ہی نہیں جہاں سے عورت کی آواز کی فریکوئنسی شروع ہوتی ہے۔

سوال116: بجلی کا الیکٹریسٹی کس نے رکھا تھا؟

جواب۔ بجلی کا نام الیکٹریسٹی ولیم گلبرٹ نے رکھا تھا۔

سوال117: بتائیے تھرمامیٹر کس نے ایجاد کیا تھا؟

جواب۔ سب سے پہلا تھرمامیٹر گلیلیو نے ایجاد کیا تھا۔

سوال118: کونسے وٹامن کی کمی کی وجہ سے ہونٹ سرخ ہو کے پھٹ جاتے ہیں منہ اور زبان کی جلد پھول جاتی ہے؟

جواب۔ وٹامن بی ٹو کی وجہ سے

سوال119: سورج کی روشنی میں کونسا وٹامن ہوتا ہے؟

جواب۔ سورج کی روشنی میں کوئی وٹامن نہیں ہوتا۔ بلکہ ہماری سکن کے نیچے ان ایکٹو وٹامن ڈی موجود ہوتا ہے جو سورج کی روشنی پڑنے کے باعث ایکٹو ہو جاتا ہے۔ اسی لیے اسے سن شائن وٹامن بھی کہا جاتا ہے۔

سوال120: گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق دنیا میں سب سے زیادہ کنفرمڈ آئی کیو لیول کس بندے کا ہے؟ اور کتنا ہے؟

جواب۔ سب سے زیادہ آئی کیو لیول گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق امریکی خاتون Marilyn vos Savant کا ہے جس کا آئی کیو لیول 228 ہے۔

سوال121: دنیا میں سب سے زیادہ بجلی کس زریعہ سے بنائی جاتی ہے؟

جواب۔ دنیا میں سب سے زیادہ بجلی کوئلے سے بنائی جاتی ہے۔ 41 فیصد کوئلے سے 21 فیصد گیس سے اور 5 فیصد تیل سے۔ 13 فیصد نیوکلیئر اور 16 فیصد پانی

سوال122: سب سے پہلے ڈاک ٹکٹیں کس ملک میں بنائی گئیں؟

جواب۔ 1 مئی 1840 کو سب سے پہلے انگلینڈ میں ڈاک ٹکٹیں بنائی گئیں۔

سوال123: لڈو کے دانوں پہ موجود نشانات کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب۔ لڈو کے دانوں پہ موجود نشانات کو Pips کہا جاتا ہے۔

سوال124: جیسے انسانوں کی شناخت فنگر پرنٹس سے ہوتی ہے کتوں کی شناخت کیسے ہوتی ہے؟

جواب۔ ناک کے پرنٹس سے۔ لنک

سوال125: دنیا کے کس ملک میں چوکور تربوز پیدا کیے جاتے ہیں؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ جاپان میں۔ چوکور تربوز پیکنگ میں آسان رہتے ہیں۔

سوال126: شیاٹیکا کا درد تو آپ نے سنا ہی ہوگا بتایئے یہ کس وجہ سے ہوتا ہے؟
جواب۔ شیاٹیکا کا درد "شیاٹک نرو" کے متاثر ہونے سے ہوتا ہے یہ نرو ہماری ریڑھ کی ہڈی میں ہوتی ہے اور نیچے جا کے تقسیم ہوتی ہے اور ہماری دونوں ٹانگوں میں جاتی ہے اور ان کو حرکت کرواتی ہے۔ جب ہم جھک کے کوئی وزنی چیز اٹھاتے ہیں تو سپائنل کارڈ یا حرام مغز ٹیڑھا ہوتا ہے جس کی وجہ سے شیاٹک نرو پہ دباؤ پڑتا ہے جس سے یہ درد ہوتا ہے بعض صورتوں میں ایک آدھا ریڑھ کی ہڈی کا مہرہ باہر نکل جاتا ہے تو شیاٹک نرو ٹوٹ جاتی ہے کیونکہ شیاٹک نرو ریڑھ کی ہڈی کے بالکل ساتھ ہی چمٹی ہوتی ہے۔ جس سے دونوں ٹانگوں کی حرکت بالکل بھی ختم ہو سکتی ہے شیاٹک نرو دونوں ٹانگوں میں جاتی ہے غلط طریقے سے کولہے میں لگا انجکشن بھی شیاٹک نرو کو متاثر کر سکتا ہے علاج صرف آرام ہے اور زیادہ خراب صورتحال میں سرجری

سوال127: کونسی مچھلی بجلی پیدا کرتی ہے؟
جواب۔ ویسے تو بہت سے مچھلیاں بجلی پیدا کرتی ہیں لیکن سب سے زیادہ الیکٹرک ایل پیدا کرتی ہے۔ 600 وولٹ سے زیادہ

سوال128: دنیا میں سب سے زیادہ کونسا جانور سوتا ہے؟
جواب۔ دنیا میں سب سے زیادہ کوالاز سوتے ہیں۔ تقریباً 20 سے 22 گھنٹے۔

سوال129: کیا پیدائشی یا بعد میں نابینا ہونے والے لوگوں کو خواب میں تصویریں دکھائی دیتی ہیں؟
جواب۔ پیدائشی نابینا لوگوں کو خواب میں تصویریں دکھائی نہیں دیتی لیکن وہ خواب کو محسوس کر سکتے ہیں یعنی انہیں خواب کی فیلنگز آتی ہیں۔ جبکہ بعد میں نابینا ہونے والے والے خواب میں تصویریں دیکھ سکتے ہیں۔

سوال130: دنیا میں سب سے زیادہ اوسط عمر کس ملک کے باشندوں کی ہے؟
جواب۔ مناکو کے باشندوں کی اوسط عمر سب سے زیادہ ہے 86 سال کے قریب۔ خواتین کی 90 سال اور مردوں کی 83 سال۔ پاکستان اس لسٹ میں 145 نمبر پہ ہے۔ اوورآل 67 سال۔ عورتوں کی اوسط عمر 68 سال اور مردوں کی 66 سال۔

سوال131: پاکستان کے کس سائنسدان نے انسانی دماغ کو سلیکون چپ کے ساتھ جوڑنے کا تجربہ کیا تھا؟
جواب۔ ڈاکٹر نوید سید نے۔ ایک پاکستانی نژاد کینیڈین سائنسدان ہیں جو کینیڈا کی ایک برین انسٹیٹیوٹ یونیورسٹی میں سیل بائیولوجی ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ ہیں۔ انہوں نے 2014 میں انسانی دماغ کو سلیکون چپ جے ساتھ جوڑنے کا تجربہ کیا تھا۔ ایسا کرنے والے وہ دنیا کے پہلے سائنسدان ہیں۔ ان کے مطابق بیس سے تیس سال کے اندر فلموں میں دکھائے جانے والے مشینی آدمی بنانے کا خواب سچ کیا جا سکے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال132: دنیا کا پہلا وائرس لاہور میں رہنے والے دو پاکستانی بھائیوں نے بنایا تھا تا کہ ان کا سافٹ ویئر چوری سے بچ سکے۔ بتائیں ان کے نام کیا تھے؟

جواب۔ ان کے نام امجد فاروق علوی اور باسط فاروق علوی تھے۔

سوال133: ملک کی تمام مصنوعات اور پیداوار اگر ملک کے اندر ہی فروخت کر دی جائے اور اشیاء کی قیمت کم ہو گی یا زیادہ ہو گی؟

جواب۔ کم ہو گی۔

سوال134: انگلش میں ایک اصطلاح استعمال کی جاتی ہے Achilles’ Heel اور اس کا مطلب ہوتا ہے کوئی بنیادی کمزوری۔ بتائیں اسکی کہانی کیا ہے ایسا کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب۔ پرانی یونانی حکایات کے مطابق ایکلیز یا آخیل ایک یونانی جنگ جو تھا جو ایک انسان اور ایک دیوی کا بیٹا تھا۔ جب یہ پیدا ہوا تو اسکی دیوی ماں نے اسے پاؤں سے پکڑ کے سٹیکس دریا میں غوطہ دیا تھا( یہ دریا ایک طرف موت کی وادی سے جڑتا تھا اور دوسرے طرف زندگی سے ) جس سے کہ یہ ناقابل تسخیر اور لافانی طاقتوں کا ملک بن گیا تھا۔ لیکن چونکہ پاؤں سے پکڑ کے غوطہ دیا تھا تو ایڑی اور پاؤں نہیں ڈوب پایا تھا۔ بعد میں ایکلیز ایڑی پہ ہی تیر لگنے کی وجہ سے جاں بحق ہوا تھا۔ اسی لیے یہ کہاوت بولی جاتی ہے کہ باقی تو ناقابل تسخیر ہے لیکن ایک چھوٹی سی کمزوری جان لیوا بن گئی۔ اس پوری کہانی کو Troy نامی انگلش فلم میں دکھایا گیا ہے۔

سوال135: ایک نارمل جوان شخص میں سانس لینے کی نارمل رفتار کیا ہوتی ہے؟

جواب۔ نارمل سانس لینے کی رفتار فی منٹ 12 سے 20 مرتبہ تک ہوتی ہے۔

سوال136: وہ کونسا مینڈک ہے جس کے جسم کے باہر سے ہی اس کا دل جگر شریانیں اور نتڑیاں دیکھی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ اس مینڈک کو گلاس فراگ کہا جاتا ہے۔

سوال137: جھینگر کے بولنے کو Chirping کہا جاتا ہے۔ سائنسدانوں کے نزدیک جھینگر مختلف حالات میں چار مختلف گانے گاتا ہے۔ بتایئے کونسے؟

جواب۔ 1۔ مادہ جھینگر کو بلانے کے لیے، 2۔ مادہ جھینگر کے ساتھ میٹنگ Mating کے لیے۔ 3۔ میٹنگ کے بعد خوشی کا گانا اور 4۔ کسی نر جھینگر کے پاس ہونے پہ غصے کا گانا۔

سوال138: کونسا کیڑا اپنی اگلی ٹانگوں کی مدد سے سنتا ہے؟ کس کیڑے کے کان سامنے والی ٹانگوں میں ہوتے ہیں؟

جواب۔ جھینگر کے کان ہی سامنے والی ٹانگوں میں ہوتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال139: چپس کے پیکٹس میں 70 فیصد ہوا اور 30 فیصد چپس ہوتے ہیں بتائیے یہ ہوا کونسی گیس ہوتی ہے اور اسے کیوں بھرا جاتا ہے؟
جواب۔ یہ ہوا نائٹروجن گیس ہوتی ہے اور اسے چپس کو خستہ رکھنے کے لیے بھرا جاتا ہے تا کہ چپس ٹوٹیں نہیں اور نم نہ ہوں۔ اور کرارے رہیں۔

سوال140: ایکو آواز کی گونج کو کہتے ہیں۔ بتائیں آواز کم از کم کتنے فاصے سے لوٹ کے آئے تو اسے ایکو کہا جاتا ہے؟
جواب۔ سترہ اعشاریہ دو میٹر۔ اس سے کم فاصلے سے بھی آواز ٹکرا کے واپس آئے تو ایکو تو پیدا ہوتی ہے لیکن انسانی کان اصل آواز اور ایکو میں فرق نہیں کرسکتے اتنی تیزی سے وہ لوٹ کے واپس آتی ہے۔ دراصل ایکو اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ایکو اور اصل آواز میں فرق ایک سیکنڈ کے دسویں حصے کا ہو اور وہ اسی وقت پیدا ہو سکتا ہے جب ٹکرانے والی چیز کم از کم سترہ میٹر دور ہو۔ سترہ اعشاریہ دو میٹر دور

سوال141: انسان بغیر کسی حفاظت کے خلا میں جائے تو کتنے منٹ زندہ رہ سکتا ہے؟
جواب۔ زیادہ سے زیادہ دو منٹ اس کے بعد انسان پریشر کی وجہ سے پھٹ جائے گا۔

سوال142: زمین اپنے مدار کے گرد چکر لگانے میں کتنا وقت لگاتی ہے؟
جواب۔ 23 گھنٹے 56 منٹ 4 سیکنڈ۔ اسکی کمی پھر لیپ سال میں پوری کی جاتی ہے۔

سوال143: خواتین دنیا میں سب سے زیادہ کس چیز سے ڈرتی ہیں اور مرد سب سے زیادہ کس چیز سے ڈرتے ہیں؟
جواب۔ خواتین سب سے زیادہ سانپ سے ڈرتی ہیں اور مرد سب سے زیادہ زندہ دفن کیے جانے سے ڈرتے ہیں۔

سوال144: 2009 کے یاداشت کے اس چیمپئن کا نام بتائیں جو تاش کے پتوں کی ترتیب 25 سیکنڈ میں یاد کر لیتا تھا؟
جواب۔ Ben Pridemore 2004، 2008 اور 2014 کے میموری چیمپئن رہے تھے۔ انہوں نے ٹی وی پہ تاش کے باون پتوں کو 25 سیکنڈ سے بھی کم وقت میں یاد کر کے ریکارڈ بنایا تھا اس ریکارڈ کو بعد میں توڑ دیا گیا۔

سوال145: انسانی آنکھ کتنے فاصلے تک دیکھنے کی صلاحیت رکھتی ہے؟
جواب۔ ویسے تو ہم چاند سورج ستارے بھی دیکھ سکتے ہیں لیکن اگر اصل میں بات کی جائے تو انسانی آنکھ صاف موسم میں تیس میل دور جلتی ایک موم بتی کو دیکھ سکتی ہے اگر زمین پلین ہو تب۔ ورنہ تو زمین پانچ کلو میٹر بعد ہی جھکنا شروع ہو جاتی ہے اور اس کے بعد نظر نہیں آتی۔

سوال146: انسان زیادہ سے زیادہ کتنی رفتار سے دوڑ سکتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

جواب۔اب تک سب سے تیز ترین انسان کا ریکارڈ جمیکا کے سپر نٹر یوسین بولٹ کے پاس ہے جس کی رفتار تقریباً 45 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔

سوال147: کیا چمگادڑ اندھی ہوتی ہے؟
جواب۔چمگادڑ اندھی نہیں ہوتی ہیں ان کی تقریباً گیارہ سو اقسام ہیں جن میں سے ایک بھی اندھی نہیں ہوتی ہے

بحوالہ:

LINK 1

LINK 2

LINK 3

LINK 4

سوال148: کیا خلا سے دیوار چین نظر آتی ہے؟
جواب۔دیوار چین نہ تو چاند سے نظر آتی ہے نہ ہی خلا سے
بحوالہ :

LINK 1

LINK 2

LINK 3

LINK 4

LINK 5

سوال149: Haematophobia کس چیز سے ڈرنے کو کہتے ہیں؟
جواب۔خون سے ڈر کو ہیمیٹو فوبیا کہا جاتا ہے۔

سوال150: Peccatophobia کس چیز سے ڈرنے کو کہتے ہیں؟
جواب۔گناہ کرنے سے ڈر لگنے کو کہتے ہیں۔

سوال151: تمام قسم کی آگ کو پانی نہیں بجھا سکتا۔ایک ایسی چیز بھی ہے جو جلتی ہی پانی میں ہے۔بتائیں کونسی؟

جواب۔ ایک چیز کی بات کی جائے تو وہ سوڈیم دھات ہے جو پانی میں جلتی ہے یا ایگزو تھرمک ریکشن دیتی ہے لیکن اس کے علاوہ بھی کچھ چیزیں ہیں جیسے زنک پاوڈر، امونیم نائٹریٹ اور امونیم کلورائیڈ کو جب مکس کیا جائے اور پھر پانی کے ساتھ ریکشن کیا جائے تب بھی آگ نکلتی ہے اس کے علاوہ چونے کے ساتھ بھی حرارتی عمل ہوتا ہے

سوال 152: زمین کے اندر سب سے زیادہ کونسی دھات یا کونسا ایلیمنٹ پایا جاتا ہے؟

جواب۔ زمین کا ماس تقریبا چھ ضرب دس کی طاقت چوبیس کلو گرام ہے. جس میں سے بتیس فیصد لوہا ہے اور تیس فیصد آکسیجن۔ پندرہ فیصد سلیکون۔

سوال 153: گوگل کا موٹو کیا ہے؟

جواب۔ گوگل کا موٹو "Don't be Evil" ہے۔

سوال 154: ایپل کارپوریشن نے جب اپنے ملازمین کو نمبر دینے شروع کیے تو سٹیو جابز نے اپنے لیے کونسا نمبر چنا تھا؟

جواب۔ سٹیو جابز بہت ہی ضدی انسان تھا جب یہ بیمار تھا تو اسے گیس ماسک پہنایا گیا جو اس نے پہننے سے انکار کر دیا اور کہا یہ رنگ مجھے پسند نہیں مجھے کسی اور کلر کا گیس ماسک پہناؤ

اسی طرح جب ایپل کے ملازمین کی نمبرنگ کی گئی تو سکاٹ نے سٹیو وزنک کو تو نمبر ون دیا اور سٹیو جابز کو نمبر ٹو دیا. جابز کسی کا بھی نمبر ٹو نہیں رہنا چاہتا تھا. جابز نے کہا مجھے نمبر ون دو کیونکہ جے ڈبلیو سے پہلے آتا ہے الفابیٹیکلی. لیکن سکاٹ نے انکار کر دیا تو جابز نے کہا پھر زیرو ابھی تک کسی کو نہیں دیا گیا مجھے زیرو دے دو. اور اس نے اپنے لیے زیرو چن لیا

بحوالہ

CLICK-HERE

اور

CLICK-HERE

سوال 155: خون کا رنگ سرخ کیوں ہوتا ہے؟

جواب۔ خون کا رنگ خون کے سرخ خلیوں یعنی ریڈ بلڈ سیلز کی وجہ سے ہوتا ہے ریڈ بلڈ سیلز میں ایک پروٹین ہوتی ہے جسے ہیموگلوبن کہا جاتا ہے اس پروٹین کا مرکزی حصہ آئرن کے مالیکیول کا بنا ہوتا ہے جب آکسیجن اس آئرن کے حصے کے ساتھ کیمیائی طور پہ جڑتی ہے تو اس کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے جیسے لوہے کو نمی لگنے کی وجہ سے زنگ لگتا ہے بالکل ویسے ہی. ویسے ایک طرح سے آپ کہہ سکتے ہو کہ آپکا خون زنگ آلود ہوتا ہے

سوال 156: رومن حروف میں 2015 کو کیسے لکھیں گے؟

جواب۔ دو ہزار پندرہ کو رومن حروف میں MMXV لکھا جاتا ہے.

www.KitaboSunnat.com

سوال157:جہاز میں موجود بلیک باکس کس رنگ کا ہوتا ہے؟

جواب۔ بلیک باکس برائٹ اورنج رنگ کا ہوتا ہے تاکہ کسی بھی حادثے کی صورت میں یہ آسانی سے نظر آسکے اور اسے آسانی سے ڈھونڈا جاسکے۔ تھیوریٹیکلی یہ تباہ نہیں ہوسکتے اور سٹین لیس سٹیل اور ٹائٹینیم کے بنے ہوتے ہیں
اس کے دو حصے ہوتے ہیں ایک میں پائلٹس کی آواز اور دوسرے میں جہاز کی موجودہ صورتحال کی رپورٹ ہوتی ہے کہ جہاز کا پریشر کیا تھا بلندی کیا تھی وغیرہ وغیر۔ اسے بلیک باکس ہی کیوں کہا جاتا ہے اس بارے میں کافی حکایتیں جو زیادہ تر حکایت ہی لگتی ہیں۔ ویسے ٹیکنیکل لوگ اسے الیکٹرانک ڈیٹاریکارڈر کہتے ہیں بلیک باکس نہیں۔

سوال158:جوڈو، جوجسٹو، کراٹے، کنگ فو اور تائی کون ڈو میں بنیادی فرق کیا ہے اور یہ کس ملک سے تعلق رکھتے ہیں؟

جواب۔

Karate:

Karate is a Japanese martial art that originated in Okinawa. The word karate means "empty hand" and refers to its weaponless method of defense. Hands and feet are the only weapons allowed in karate. Students progress through various levels, each denoted by a specific color of belt. There are 10 levels of black belts.

Kung Fu:

Technically, Kung Fu is a general term used to classify the Chinese martial arts. Kung fu is composed of hard, or external, martial arts, as well as soft, or internal, martial arts. Hard martial arts emphasize defense and external movements, whereas internal martial arts focus on training the mind and character.

Taekwondo:

Taekwondo originated in Korea. The words "tae," "kwon" and "do" mean "foot," "fist" and "discipline." One distinguishing characteristic of taekwondo is its emphasis on foot movements like kicks,

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

Judo:

Judo (meaning "gentle way") is a modern martial created in Japan. Its most prominent feature is its competitive element, where the objective is to either throw or takedown an opponent to the ground. Strikes and thrusts by hands and feet as well as weapons defenses are a part of judo.

Jujutsu:

Jujutsu is a Japanese martial art and a method of close combat for defeating an armed and armored opponent in which one uses no weapon or only a short weapon.

سوال159:یوٹیوب پہ ہر دن میں کتنے منٹ کی ویڈیوز اپلوڈ کی جاتی ہیں؟

جواب۔ یوٹیوب پہ ہر منٹ چار سو گھنٹے کی ویڈیوز اپلوڈ کی جاتی ہیں۔تو روزانہ کے لحاظ سے یہ شرح پانچ لاکھ چھہتر ہزار گھنٹے کی ویڈیوز اپلوڈ کی جاتی ہیں

بحوالہ

http://m.imdb.com/news/ni58835136/

سوال160: آپکو پتا ہی ہو گا کہ گوگول Googol کو لکھنے کے لیے ایک لکھ کے آگے سو صفر لکھنے پڑتے ہیں بتائیں گوگول پلیکس Googolplex لکھنے کے لیے کتنی کتابوں کی ضرورت ہو گی؟

جواب۔ گوگول پلیکس کو لکھنے کے لیے $10^{94}$ کتابیں چاہیے ہوں گی. دس کی پاور چورانوے کتابیں

بحوالہ

https://en.m.wikipedia.org/wiki/Googolplex

سوال161:ایک نوری سال میں کتنے کلو میٹر ہوتے ہیں؟

جواب۔ ایک نوری سال میں تقریبا چورانوے کھرب کلو میٹر ہوتے ہیں یعنی تقریبا نو ٹریلین کلو میٹر یا چھ ٹریلین میل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال162: انسانی دماغ کا سب سے بڑا حصہ کونسا ہوتا ہے؟

جواب۔ Cerebrum دماغ کا سب سے بڑا حصہ ہوتا ہے۔

سوال163: کس آئن کی عدم موجودگی میں خون نہیں جم پاتا؟

جواب۔ کیلشیئم خون کے جمنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے کیسے کرتا ہے وہ لمبی کہانی ہے۔ کسی کو شوق ہو تو یہاں سے پڑھ سکتے ہیں http://www.livestrong.com/article/144138-calcium-blood-clotting/

اس کے علاوہ وٹامن کے بھی اہم کردار ادا کرتا ہے

سوال164: بتائیں یہ ہڈیاں کہاں پائی جاتی ہیں؟ Radius, Femur, Tarsals, Humerus

جواب۔ کہنی سے ہتھیلی کی جانب آنے والی دو لمبی ہڈیوں میں سے ایک کو Radius کہتے ہیں- یہ وہ ہڈی ہوتی ہے جو کہنی کے ایک سائڈ سے آ کر کلائی کے پاس انگوٹھے کی جانب جڑتی ہے -

-2 گھٹنے سے اوپر کو لہے تک جانے والی ران کی ہڈی کو Femur کہتے ہیں-

-3 پاؤں کے نچلے حصے میں ہڈیوں کے ایک مجموعے کو Tarsals کہتے ہیں جو پاؤں میں ٹخنے کی ہڈی کے پاس ہوتے ہیں-

-4 کہنی کو کندھے سے ملانے والی ہڈی کو Humerus کہتے ہیں۔

سوال165: ہر روز زمین پہ کتنی بار آسمانی بجلی گرتی ہے؟

جواب۔ ہر روز تقریباً اسی لاکھ دفعہ آسمانی بجلی گرتی ہے

سوال166: دو جانور ایسے ہیں جو بغیر سر کو موڑے اپنے پیچھے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ بتائیں کون سے؟

جواب۔ طوطا اور خرگوش

سوال167: کونسا سیارہ صرف گیس ہے ٹھوس نہیں ہے اسکی کمیت یعنی ڈینسٹی ایسی ہے کہ اگر اسے پانی میں کسی طرح رکھ دیا جائے تو وہ تیرنے لگے گا؟

جواب۔ ویسے تو جیوپیٹر، سیٹرن، یورینس اور نیپچون چاروں ہی گیس سے بنے ہوئے ہیں اور ان کو گیس جائنٹس کہا جاتا ہے۔ لیکن سیٹرن کی کمیت یعنی ڈینسٹی اتنی ہے کہ یہ پانی میں تیرنے لگے گا اسکی ڈینسٹی زیرو اعشاریہ چھ ہے یعنی پانی سے بھی آدھی۔

سوال168: زائیگومیٹک مسل یعنی اعصاب کس کام آتے ہیں؟

جواب۔ Zygomatic Muscle ہماری گال میں یعنی ہمارے رخسار میں ہوتے ہیں اور مسکرانے میں مدد کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال169: ہمارے جسم کا کونسا حصہ انسولین پیدا کرتا ہے؟
جواب۔ پینکریاز Pancrease

سوال170: مشہور و معروف سائنسدان البرٹ آئن سٹائن کے آخری الفاظ کیا تھے؟
جواب۔ آئن سٹائن نے مرتے وقت کیا کہا تھا کسی کو نہیں پتا. مرتے وقت اس نے جرمن میں کچھ کہا تھا لیکن اس وقت ڈیوٹی پہ موجود نرس انگلش تھی جو جرمن نہ جانتی تھی اس لیے وہ نہیں سمجھ پائی کہ اس صدی کے عظیم سائنسدان نے مرتے وقت آخری بار کیا کہا تھا۔

سوال171: کیمیکل انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں تبدیل کرنے والی ڈیوائس کا نام کیا ہے؟
جواب۔ کیمیکل انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں تبدیل کرنے والی مشین ڈرائی سیل یا بیٹری ہے اس میں موجود جو کیمیکل ہوتا ہے وہ کرنٹ پیدا کرتا ہے. جنریٹر مکینیکل انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں تبدیل کرتا ہے. اور موٹر الیکٹریکل انرجی کو مکینیکل انرجی میں تبدیل کرتی ہے

سوال172: کانسی کا تمغہ تو آپ نے سنا ہی ہو گا۔ بتائیں کانسی کی دھات میں کون کون سی دو دھاتیں ہوتی ہیں؟
جواب۔ کانسی کی دھات کاپر اور ٹن سے ملا کر بنائی جاتی ہے

سوال173: شارک کے جسم میں ٹوٹل کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟
جواب۔ شارک کے جسم میں کوئی ہڈی نہیں ہوتی. بلکہ ان کے جسم کا ڈھانچہ Cartilage سے بنا ہوتا ہے جسے ہم عام زبان میں نرم ہڈی کہتے ہیں بالکل وہی جس سے ہمارا کان باہر سے بنا ہوتا ہے یہ ارتقا کی ابتدائی شکل تھی۔

سوال174: بکرے کے گوشت کو Mutton گائے کے گوشت کو Beef کہا جاتا ہے۔ بتائیں ہرن کے گوشت کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب۔ ہرن کے گوشت کو Venison کہتے ہیں

سوال175: آج کل نظام شمسی میں کتنے سیارے ہیں؟
جواب۔ فی الحال نظام شمسی میں 8 سیارے ہیں۔ سورج سے فاصلے کے اعتبار سے سیاروں کی ترتیب یہ ہے:
عطارد یعنی مرکری
زہرہ یعنی وینس
زمین یعنی ارتھ
مریخ یعنی مارس
مشتری یعنی جیوپیٹر
زحل یعنی سیٹرن
یورینس یعنی یورینس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



MQC

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# پاکستان اور تاریخ پاکستان

سوال 1: پاکستان کی یہ قومی چیزیں کون کون سی ہیں۔

National Animal: Markhor

National Bird: Chukar Partridge

National Aquatic Marine Animal: Indus River Dolphin

National Heritage Animal: Snow Leopard

National Symbolic Icon: Shaheen Falcon

National Reptile: Mugger Crocodile

National Fish: Mahseer

National Amphibian: Indus River Toad

MQC

سوال 2: نظام سقہ کون تھا؟ وجہ شہرت کیا تھی؟

جواب۔ نظام سقہ ایک پانی بھرنے والا تھا جس نے پانی بھرنے کے دوران ڈوبتے ہوئے ہمایوں بادشاہ کی جان بچائی تھی جس کے جواب میں ہمایوں نے اس کی ایک خواہش پوری کرنے کا کہا تھا۔ جس کے بعد اس نے ہمایوں سے ایک دن کی یا نصف دن کی بادشاہت مانگی تھی۔ اس ایک دن میں اس نے حکم دیا کہ پورے ملک میں چمڑے سے بنے سکے لاگو کیے جائیں اسکی برادری نے اپنے مشکیزے کاٹ کاٹ کے سکے بنا لیے اور اپنی ضروریات کی تمام چیزیں خرید لیں۔

سوال 3: ممتاز محل جس کے لیے شاہجہاں نے تاج محل تعمیر کروایا تھا اپنے کونسے بچے کی پیدائش کے دوران فوت ہوئی تھی؟

جواب۔ ممتاز محل اپنے چودھویں بچے گوہرہ بیگم کی پیدائش کے دوران فوت ہوئی تھی۔ وہ شاہجہاں کی تیسری بیوی اور ایک ایرانی شہزادی تھی۔ ممتاز محل برہان پور میں فوت ہوئی اور اسے وہیں پہ دریائے تپتی کے کنارے دفن کر دیا گیا۔ بعد میں اسے قبر سے نکالا گیا اور آگرہ لایا گیا اور دریائے جمنا کے کنارے دفن کیا گیا اور بعد میں تاج محل بنایا گیا۔

سوال 4: کبھی آپ نے غور کیا پاکستانی ایک روپے کے سکے کے ایک طرف تو جناح کی تصویر ہے لیکن دوسری طرف کیا ہے؟

جواب۔ دوسری طرف سید عثمان مروندی کے مزار کی تصویر ہے۔ جن کا مشہور نام لال شہباز قلندر ہے۔

سوال 5: برصغیر کی کس ریاست پہ 100 سال سے زیادہ عرصہ تک عورتوں نے حکمرانی کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ بھوپال پہ۔1819 سے 1926 تک 4 عورتوں نے حکمرانی کی۔ 1۔ قدسیہ بیگم 2۔ سکندر بیگم 3۔شاہ جہاں بیگم 4۔ سلطان جہاں بیگم

سوال 6:اسلامی تاریخ کی پہلی ملکہ کا نام بتائیں۔ وہ ایک سلطان کی بیٹی بھی تھیں۔

جواب۔ رضیہ الدین۔ المعروف رضیہ سلطانہ۔1236 سے 1240 تک حکمرانی کی۔ سلطان شمس الدین التمش کی بیٹی تھیں۔

سوال 7: محمد بن قاسم نے سندھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی حکومت کے دور میں فتح کیا تھا؟

جواب۔ امیہ خاندان کی حکومت میں۔

سوال 8: برصغیر کے کس بادشاہ نے اپنی ریاست کا نام سلطنت خداداد رکھا تھا؟

جواب۔ سلطان حیدر علی اور ٹیپو سلطان (سلطان فتح علی)

سوال 9: ابن بطوطہ کس بادشاہ کے دور میں برصغیر آیا تھا؟

جواب۔ محمد بن تغلق کے دور میں۔ اُس وقت محمد بن تغلق اسلامی دنیا کا امیر ترین شخص مانا جاتا تھا۔ شہزادہ فاخر ملک اور جونا خان بھی محمد بن تغلق کے ہی القاب ہیں۔ غیاث الدین تغلق کا بڑا بیٹا تھا۔

سوال 10: قائد اعظم کس شخصیت کو شو بوائے آف کانگریس کہتے تھے؟

جواب۔ مولانا ابو الکلام آزاد کو

سوال 11: کرپس مشن کب ہندوستان آیا تھا؟

جواب۔ مارچ 1942 میں سر سٹیفورڈ کرپس کی قیادت میں جنگ عظیم کے دوران ہندوستانی راہنماؤں کی حمایت اور مدد حاصل کرنے کے لیے یہ مشن ہندوستان بھیجا گیا۔

سوال 12: کانگریسی راہنماؤں میں سے کس لیڈر نے سب سے پہلے قرارداد پاکستان کی حمایت اور تائید کی تھی؟

جواب۔ راج گوپال اچاریہ

سوال 13: مسلم لیگ کا نام کس نے تجویز کیا تھا؟

جواب۔ سر محمد شفیع نے۔ مسلم لیگ پنجاب کے بانی بھی یہی تھے۔

سوال 14: پاکستان کا کونسا شہر دنیا میں سب سے زیادہ چوڑیاں پیدا کرتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔حیدر آباد

سوال15:انیس سو پینسٹھ کی جنگ میں کس پاکستانی کو نشان حیدر ملا تھا؟

جواب۔1965 کی پاک بھارت جنگ میں میجر راجہ عزیز بھٹی کو نشان حیدر کے اعزاز سے نوازا گیا تھا۔

سوال16:پاکستان کے کس شہر کو پاکستان بننے سے پہلے انڈیا کا پیرس کہا جاتا تھا؟

جواب۔حیدر آباد

سوال17:بتایئے مغل بادشاہ ظہیر الدین محمد بابر اور بہادر شاہ ظفر کے مزار کہاں ہیں؟

جواب۔ بہادر شاہ ظفر کا رنگون، برما میں اور بابر کا کابل میں۔

سوال18:لٹل ڈریگن کسے کہا جاتا ہے؟وجہ شہرت کیا ہے؟

جواب۔لٹل ڈریگن سکواڈرن لیڈر اور کمانڈر گیارہ نمبر سکوارڈن ایم ایم عالم کو کہا جاتا ہے۔ان کی وجہ شہرت یہ ہے کہ انہوں نے ایک منٹ سے بھی کم وقت میں پانچ بھارتی طیاروں کو مار گرایا تھا۔

سوال19:پاکستان کے تہتر کے آئین کی کس ترمیم کے تحت یہ قانون پاس کیا گیا کہ کوئی بھی شخص اپنے ہی صوبے کا گورنر نہیں بن سکتا؟

جواب۔پانچویں ترمیم کے تحت۔

سوال20:تہتر کے آئین کی کس ترمیم کے زریعے قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا؟

جواب۔دوسری ترمیم کے زریعے

سوال21:کس ترمیم کے زریعے صوبہ سرحد کا نام خیبر پختونخواہ رکھا گیا اور مرد آہن صدر اور ڈکٹیٹر ضیاء الحق کا نام آئین سے نکال دیا گیا اس کے ساتھ ساتھ صدر سے اسمبلیاں تحلیل کرنے کی طاقت بھی چھین لی گئی؟

جواب۔اٹھارہویں ترمیم کے زریعے۔

سوال22:پاکستان کی سب سے لمبی سڑک کونسی ہے؟

جواب۔پاکستان کی سب سے لمبی سڑک نیشنل ہائی وے نمبر فائیو ہے جسے شاہراہ پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔اسکی لمبائی 1756 کلومیٹر ہے۔یہ کراچی سے شروع ہو کے تورخم بارڈر پشاور تک جاتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال23: زمزمہ نامی ایک توپ جناح ہال کے پاس استنبول چوک پہ عجائب گھر کے سامنے لاہور میں پڑی ہے بتایئے یہ توپ کس نے بنوائی تھی؟

جواب۔ احمد شاہ درانی نے بنوائی تھی۔ ایسی ہی دو توپیں بنوائی گئی تھیں دوسری پتا نہیں کہاں گئی۔ بنانے والے کا نام شاہ نذیر تھا۔ اور اس نے یہ توپ احمد شاہ درانی کے وزیر اعظم شاہ ولی خان کی ہدایات کے مطابق بنائی تھیں۔

سوال24: پاکستان کی کتنی آبادی خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے؟

جواب۔ تقریباً 22 فیصد

سوال25: پاکستان کا سب سے بلند مقام کے ٹو ہے۔ سب سے پست مقام کونسا ہے؟

جواب۔ بحیرہ عرب سب سے پست مقام ہے۔ سر کریک کے مقام کے قریب ضلع ٹھٹھہ کے پاس۔

سوال26: پاکستان کے ٹوٹل رقبے کا کتنے فیصد پانی ہے؟

جواب۔ 3 فیصد رقبہ پانی پہ مشتمل ہے۔

سوال27: پاکستان کی نیشنل ڈش کونسی ہے؟

جواب۔ بریانی اور نہاری

سوال28: اوورسیز پاکستانیوں کی تعداد ستر لاکھ ہے۔ بتایئے سب سے زیادہ اوورسیز پاکستانی کس ملک میں مقیم ہیں؟

جواب۔ سعودی عرب میں۔ تقریباً پندرہ لاکھ

سوال29: پاکستان کے چاروں صوبوں میں سے صرف ایک ہی صوبے میں خاتون گورنر نے فرائض سرانجام دیے ہیں بتایئے کس صوبے میں اور خاتون گورنر کا نام کیا تھا؟

جواب۔ صوبہ سندھ کی گورنر بیگم رعنا لیاقت علی خان۔ انکو عام طور پہ مادرِ پاکستان بھی کہا جاتا ہے۔ آپ کو یہاں یہ بھی بتاتے چلیں کہ ان کا اصل نام Sheila Irene Pant تھا اور یہ عیسائی تھیں اور قائد ملت لیاقت علی خان سے شادی سے پہلے انہوں نے اسلام قبول کیا اور اپنا نام رعنا رکھا۔ اور یہ بھٹو کی قریبی ساتھیوں میں سے ایک تھیں بھٹو نے ہی انہیں سندھ کا گورنر مقرر کیا تھا۔

سوال30: موجودہ طور پہ پاکستان کے سب سے امیر ترین شخص کا نام بتائیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ کاروں کے بزنس سے منسلک پاکستانی شاہد خان 6 بلین ڈالر کے ساتھ پاکستان کا امیر ترین شخص ہے۔ دوسرے نمبر پہ نشاط گروپ آف انڈسٹریز کا مالک میاں محمد منشا 2.6 بلین ڈالر۔ اور تیسرے نمبر پہ آصف علی زرداری 1.8 بلین ڈالر۔ نواز شریف اس لسٹ میں پانچویں نمبر پہ ہے 1.4 بلین کے ساتھ

سوال 31: گرینڈ ٹرنک روڈ یعنی جی ٹی روڈ جس کو بادشاہ فرید خان المعروف شیر شاہ سوری نے بنوایا تھا بتایئے اسکی لمبائی کتنی ہے کہاں سے شروع ہوتی ہے اور کہاں پہ ختم ہوتی ہے؟

جواب۔ اس کی لمبائی 2500 کلو میٹر یا 1600 میل ہے۔ چٹاگانگ سے شروع ہو کے انڈیا اور پاکستان سے ہوتی ہوئی کابل تک جاتی ہے۔ اسکے پرانے نام اُترا پتھا، شاہراہ اعظم، سڑکِ عظیم اور بادشاہی سڑک تھے۔ اس پہ آنے والے کچھ مشہور شہر یہ ہیں: چٹاگانگ، دُرگاپور، اورنگ آباد، الہ آباد، کان پور، علی گڑھ، غازی آباد، دہلی، پانی پت، کرنال، انبالہ، لدھیانہ، جالندھر، امرتسر، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، جہلم، راولپنڈی، اٹک نوشہرہ، پشاور، لنڈی کوتل، جلال آباد، سروبی اور کابل

سوال 32: پاکستان میں کتنے صحرا ہیں؟

جواب۔ پانچ بڑے صحرا ہیں۔ چولستان، انڈس ویلی، تھر، تھل، خاران

سوال 33: پاکستان کے تحت اس وقت کتنے جزیرے ہیں۔ نام بھی بتائیں۔

جواب۔ پاکستان کے تحت اس وقت ٹوٹل گیارہ جزیرے ہیں۔ چند ایک کے نام یہ ہیں: استولہ، ملان زلزلہ جزیرے بلوچستان کے ساحل کے ساتھ ہیں جبکہ کھپڑیاں والا، منوڑا، شمس پیر، کلفٹن اویسٹر راکس، چُرنا، بُنڈل، بدھو اور بابا بھِٹ جزیرے سندھ کے ساحل کے ساتھ ہیں۔

سوال 34: پاکستان کے کس شہر کو کنووں کی کاشت کی وجہ سے پاکستان کا کیلیفورنیا کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بھلوال۔

سوال 35: آزادی کے بعد سبز ہلالی پرچم سب سے پہلے کس ملک میں لہرایا گیا؟

جواب۔ فرانس میں

سوال 36: قرارداد پاکستان کے دن قائد اعظم نے کس شخصیت سے تقریر دوبارہ کرنے کی فرمائش کی تھی؟

جواب۔ نواب یار جنگ بہادر کی تقریر دوبارہ سننے کی فرمائش کی تھی۔ جدوجہد آزادی کے نامور رہنما نواب بہادر یار جنگ کا اصل نام محمد بہادر خان تھا اور وہ 3 فروری 1905ء کو حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ ایک شعلہ بیان مقرر تھے۔ نواب بہادر یار جنگ آل انڈیا اسٹیٹس مسلم لیگ کے بانی اور صدر بھی تھے۔ آپ کو قائد ملت اور لسان الامت کے خطابات سے نوازا گیا تھا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال 37: بابری مسجد کس بادشاہ نے بنوائی تھی؟

جواب۔ ظہیر الدین بابر نے

سوال 38: پاکستان کا سوئٹزر لینڈ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔ سوات کو پاکستان کا سوئٹزر لینڈ کہا جاتا ہے۔

سوال 39: بلوچستان کو صوبے کا درجہ کب دیا گیا؟

جواب۔ 1970 میں۔

سوال 40: پنجاب کے اضلاع کتنے ہیں؟

جواب۔ چھتیس

سوال 41: مولانا محمد علی جوہر کی والدہ جو اماں بی کے نام سے مشہور ہوئیں ان کا اصل نام بتائیں۔

جواب۔ آبادی بانو بیگم

سوال 42: رئیس الاحرار کن کا لقب ہے؟

جواب۔ مولانا محمد علی جوہر کو رئیس الاحرار کہا جاتا ہے۔

سوال 43: ان پاکستانی آرمی رینکس کو ترتیب سے لکھیں ان کی رینکنگ کے لحاظ سے۔

جواب۔ کمیشنڈ آفیسر ز میں سب سے پہلے سیکنڈ لیفٹیننٹ ہوتا ہے پھر ترتیب سے لیفٹیننٹ، کیپٹن، میجر، لیفٹیننٹ کرنل، کرنل، بریگیڈیئر، میجر جنرل، لیفٹیننٹ جنرل، جنرل اور سب سے اوپر فیلڈ مارشل ہوتا ہے۔

پاکستان نیوی میں سب سے پہلے مڈ شپ مین آفیسر پھر ترتیب سے سب لیفٹیننٹ، لیفٹیننٹ، لیفٹیننٹ کمانڈر، کمانڈر، کیپٹن، کوموڈور، ریئر ایڈمرل، وائس ایڈمرل، ایڈمرل، ایڈمرل آف دی فلیٹ

پاکستان ایئر فورس میں سب سے پہلے پائلٹ آفیسر ہوتا ہے پھر ترتیب سے فلائنگ آفیسر، فلائٹ لیفٹیننٹ، سکواڈرن لیڈر، ونگ کمانڈر، گروپ کیپٹن، ایئر کوموڈور، ایئر وائس مارشل، ایئر مارشل، ایئر چیف مارشل اور سب سے اوپر مارشل آف دی ایئر فورس

سوال 44: علامہ محمد اقبال کچھ عرصہ تک ایک یونیورسٹی میں عربی کے پروفیسر بھی رہے تھے۔ یونیورسٹی کا نام بتائیں

جواب۔ جی سی یونیورسٹی لاہور۔ اسکے علاوہ یونیورسٹی آف لندن میں بھی کچھ عرصہ عربی کے پروفیسر رہے تھے۔

سوال 45: گورنر جنرل کی حیثیت سے جناح کا جھنڈا کس طرح کا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ گہرے نیلے رنگ کا جھنڈا جس پہ ببر شیر بنا ہوا تھا۔ ببر شیر کے نیچے ایک تاج بنا تھا اور تاج کے نیچے پاکستان لکھا ہے۔

سوال 46: قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کا نقشہ کس نے بنایا تھا؟

جواب۔ بھارتی آرکیٹیکٹ یحییٰ مرچنٹ نے۔ ڈیزائن کی منظوری فاطمہ جناح نے دی تھی۔ سنگ بنیاد ایوب خان نے رکھا تھا اور سب سے پہلے مزار قائد پہ حاضری یحییٰ خان نے دی تھی۔

سوال 47: پاکستان میں سب سے لمبا دور اقتدار کس صدر کا تھا؟

جواب۔ محمد ضیاء الحق کا۔ گیارہ سال۔ 1977 سے 1988 تک

سوال 48: پاکستان کا قومی لباس کونسا ہے؟

جواب۔ شلوار قمیض اور شیر وانی

سوال 49: انیس سو پینتالیس میں قائد اعظم محمد علی جناح نے اعلان کیا تھا

'تم مجھے چاندی کی گولیاں دو

میں تمہیں آزادی کی جنگ لڑ کے پاکستان دوں گا'

اس اعلان کے جواب میں بلوچستان کے ایک مخیر شخص نے اپنا نام نہ ظاہر کرتے ہوئے چاندی کی دو سلاخیں دینے کا اعلان کیا تھا بتائیں ان سلاخوں کا وزن کتنا تھا؟

جواب۔ ان سلاخوں کا وزن ساڑھے پانچ ہزار تولے تھا جو اڑسٹھ کلو بنتا ہے۔

سوال 50: محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے سب سے زیادہ تقریریں کس یونیورسٹی میں کی تھیں۔

جواب۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

سوال 51: ایک مہاراجہ کے متعلق کہا جاتا تھا کہ وہ کھانا بہت اچھا بناتا ہے۔ قائد اعظم نے ایک دفعہ کہا تھا مجھے ایک باورچی کی ضرورت ہے اگر وہ کہے تو اسے بمبئی لے آؤں۔ راجہ کا نام کیا تھا؟

جواب۔ کشمیر کا راجہ ہری سنگھ

سوال 52: اٹھارہ سو ستانوے میں جب قائد اعظم نے بمبئی میں بطور وکیل پریکٹس شروع کی اس وقت بمبئی میں پہلے سے کتنے مسلمان وکیل پریکٹس کر رہے تھے؟

جواب۔ ایک بھی نہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال 53: پاکستان آرمی دنیا میں فوجیوں کی تعداد کے لحاظ سے کتنے نمبر پہ ہے؟

جواب۔ آٹھویں نمبر پہ LINK

سوال 54: پاکستان کس ملک کے ساتھ اپنی سمندری سرحد مشترک رکھتا ہے؟

جواب۔ اومان

سوال 55: پاکستان کے کونسے شہر باقاعدہ پلیننگ کے تحت بنائے گئے ہیں؟

جواب۔ اسلام آباد، فیصل آباد، جوہر آباد، سرگودھا اور گوادر سٹی

سوال 56: کے ٹو کو کن تین ناموں سے پکارا جاتا ہے؟

جواب۔ کے ٹو، چو گوری، گاڈون آسٹن

سوال 57: پاکستان کا کونسا شہر خان آف قلات کو جہیز میں ملا تھا؟

جواب۔ کوئٹہ

سوال 58: اسلام آباد پاکستان کے کس صوبے میں شامل ہے؟

جواب۔ کسی بھی صوبے میں شامل نہیں ہے۔ اسلام آباد کیپیٹل ایریا ہے۔

سوال 59: قیام پاکستان کے وقت پاکستان میں کتنی یونیورسٹیاں تھیں؟

جواب۔ ایک ہی تھی۔ پنجاب یونیورسٹی

سوال 60: پاکستان میں پورے سال میں مستقل طور پہ سبز ہلالی پرچم کتنی بار سرنگوں کیا جاتا ہے؟

جواب۔ دوبار۔ ایک بار قائد اعظم کی برسی پہ اور ایک بار قائد ملت لیاقت علی خان کی برسی پہ

سوال 61: پاکستان کے کس شہر کو 'بغداد الجدید' کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بہاول پور کو

سوال 62: انگریزوں کے مقابلے میں ٹیپو سلطان نے کس ملک سے مدد مانگی تھی؟

جواب۔ فرانس سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال63: بتایئے یہ الفاظ پاکستان کے کس اخبار کی پیشانی پہ لکھے ہوتے ہیں۔

The press and the nation Rise Together.

جواب۔ اسلام آباد سے شائع ہونے والے انگریزی اخبار 'دی مسلم' کی پیشانی پہ لکھے ہوتے ہیں۔

سوال64: زمیندار اخبار میں کانگریس کے کس چوٹی کے لیڈر کو لوٹا لکھا جاتا تھا؟

جواب۔ شیخ محمد عالم کو لوٹا لکھا جاتا تھا۔

سوال65: قائداعظم کی سوانح عمری سب سے پہلے انگلش میں کس نے لکھی تھی؟

جواب۔ ہیکٹر بولائتھو Hector Bolitho کتاب کا نام Jinnah, Creator of Pakistan 1954 میں لکھی۔

سوال66: کس ملک نے نہ ابھی تک پاکستان کو تسلیم کیا ہے اور نہ پاکستان نے اسے؟

جواب۔ اسرائیل

سوال67: 1993 میں کس پاکستانی فلمی ہیرو کا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل کیا گیا اور کیوں؟

جواب۔ سلطان راہی۔ بطور ہیرو سب سے زیادہ فلموں میں کام کرنے کی وجہ سے

سوال68: پاکستان کے کس شہر کو نور محل کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بہاولپور کو

سوال69: رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا ضلع کونسا ہے؟

جواب۔ چاغی ڈسٹرکٹ۔ 50545 مربع کلومیٹر

سوال70: پاکستان میں کتنے اور کون کون سے مغل بادشاہوں کی قبریں ہیں؟

جواب۔ صرف جہانگیر کی قبر ہے۔ لاہور میں۔

سوال71: پاکستان میں ایک ڈش پائی جاتی ہے۔ جس کو حلیم کہا جاتا ہے۔ اصل میں اس ڈش کا کیا نام ہے۔ اور حلیم اصل میں کس کا نام ہے؟

جواب۔ ڈش کا اصل نام دلیم ہے۔ اور حلیم اللہ کا صفاتی نام ہے

سوال72: "جناح ایک بگڑا ہوا ضدی بچہ ہے جو مانگتا ہے اسے دے دیجئے" یہ الفاظ کس ہندو لیڈر کے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ سر تیج بہادر سپرو کے

سوال 73: پاکستان کے کس شہر کو "شیروں کا شہر" کہا جاتا ہے؟

جواب۔ منڈی بہاؤالدین

سوال 74: پاکستان کی پہلی خاتون سائنسدان کا نام بتائیں۔

جواب۔ ثمینہ ترمذی

سوال 75: سابق صدر پاکستان پرویز مشرف کتنے سال کتنے ماہ کتنے دن کتنے گھنٹے اور کتنے سیکنڈ برسر اقتدار رہے؟

جواب۔ 8 سال 10 ماہ 6 دن 18 گھنٹے اور 16 سیکنڈ

سوال 76: آسٹریلیا مسجد پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

جواب۔ لاہور

سوال 77: "یہ ایک فرقہ وارانہ جماعت ہے میں اس میں شامل نہیں ہو سکتا"

محمد علی جناح نے یہ الفاظ کس جماعت کے بارے میں کہے تھے؟

جواب۔ مسلم لیگ

سوال 78: پاکستان کے اس شہید کا نام بتائیں جنہوں نے نشان حیدر کے ساتھ ساتھ ستارہ جرأت بھی حاصل کر رکھا ہے؟

جواب۔ میجر رانا شبیر شریف شہید 1965: ستارہ جرأت 1971: نشان حیدر

سوال 79: ایک لاہور تو پاکستان میں ہے۔ دوسرا لاہور کہاں ہے؟

جواب۔ امریکا کی ریاست ورجینیا میں

سوال 80: پاکستان کے اس ایم بی ایس باڈی بلڈر کا نام بتائیں جو مسٹر پاکستان کے ساتھ ساتھ مسٹر ایشیا بھی رہ چکے ہیں؟

جواب۔ ڈاکٹر جاوید اختر

سوال 81: پی پی پی کی سابق چیئر وومین محترمہ بے نظیر بھٹو کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب۔ حکیم علی منگی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال82: بہاول نگر کا پرانا نام بتائیں؟

جواب۔ روجھاں والی

سوال83: "جب وقت آیا تو میں سب سے پہلے آگے بڑھ کے سینے پہ گولی کھاؤں گا"

محمد علی جناح نے یہ الفاظ کب اور کہاں کہے تھے؟

جواب۔ 16 اکتوبر 1945 کوئٹہ میں

سوال84: پاکستان کا قومی پھل کونسا ہے اور قومی ڈش کونسی ہے؟

جواب۔ پھل: گرمیوں میں آم اور سردیوں میں امرود، ڈش: بریانی اور نہاری

سوال85: پاکستان کی کونسی شخصیت تحصیلدار، چیئرمین واپڈا، سیکرٹری خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک، وزیر خزانہ، چیئرمین سینٹ اور صدر کے عہدوں پہ فائض رہی؟

جواب۔ سابق صدر پاکستان غلام اسحاق خان

سوال86: پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین کا شہر ہے آپ یہ بتائیں اسے پھالیہ کیوں کہتے ہیں؟

جواب۔ سکندر اعظم نے جب اس مقام پر یہاں کے بادشاہ پورس کو شکست دی تو اس کا گھوڑا بیو سی پھالس (Bucephalus) اس جگہ پہ مر گیا جس کی یاد میں اس نے یہ شہر آباد کیا جو بگڑ کر پھالیہ بن گیا۔

سوال87: پاکستان کی پہلی خاتون پائلٹ کا نام بتائیں۔

جواب۔ شکریہ خانم (پی آئی اے)۔ حنا طاہر سب سے پہلے فائٹر پائلٹ تھیں۔ سبا خان سب سے پہلی پی اے ایف پائلٹ تھیں۔ نائمہ گل 12 سالہ اعزازی پائلٹ تھیں۔

سوال88: راشد منہاس کے جس انسٹرکٹر نے راشد منہاس کو زخمی کر کے طیارہ اغوا کرنے کی کوشش کی تھی اس کا نام بتائیں۔

جواب۔ مطیع الرحمٰن

سوال89: صوبہ سندھ کے اس پی ایچ ڈی ہولڈر گورنر کا نام بتائیں جس نے ایک یونیورسٹی کی بنیاد رکھی۔ اس یونیورسٹی کی لائبریری کا نام بغداد کی اس لائبریری کے نام پہ رکھا گیا جو عباسی خلیفہ ابو جعفر المنصور نے بنوائی تھی؟

جواب۔ حکیم محمد سعید۔ ہمدرد یونیورسٹی کی بنیاد رکھی۔ لائبریری کا نام بیت الحکمۃ ہے۔ اور یہ جنوبی ایشیا کی بڑی لائبریریوں میں سے ایک ہے۔ بغداد کی بیت الحکمہ ابو جعفر المنصور نے بنوائی تھی اور اس میں اضافہ اور ترقی ہارون الرشید کے دور میں ہوا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال90: سعودی عرب کے کس فرمانروا نے پاکستان کو اپنا دوسرا گھر کہا تھا؟

جواب۔ شاہ فیصل بن عبد العزیز

سوال 91: اہل لاہور کو سب سے پہلے "زندہ دلان لاہور" کس نے کہا تھا؟

جواب۔ سرسید احمد خان نے۔ جب انگریزوں نے علی گڑھ کالج کو یونیورسٹی بنانے کے لیے پیسے مانگے تو سرسید چندہ جمع کرنے لاہور آئے تو لاہور والوں نے ان کو دل کھول کر چندہ دیا۔ تب سرسید نے ان کو زندہ دلان لاہور کہا تھا۔

سوال92: قرارداد پاکستان انگریزی میں پیش کی گئی تھی۔ بتایئے تو اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

جواب۔ مولانا ظفر علی خان

سوال 93: برصغیر کے مسلمانوں نے یوم نجات کب منایا؟

جواب۔ 22 دسمبر 1939 کو کانگریسی وزارتوں کے استعفیٰ دینے پر

سوال94: دنیا میں سب سے زیادہ پٹھان کس ملک میں ہیں؟

جواب۔ پاکستان۔ پاکستان میں لگ بھگ 29 ملین اور افغانستان میں ساڑھے 12 ملین

سوال95: دنیا کے اس بازار کا نام بتائیں جس کے نام میں ایک پھل کا نام آتا ہے؟

جواب۔ انار کلی بازار

سوال96: سندھ، جہلم، چناب، راوی، ستلج اور بیاس کے علاوہ پاکستان کے 5 دریاؤں کے نام بتائیں۔

جواب۔ پاکستان میں 24 دریا ہیں۔ ہب، لیری، ہنگول، پوجکارہ، بولان، باران، کورالی، دشت، گومل، کرم، رکشن۔ سندھ میں 4 دریا ہیں۔ پنجاب میں 5 دریا ہیں۔۔ خیبر پختونخواہ میں 8 دریا ہیں اور بلوچستان میں 7 دریا ہیں۔

سوال97: قرارداد پاکستان کی حمایت ہندوؤں میں سے سب سے پہلے کس نے کی تھی؟

جواب۔ راج گوپال اچاریہ

سوال98: قائد اعظم محمد علی جناح کی وفات پہ قومی پرچم کتنے دن سرنگوں رہا؟

جواب۔ 40 دن

سوال99: پاکستان بننے کے بعد کس ملک کے صدر نے سب سے پہلے پاکستان کا دورہ کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ انڈونیشیا کے صدر سوئیکارنو نے 30 جنوری 1950 کو

سوال100: برطانیہ کی ملکہ ڈیانا نے پاکستان کا دورہ کب کیا تھا؟

جواب۔ لیڈی ڈیانا دو دفعہ پاکستان آئی تھیں۔ 26 ستمبر 1991 اور 22 فروری 1996

سوال101: برصغیر کی سب سے پہلی ہڑتال کس نے اور کیوں کی تھی؟

جواب۔ 1831 میں کہاروں نے انگریزوں کے خلاف کی تھی کہ انگریز پالکی میں بیٹھنے کے بعد کرایہ نہیں دیتے۔

سوال102: پاکستان کے ریکارڈ ہولڈر بنگالی پائلٹ ایم ایم عالم کا پورا نام بتائیں۔

جواب۔ محمد محمود عالم

سوال103: قائداعظم محمد علی جناح کے پاسپورٹ کا نمبر کیا تھا اور یہ کب جاری ہوا؟

جواب۔ قائداعظم کے دو پاسپورٹس جاری ہوئے۔ ایک پاسپورٹ 1936 کو جاری ہوا نمبر تھا: 400878 دوسرا 28 نومبر 1946 کو جاری ہوا نمبر تھا: 27327

سوال104: پاکستان کی ڈاک ٹکٹوں پہ سب سے پہلے کس کی تصویر چھاپی گئی؟

جواب۔ ایوب خان کی

سوال105: تاریخ میں سب سے پہلے سلطان کا لقب کسے دیا گیا؟

جواب۔ یمین الدولہ ابو القاسم محمود ابن سبکتگین المعروف محمود الغزنوی کو سب سے پہلے سلطان کا خطاب دیا گیا۔

سوال106: 29 سال کی عمر میں سائیکل پہ دنیا کی سیر کرنے والے رگبیر سنگھ پاکستان کے کس گاؤں میں پیدا ہوا تھا۔ یاد رہے کہ اس نے 93000 میل کا سفر سائیکل پہ طے کیا تھا۔

جواب۔ لالہ پنڈی، تحصیل پھالیہ، ضلع منڈی بہاؤالدین

اس کے پیدا ہونے کے 55 سال بعد اسی گاؤں میں ایک اور شخصیت پیدا ہوئی جس کا نام "فیصل اسلم" ہے۔ اور جو اس کوئز پروگرام کا بانی اور ایڈمن اور اس کتاب کا مصنف ہے۔ اس نے ابھی تک کچھ خاص نہیں کیا۔

سوال107: پاکستان کی پہلی میجر جنرل خاتون کا نام کیا تھا؟

جواب۔ میجر جنرل ڈاکٹر شاہدہ ملک۔ 17 جون 2002 تا حال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال108: جنگ آزادی کس تاریخ کو کس شہر سے شروع ہوئی تھی؟

جواب۔10 مئی میرٹھ سے

سوال109: علاؤالدین خلجی اور جلال الدین خلجی کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

جواب۔علاؤالدین(Ali Gurshap Khan) بھتیجا تھا اور ساتھ ہی ساتھ داماد بھی۔

سوال110: جناح اپنے کوٹ میں کس رنگ کا پھول لگاتے تھے؟

جواب۔جناح اپنے کوٹ میں کوئی بھی پھول نہیں لگاتے تھے۔

سوال111: محیط کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا قلعہ پاکستان کے کس صوبے میں ہے؟

جواب۔سندھ میں۔رنی کوٹ کا قلعہ کیر تھر سلسلے میں ضلع جامشورو سند میں ہے۔26 کلو میٹر محیط۔اور حیدر آباد سے 90 کلو میٹر شمال میں ہے۔

سوال112: 1965 کی جنگ میں پاکستانی فوج کے کمانڈر انچیف کون تھے؟

جواب۔جنرل محمد موسیٰ(27 اکتوبر 1958 تا 17 جون 1966)

سوال113: پاکستان کے سرد ترین مقام کا نام کیا ہے؟

جواب۔سکردو۔منفی 26 ڈگری سینٹی گریڈ 7 جون 1995 کو ریکارڈ کیا گیا۔

سوال114: سارک کی بنیاد رکھنے والے کا نام کیا تھا؟

جواب۔بنگلہ دیش کے صدر ضیاء الرحمٰن نے 2 مئی 1980 کو سارک کی بنیاد رکھی۔

سوال115: گلاب کا عطر کس مشہور مغل ملکہ نے ایجاد کیا تھا؟

جواب۔گلاب کا عطر شاہجہاں کی بیوی نور جہاں کی ماں عصمت بیگم نے ایجاد کیا تھا، لیکن عام طور پر نور جہاں سے ہی منصوب کیا جاتا ہے۔

سوال116: اسلامیہ کالج لاہور کے میدان میں ایک دفعہ قائد اعظم پرچم لہرا کے اور تقریر کر کے سٹیج سے نیچے اتر رہے تھے کہ ایک نوجوان نے ان کا منہ چوم لیا تھا۔اس نوجوان کا نام بتائیں؟

جواب۔محمد اشرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال116: قومی پرچم کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا؟

جواب۔ کچھ جگہوں پہ امیر الدین قدوائی لکھا ہے جو پہلے دہلی کے رہنے والے تھے بعد میں لاہور آ گئے تھے۔

اور کچھ جگہوں پہ دو بھائیوں افضال حسین اور الطاف حسین لکھا ہے جو دہلی کے رہنے والے تھے۔

سوال117: شاہ فیصل مسجد کی سنگ بنیاد پہ کونسی سورت کندہ ہے؟

جواب۔ سورہ البقرہ

سوال118: قومی ترانے میں اردو کے کتنے الفاظ شامل ہیں؟

جواب۔ صرف ایک ہی۔ "کا"

سوال119: قومی ترانہ شاعری کی کس صنف میں لکھا گیا ہے؟

جواب۔ مخمس۔ کیونکہ ہر شعر میں پانچ مصرعے ہیں۔

سوال120: K2 تو پاکستان میں ہے اور اسکا اصل نام گاڈون آسٹن ہے بتایئے K1 کس ملک میں ہے؟

جواب۔ پاکستان میں ہی ہے۔ اسکا دوسرا نام میشربرم ہے۔ Masherbrum

یہ گلگت بلتستان میں ہے۔ یہ چونکہ قراقرم رینج میں پہلی پہاڑی تھی جس کی پیمائش کی گئی اس لیے اسے کے ون کہا گیا۔

سوال121: للائیڈ بیراج بڑا ہے یا سکھر بیراج؟

جواب۔ دونوں ایک ہی بیراج کے دو نام ہیں۔

سوال122: برصغیر کے کس بادشاہ کو لکھ بخش اور فیض بخش کہا جاتا تھا؟

جواب۔ قطب الدین ایبک

سوال123: جلال الدین محمد اکبر کے تخت پہ بیٹھنے کے وقت عمر کیا تھی؟

جواب۔ محض 13 سال

سوال124: پاکستان کی تاریخ میں صرف ایک ہی نائب صدر گزرے ہیں ان کا نام کیا تھا؟

جواب۔ نورالامین (1970 سے 1972 کے دوران)

سوال125: برصغیر میں تانبے کا سکہ کس بادشاہ نے چلایا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ سلطان محمد تغلق نے

سوال126: انگریزوں کے برصغیر آنے سے پہلے برصغیر کی سرکاری زبان کونسی تھی؟

جواب۔ فارسی

سوال127: انیس سو پینسٹھ کی پاک بھارت جنگ میں پاک فضائیہ کے جوانوں کو کونسی سورت "آرڈر آف دی ڈے" کے طور پہ دی گئی تھی؟

جواب۔ سورہ انفال

سوال128: انیس سو پینسٹھ کی پاک بھارت جنگ میں کس ملک نے اپنی آبدوزیں پاک بحریہ کے حوالے کر دی تھیں؟

جواب۔ انڈونیشیا

سوال129: پاکستان کے قدیم ترین اردو اخبار کا نام کیا ہے؟

جواب۔ روزنامہ جنگ۔ جنگ انیس سو انتالیس میں شروع ہوا تھا اور نوائے وقت انیس سو چالیس میں۔

سوال130: 7 اکتوبر 1958 سے 7 دسمبر 1971 تک پاکستان کا وزیر اعظم کون تھا؟

جواب۔ کوئی نہیں۔ صدارتی آئین نافذ تھا وزیر اعظم کا عہدہ ہی نہیں تھا۔

سوال131: وہ کونسا پاکستانی دریا ہے جو کول پور سے نکلتا ہے لیکن جلد ہی ختم ہو جاتا ہے اور آب گم کے مقام پہ زیر آب چلا جاتا ہے پھر یہ بابی نانی کے مقام سے نکلتا ہے اور سار اوان ندی سے مل جاتا ہے؟

جواب۔ دریائے بولان

سوال132: کوہاٹ ٹنل کس ملک کے تعاون سے بنائی گئی ہے؟

جواب۔ جاپان کے تعاون سے۔ اس کا دوسرا نام پاک جاپان فرینڈ شپ ٹنل ہے۔ یہ پشاور اور کوہاٹ کے درمیان بنائی گئی ہے۔

سوال133: سکھر بیراج کے کتنے دروازے ہیں؟

جواب۔ 66

سوال134: ضلع چاغی کے اس مقام کا نام بتائیں جہاں پاکستان نے 28 مئی اور 30 مئی کو چھ ایٹمی دھماکے کیے تھے؟

جواب۔ راس کوہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال135 :ہندوؤں کی انتہائی ضالمانہ رسم ستی پہ پابندی لگانے کے احکامات سب سے پہلے کس مسلم بادشاہ نے دیے ؟
جواب۔ احکامات توسب سے پہلے ہمایوں نے دیے تھے لیکن ہندوؤن کے دباؤپہ احکامات واپس لے لیے تھے لیکن باقاعدہ طور پہ احکامات اکبر نے جاری کیے اور عمل درآمد بھی کروایا۔

سوال136 :اس شعلہ بیان مقرر کانام بتائیں جن کے مسلم لیگ میں شامل ہونے پہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا تھا کہ ان کے مسلم لیگ میں شامل ہونے سے مسلم لیگ کو زبان مل گئی۔
جواب۔ نواب یار جنگ بہادر کے شامل ہونے پہ قائداعظم نے کہا تھا کہ آج ان کے شامل ہونے سے مسلم لیگ کو زبان مل گئی۔ جدوجہد آزادی کے نامور رہنمانواب بہادر یار جنگ کا اصل نام محمد بہادر خان تھااور وہ 3 فروری 1905ء کو حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ ایک شعلہ بیان مقرر تھے۔ نواب بہادر یار جنگ آل انڈیا اسٹیٹس مسلم لیگ کے بانی اور صدر بھی تھے۔ آپ کو قائد ملت اور لسان الامت کے خطابات سے نوازا گیا تھا ۔

سوال137 : کس مسلم لیگی راہنما کے مرنے پہ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ گھنٹوں تک روتے رہے تھے ؟
جواب۔ مولانا شوکت علی کی وفات پہ

سوال138 : تحریک آزادی کے کس راہنما کے بارے میں ایک انگریز سر جیمز نے کہا تھا کہ اگر اس کی بوٹی بوٹی بھی کر دی جائے تو ہر بوٹی سے انگریز کے لیے عداوت ٹپکے گی؟
جواب۔ مولانا محمود الحسن

سوال139 : پاکستان سٹیل مل کس کے تعاون سے لگایا گیا ہے ؟
جواب۔ سٹیل مل 1970 میں روس کے تعاون سے لگایا گیا تھا۔

سوال140 : کس دو پاکستانی شخصیات کو روس کی طرف سے لینن پیس پرائز دیا جاچکا ہے ؟
جواب۔ پاکستان کی دو شخصیات کو لینن پیس پرائز مل چکا ہے. انیس سو باسٹھ میں فیض احمد فیض ۔ اور دو ہزار چھ میں عبدالستار ایدھی کو

سوال141 : پاکستان آرمی میں اس وقت کتنی کورز ہیں ؟ اور ہر کور کو کونسا آفیسر ہولڈ کرتا ہے ؟
جواب۔ گیارہ کورز ہیں اور ہر کور کو لیفٹیننٹ جنرل ہولڈ کرتا ہے جو کہ کور کمانڈر کہلاتا ہے۔

سوال142 : ایس ایس جی کانام توسنا ہی ہوگا۔ بتائیے کہ اسکو کب بنایا گیا؟ اسکا ہیڈ کوارٹر کہاں ہے ؟ اسکا موٹو کیا ہے ؟ انکا نک نیم کیا ہے مطلب انہیں پیار سے کیا کہتے ہیں ؟ 1979 میں انہوں نے کونسا مشہور کارنامہ سرانجام دیا تھا ؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ ایس ایس جی یعنی سپیشل سروسز گروپ کو 23 مارچ 1956 کو ایکٹو کیا گیا۔ ان کا ہیڈ کوارٹر تربیلا میں ہے۔ ان کے نک نیم SSG,Maroon Berets,Army SS Group,Black Storks ہیں۔ ان کی تعداد تو سیکرٹ ہے لیکن ان کا سائز 10 بٹالین جتنا ہے۔ نومبر 1979 کو ایک شخص جہیمن العطیبی نے اپنے 500 ساتھیوں کے ساتھ بیت اللہ پہ قبضہ کر لیا۔ اپنے سالے محمد عبداللہ القحطانی کو امام مہدی قرار دیا۔ حاجیوں کو قیدی بنالیا اور کچھ مطالبے پیش کیے۔ جیسا کہ امریکہ کو تیل کی سپلائی بند کی جائے۔ سعودی عرب سے تمام غیر ملکی افواج کو نکال باہر کیا جائے۔ علما نے ان لوگوں سے مسجد کو چھڑانے کے لیے مسجد الحرام میں قتال کو جائز قرار دے دیا۔ سو کے قریب سعودی وزارت داخلہ کے اہلکاروں نے اسلحے کے ساتھ ان حملہ آوروں کو مارنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ علما کے فتوے کے بعد مسجد حرام کے دروازوں کو اڑانے کی کوشش کی گئی لیکن اس میں بھی ناکامی ہوئی۔ سعودی آرمی کی ناکامی کے بعد پاکستان نے آپریشن کرنے کی درخواست کی جسے قبول کر لیا گیا۔ پاکستان نے اپنے کچھ ایس ایس جی کمانڈوز کو بھیجا جنہوں نے مسجد حرام میں پانی چھوڑ دیا اور اس پانی میں کرنٹ چھوڑ دیا گیا۔ کچھ ہی دیر میں حملہ آوروں کا صفایا ہو گیا اور ایس ایس جی نے بغیر کسی فوجی نقصان کے مسجد کا قبضہ حاصل کر لیا۔ اس سے پہلے 250 کے قریب حاجی مارے گئے اور 127 کے قریب سعودی فوجی شہید ہوئے۔ اس کے علاوہ 117 حملہ آور مارے گئے اور 70 کے قریب حملہ آوروں کو پھانسی دی گئی۔

سوال 143: پاکستانی افواج میں سب سے اعلیٰ ترین عہدیدار کون ہوتا ہے اس وقت اس عہدے پہ کون ہے؟

جواب۔ پاکستانی افواج میں سب سے اعلیٰ ترین عہدیدار چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی ہوتا ہے لیکن اس کے پاس کچھ خاص اختیارات نہیں ہوتے۔ پاک فوج میں صرف دو ہی جنرل ہوتے ہیں۔ ایک یہی ہوتا ہے اور ایک آرمی چیف ہوتا ہے۔ اس وقت یہ عہدہ جنرل رضوان احمد کے پاس ہے۔

سوال 144: پاکستان بننے کے بعد کس ریاست کے نواب نے پاکستانی حکومت کو ستر ملین روپے اور تمام سرکاری ملازمین کی ایک مہینے کی تنخواہ اپنے خزانے سے دی؟

جواب۔ نواب آف بہاولپور جنرل نواب صادق محمد خان عباسی پنجم

بحوالہ:

https://en.m.wikipedia.org/wiki/Bahawalpur_(princely_state)

سوال 145: سکندر اعظم کے گھوڑے کا کیا نام تھا؟

جواب۔ سکندر اعظم کے گھوڑے کا نام بیوسی فالس تھا جو کہ کہا جاتا ہے کہ ضلع منڈی بہاؤالدین میں مر گیا تھا اور اس کی یاد میں اس نے ایک شہر آباد کیا جس کا نام فالس رکھا جو بگڑتے بگڑتے پھالیہ بن گیا. میں اسی شہر سے تعلق رکھتا ہوں

سوال 146: قائد اعظم کس یونیورسٹی کو مسلم لیگ کا اسلحہ خانہ کہتے تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔ قائداعظم مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کو مسلم لیگ کا اسلحہ خانہ کہا کرتے تھے اور اس کے طلبا کو بہترین سپاہی. قائداعظم نے سب سے زیادہ تقاریر بھی اسی یونیورسٹی میں کی تھیں

سوال147: پاکستان میں کب 18 سال کے کم عمر کے شخص کی پھانسی پہ پابندی لگادی گئ؟
جواب۔ جولائی سن 2000 میں پاکستان نے ایک جووینائل جسٹس سسٹم آرڈیننس (JJSO 2000) جاری کی جس کے تحت اٹھارہ سال سے کم عمر کے ملزم کو پھانسی نہیں دی جاسکتی۔
بحوالہ:
http://www.dawnnews.tv/news/1018229

سوال148: کس اسلامی ریاست کے امیر نے قائداعظم کو تلوار پیش کی تھی؟
جواب۔ 3 ستمبر 1947 کو امیر کویت کی طرف سے ایک تلوار قائداعظم کو بطور تحفہ پیش کی گئ۔

سوال149: قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کی نماز جنازہ کس شخصیت نے پڑھائی تھی؟
جواب۔ قائداعظم محمد علی جناح کی نماز جنازہ علامہ شبیر احمد عثمانی نے پڑھائی تھی

سوال150: قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کو ان کی وفات پہ آخری سلامی کتنی توپوں کی دی گئی تھی؟
جواب۔ اکتالیس توپوں کی سلامی دی گئی تھی۔

سوال151: پاکستان بننے کے بعد سب سے پہلی کونسی یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا؟
جواب۔ پشاور یونیورسٹی انیس سو پچاس میں قائم کی آگئی اور یہی پاکستان بننے کے بعد بنائی جانے والی پہلی یونیورسٹی تھی

سوال152: کونسے دو مضامین 1981 میں پاکستان میٹرک اور انٹر میڈیت کے سلیبس میں لازمی قرار دیئے گئے؟
جواب۔ انیس سو اکیاسی میں اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کو میٹرک اور انٹر میڈیٹ میں لازمی مضامین قرار دیا گیا

سوال153: پنجاب کا دروازہ پاکستان کے کس شہر کو کہا جاتا ہے؟
جواب۔ اٹک کو پنجاب کا دروازہ کہا جاتا ہے۔

سوال154: پاکستان کے کس شہر کو شہر امن کہا جاتا ہے؟
جواب۔ اسلام آباد کو شہر امن کہا جاتا ہے۔ اسلام کا مطلب امن اور آباد کا مطلب شہر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال155:سیاچن گلیشیئر پاکستان انڈیا کے بارڈر پہ ستر کلو میٹر لمبا ایک گلیشیئر ہے۔جو ہمالیہ پہاڑوں کی قراقرم رینج میں واقع ہے۔بتائیں سیاچن کا مطلب کیا ہے؟

جواب۔ سیاچن بلتی زبان کا لفظ ہے جسکے معنی ہیں جنگلی گلاب اس گلیشیر پر یہ پودا زیادہ اگتا ہے اس لئے بلتی لوگ اسے سیاچن کہتے ہیں۔ یہ بلتستان کے ضلع گانچھے میں واقع ہے جہاں سلتورو نام کے گاؤں سے اسکو راستہ جاتا ہے، چونکہ متنازعہ خطہ ہے اسلئے کبھی کبھی اس کا شمار ضلع گانچھے میں نہیں بھی کیا جاتا

سوال156:پاکستان میں کھیوڑہ سالٹ مائنز تو جہلم کے پاس ہیں۔بتائیں میو سالٹ مائنز کہاں واقع ہیں؟

جواب۔ کھیوڑہ سالٹ مائنز کو ہی میو سالٹ مائنز کہا جاتا ہے۔مختلف ادوار میں اس پر مختلف اقوام کی ملکیت رہی. جنجوعہ قبیلے سے مغل بادشاہ ان سے سکھوں میں اور سکھوں سے انگریز حکومت تک ۔یوں جب انگریزوں کے دور حکومت میں وائسرائے لارڈ میو نے وہاں کا دورہ کیا تو اس مائن کا نام میو مائن رکھ دیا گیا

سوال157:پاکستان کا کونسا شہر "سٹی آف سولجرز" کہلاتا ہے؟

جواب۔ جہلم کو سٹی آف سولجرز کہا جاتا ہے شہیدوں اور جنگجوؤں کا شہر بھی جہلم کو ہی کہا جاتا ہے

سوال158:قائداعظم کشمیر میں پہلی بار کب گئے تھے؟

جواب۔ قائداعظم پہلی بار 1926 میں کشمیر گئے تھے اسکے بعد 1929 پھر 1936 اور چوتھی بار 1944 میں

سوال159: سٹیٹ بینک آف پاکستان کی خاتون گورنر کا نام بتائیں؟

جواب۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی پہلی خاتون گورنر کا نام شمشاد اختر ہے

سوال160:گلوبل پیس انڈیکس کے مطابق دنیا کا سب سے خطرناک ملک افغانستان ہے جس کا نمبر 162 ہے جب کہ سب سے پر امن ملک آئس لینڈ ہے جسکا نمبر 1 ہے۔بتائیں اس انڈیکس کے مطابق پاکستان کا نمبر کیا ہے؟

جواب۔ گلوبل پیس انڈیکس کے مطابق پاکستان کا نمبر 157 ہے۔

سوال161:پاکستان میں یوم فضائیہ کب منایا جاتا ہے؟

جواب۔ پاکستان میں یوم فضائیہ سات ستمبر کو منایا جاتا ہے

سوال162:پاکستان کے کن شہروں کو 1965 کی جنگ میں عزم و استقلال کا مظاہرہ کرنے پہ ستارہ استقلال کے اعزاز سے نوازا گیا تھا؟

جواب۔ 1966 میں پاکستانی حکومت نے لاہور سیالکوٹ اور سرگودھا کو جنگ میں جرات و بہادری کے کارنامے سرانجام دینے پہ ستارہ استقلال کے اعزازات سے نوازا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال163: کیا آپ جانتے ہیں کہ پاکستان نے کسی دور میں جرمنی کو قرضہ دیا تھا۔بتائیں کتنا دیا تھا اور کب دیا تھا؟
جواب۔ انیس سو تریسٹھ میں پاکستان نے جرمنی کو بارہ کروڑ کا قرضہ دیا تھا۔وزارت خزانہ سے حاصل دستاویزات کے مطابق 50 سال قبل 1963ء میں پاکستان نے اس وقت مغربی جرمنی جو کہ اس وقت یونین کے زیر تسلط مشرقی جرمنی کے مقابلے میں خوشحال تصور کیا جاتا تھا کو 12 کروڑ کا ترقیاتی قرضہ یہ کہہ کر 20 سالوں کیلیے دیا تھا کہ اسے ترقی کی ضرورت ہے
مزید تفصیل

http://www.dailymotion.com/video/x29xj70_germany-was-used-to-take-aid-from-pakistan-and-where-it-is-now-javed-chaudhary-excellent-analysis_news

http://www.express.pk/story/176740/

سوال164: پنجاب مسلم لیگ کس نے قائم کی تھی؟
جواب۔ پنجاب مسلم لیگ یکم دسمبر انیس سو سات میں سر محمد شفیع نے قائم کی تھی۔

سوال165: پاکستان کی قدیم ترین چھاوٴنی کونسی ہے؟
جواب۔ پاکستان کی سب سے قدیم ترین چھاوٴنی کوہاٹ چھاوٴنی ہے

سوال166: موجودہ پاکستان 1956 سے لے کر 1970 تک ون یونٹ سکیم کے تحت مغربی پاکستان کہلاتا تھا۔بتائیں اس دوران مغربی پاکستان کا دارالحکومت کونسا تھا؟
جواب۔ مغربی پاکستان کا دارالحکومت لاہور تھا۔

سوال167: پاکستان میں ایک دریا کو اباسین بھی کہا جاتا ہے۔بتائیں کونسے دریا کو؟
جواب۔ دریائے سندھ کو اباسین کہا جاتا ہے دریاوٴں کا باپ

سوال168: پانی پت میں تین جنگیں ہوئیں بتائیں کن کن کے بیچ میں؟
جواب۔ پانی پت کی پہلی جنگ بابر اور ابراہیم لودھی کے درمیان ہوئی۔بابر فاتح رہا۔1526 میں جنگ ہوئی تھی۔دوسری جنگ 1556 میں ہوئی اور دہلی کے حکمران ہیمو اور اکبر کے بیچ ہوئی۔اکبر فاتح رہا۔تیسری پانی پت کی جنگ احمد شاہ درانی اور مرہٹوں کے بیچ ہوئی۔درانی فاتح رہا۔1761 میں یہ جنگ لڑی گئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال169: جی ڈی پی کسی بھی ملک میں ایک سال میں بنائی جانے والی پیداوار کی مارکیٹ ویلیو ہوتی ہے۔ بتائیں موجودہ طور پہ پاکستان کی جی ڈی پی کیا چل رہی ہے؟

جواب۔ پاکستان کی جی ڈی پی موجودہ طور پہ تقریباً 574 بلین ڈالر ہے۔

سوال170: پاکستان کے علاوہ اور کس ملک میں 9 نومبر اور 21 اپریل کو اقبال ڈے منایا جاتا ہے؟

جواب۔ ایران میں پاکستان کی طرح اقبال ڈے منایا جاتا ہے. اسکے علاوہ ایران میں کشمیر ڈے بھی منایا جاتا ہے. اور ایران کی ایک سڑک کا نام خیابان جناح بھی ہے

سوال 171: کس سال میں ملکہ برطانیہ نے پاکستان کا سولہ روزہ دورہ کیا تھا؟

جواب۔ ملکہ برطانیہ (ایلزبتھ دوئم) دو دفعہ پاکستان کا دورہ کر چکی ہیں- پہلی دفعہ صدر ایوب خان کی دعوت پر یکم فروری 1961 سے سولہ فروری 1961 تک۔ اور دوسری دفعہ صدر پاکستان فاروق احمد لغاری کی دعوت پر 6 اکتوبر 1997 سے 12 اکتوبر 1997 تک

سوال 172: خیبر پاس روڈ نیوزی لینڈ کے کس شہر میں بنائی گئی ہے؟

جواب۔ نیوزی لینڈ کے شہر آک لینڈ کی نیو مارکیٹ میں خیبر پاس روڈ بنائی گئی ہے۔ اسکے علاوہ بھارت میں دہلی کے ایک رہائشی علاقے کا نام بھی خیبر پاس رکھا گیا ہے۔

سوال 173: آپ نے شاہراہ ریشم یعنی Silk Road کا نام تو سنا ہو گا۔ بتایئے اسکی لمبائی کتنی ہے اور یہ کن ملکوں کو آپس میں جوڑتی ہے؟

جواب۔ عہدِ قدیم کے ان تجارتی راستوں کو مجموعی طور پر شاہراہ ریشم کہا جاتا تھا جو چین کو ایشیائے کوچک اور بحیرہ روم کے ممالک سے ملاتے ہیں۔ یہ گذر گاہیں کل 8 ہزار کلو میٹر (5 ہزار میل) پر پھیلی ہوئی تھیں۔ شاہراہ ریشم کی تجارت چین، مصر، بین النہرین، فارس، بر صغیر اور روم کی تہذیبوں کی ترقی کا اہم ترین عنصر تھی اور جدید دنیا کی تعمیر میں اس کا بنیادی کردار رہا ہے۔ شاہراہ ریشم کے پاکستان میں موجود حصے کو شاہراہ قراقرم کہا جاتا ہے. شاہراہ قراقرم شاہراہ ریشم کا ایک چھوٹا سا حصہ ہے .شاہراہ قراقرم (قومی شاہراہ 35) پاکستان کو چین سے ملانے کا زمینی ذریعہ ہے۔ یہ دنیا کے عظیم پہاڑی سلسلوں قراقرم اور ہمالیہ کو عبور کرتی ہے۔ اس کی لمبائی 1300 کلو میٹر ہے۔ یہ چینی شہر کاشغر سے شروع ہوتی ہے۔ پھر ہنزہ، نگر، گلگت، چلاس، داسو، بشام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور ہزارہ سے ہوتی ہوئی حسن ابدال کے مقام پر جی ٹی روڈ سے ملتی ہے۔

سوال 174: پاکستان کی کونسی عمارت ہے جہاں پہ سبز ہلالی پرچم کبھی سرنگوں نہیں ہوتا؟

جواب۔ پارلیمنٹ ہاؤس آف پاکستان پہ لہرانے والا جھنڈا کبھی سرنگوں نہیں ہوتا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال175: پاکستان آرمی کے آپریشن "ضرب عضب" کا نام کس چیز کے نام پہ رکھا گیا ہے؟
جواب۔ آپریشن ضرب عضب کا نام آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار "عضب" کے نام پہ رکھا گیا تھا

سوال176: پاکستان کی پہلی موٹروے جو اس وقت جنوبی ایشیا کی پہلی موٹروے تھی جسے لاہور اور اسلام آباد کے درمیان بنایا گیا تھا اس کا نام کیا ہے؟
جواب۔ پاکستان کی پہلی موٹروے کا نام ایم 2 ہے۔ 367 کلومیٹر طویل یہ موٹروے لاہور کو اسلام آباد سے جوڑتی ہے۔اس کی تعمیر 1993 میں ہوئی۔

سوال177: پاکستان نے اپنا پہلا سفارت خانہ کس ملک میں کھولا تھا؟
جواب۔ پاکستان نے اپنا پہلا سفارت خانہ ایران میں کھولا تھا بیس اکتوبر انیس سو سینتالیس کو. اور پاکستان کے پہلے سفارت کار قاضی محمد عیسیٰ بنے تھے. اس سے ایک دن پہلے انیس اکتوبر کو مصر نے پاکستان میں اپنا سفارت خانہ کھولا تھا

سوال178: پاکستان کی سب سے بڑی تحصیل کونسی ہے؟
جواب۔ پاکستان کی سب سے بڑی تحصیل دیپالپور ہے

سوال179: پاکستان کے پہلے وزیر خزانہ کون تھے؟
جواب۔ پاکستان کے پہلے وزیر خزانہ ملک غلام محمد تھے

سوال180: پاکستان میں قانون کے لحاظ سے لڑکے اور لڑکی کی شادی کی عمر کیا ہے؟
جواب۔ لڑکے کی عمر کم از کم اٹھارہ سال اور لڑکی کی کم از کم عمر سولہ سال ہونی چاہیئے

سوال181: کس ملک کے صدر نے 20 اپریل 2015 کو پاکستان کا دورہ کیا تھا؟
جواب۔20 اپریل 2015 کو چین کے صدر ژی چنگ پنگ نے پاکستان کا دورہ کیا تھا

سوال182: شملہ وفد کس کی سربراہی میں لارڈ منٹو سے ملا تھا؟
جواب۔ شملہ وفد سر آغا خان کی قیادت میں 1 اکتوبر 1906 میں شملہ میں لارڈ منٹو سے ملا تھا. اور جداگانہ انتخابات کا مطالبہ پیش کیا گیا. اس مطالبے کو بعد میں منٹو مارلے اصلاحات میں مان لیا گیا اور مسلمانوں کی مخصوص نشستیں مان لی گئی. یہ مسلمانوں کا پہلا باقاعدہ سیاسی قدم تھا. جس کے بعد مسلمانوں کا حوصلہ بڑھا اور انہوں نے 31 دسمبر 1906 میں آل انڈیا مسلم لیگ بنائی

سوال183: مارگلہ کی پہاڑیاں کس پہاڑی سلسلے کا حصہ ہیں؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ مارگلہ کی پہاڑیاں کوہ ہمالیہ کا حصہ ہیں

سوال184: پاکستان کی رینکنگ Planet Happy Index میں کیا ہے؟

جواب۔Planet Happy Index میں پاکستان کا نمبر سولہ ہے۔

MQC

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

# ادب

سوال 1: آخری الفاظ وہ بیوقوف کہتے ہیں جنہوں نے پہلے کچھ نہیں کہا ہوتا۔ یہ الفاظ کس مفکر کے ہیں؟

جواب۔ کارل مارکس

Go on, get out, last words are for those who haven't said enough.

Carl Marx

سوال 2: کس اردو ناول کو اردو ناولوں کا گرنتھ صاحب کہا جاتا ہے؟

جواب۔ "علی پور کا ایلی" کو

سوال 3: کونسے مشہور شاعر تھے جو اپنی زندگی میں ہی اپنے نام کے ساتھ مرحوم لکھا کرتے تھے؟

جواب۔ جوش ملیح آبادی

سوال 4: کس نے کہا تھا:

Ability without opportunity is useless.

جواب۔ نپولین بوناپارٹ نے

سوال 5: دو شعرا کے نام بتائیں جن کے تخلص بے نقطہ تھے۔

جواب۔ میر "درد"، "ساحر" لدھیانوی، الطاف حسین "حالی"، "وصی"، عبدالحمید "عدم"، مرزا ہادی "رسوا"، محمد رفیع "سودا"، جمیل الدین "عالی"، "ماہر" القادری

سوال 6: انگریزی حروف i اور j کے اوپر موجود نقطے کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب۔ Tittle

سوال 7: دنیا نے بابائے اردو کا خطاب مولوی عبدالحق کو دیا۔ مولوی عبدالحق نے یہ خطاب کس کو دیا تھا؟

جواب۔ اختر انصاری

سوال 8: شاعر کا نام بتایئے۔

www.KitaboSunnat.com

"کیا ہنسی آئی ہے مجھ کو حضرت انسان پر"
"فعل بد تو خود کریں اور لعنت کریں شیطان پر"
جواب۔ انشا خان انشا

سوال 9: دنیا کی سب سے طویل ترین نظم کا نام بتائیں؟
جواب۔ مہابھارت۔ دو لاکھ بیس ہزار سے زائد سطریں

سوال 10: "Happy Birthday To you" یہ گانا کس کی ملکیت ہے؟
جواب۔ Warner Chappel Music کمپنی اس گانے کے ملکیتی حقوق رکھتی ہے۔

سوال 11:

"دکھائی بھی جو نہ دے، نظر بھی وہ آرہا ہے" "وہی خدا ہے"
"کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے" "وہی خدا ہے"۔

آپ شاعر کا نام بتائیں۔
جواب۔ مظفر وارثی

سوال 12: حیات جاوید کس نے کس کے بارے میں لکھی ہے؟
جواب۔ مولانا الطاف حسین حالی نے سر سید احمد خان کے بارے میں

سوال 13:

"کچھ عشق پیغمبر میں نہیں شرط مسلمان"
ہے کوثری ہندو بھی طلبگار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم"

یہ شعر کس ہندو شاعر کا ہے؟
جواب۔ دلورام کوثری

سوال 14: انگلش میں ترجمہ کریں۔ "کوا چلا ہنس کی چال، اپنی بھی بھول گیا"
جواب۔ "He that apes others, never be himself"

سوال 15: اردو کا پہلا سفر نامہ کونسا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ عجائبات فرنگ اردو کا سب سے پہلا سفر نامہ ہے۔ اسے 1847 میں شائع کیا گیا۔ لکھنے والے کا نام یوسف خان کمل پوش ہے۔ اور یہ انگلینڈ کا سفر نامہ ہے۔ مزید تفصیل ایک اور حوالہ

دیکھا ہندوستان حسن رضوی نے لکھا تھا۔ سفر وسیلہ ظفر ریحانہ عبد اللہ نے لکھا تھا۔ لندن سے ماسکو تک مستنصر حسین تارڑ کا پہلا سفر نامہ ہے۔

سوال 16: اردو ادب کی تاریخ "تاریخ ادب اردو" سب سے پہلے کس زبان میں لکھی گئی اور کس نے لکھی؟

جواب۔ تاریخ ادب اردو انگلش میں لکھی گئی اور رام بابو سکسینہ نے لکھی۔

سوال 17: ابو نواس ایک بہت بڑا شاعر گزرا ہے بتایئے اسکی مشہور تصنیف کیا ہے اور یہ کس کے دربار کا شاعر تھا؟

جواب۔ اسکی مشہور تصنیف الف لیلیٰ ہے اور وہ ہارون الرشید کے دربار کا شاعر تھا۔ بعد میں امین الرشید کے ساتھ منسلک رہا۔

سوال 18: علامہ اقبال کی آخری نظم کا عنوان کیا تھا؟

جواب۔ علامہ اقبال کی آخری کتاب 'ارمغان حجاز' تھی جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوئی۔ اس کتاب کی آخری نظم 'حضرت انسان' تھی جو علامہ محمد اقبال کی آخری نظم تھی۔

سوال 19: شاعر کا نام بتائیں:

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں
سامان سو برس کا ہے اک پل کی خبر نہیں

جواب۔ یہ شعر حیرت الہ آبادی کا ہے۔

سوال 20: غالب کے بارے میں کس شاعر نے کہا تھا کہ اگر اسکو کوئی کامل استاد مل گیا اور اس کو سیدھے راستے پہ ڈال دیا تو لاجواب شاعر بن جائے گا ورنہ اول فول بکے گا؟

جواب۔ نذیر اکبر آبادی نے کہا تھا۔

سوال 21: شاعر کا نام بتائیں:

اک گناہ میرے ماپے ویکھن تے دیون دیس نکالا
لکھ گناہ میرا اللہ ویکھے او پردے پاون والا
یا
اک گناہ میرا ماپیو ویکھے تے عمراں منہ نہ لاوے
تے لکھ گناہ میرا مالک ویکھے فیروی پردے پاوے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ یہ شعر میاں محمد بخش کا ہے۔

سوال 22: ڈرامہ نگاری میں تو اردو کا شیکسپیئر آغا حشر کاشمیری کو کہا جاتا ہے بتائیں شاعری میں اردو کا شیکسپیئر کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ میر ببر خان انیس کو شاعری میں اردو کا شیکسپیئر کہا جاتا ہے۔

سوال 23: پشتو زبان کے سب سے بڑے شاعر کون تھے؟

جواب۔ رحمان بابا اور خوشحال خان خٹک دونوں ہی پشتو کے عظیم شاعر تھے۔

سوال 24: دنیا کی کتنے فیصد آبادی اردو بولتی ہے؟

جواب۔ تقریباً ایک فیصد

سوال 25: اکبر الہ آبادی شاعر ہونے کے علاوہ پیشے کے لحاظ سے کیا تھے؟

جواب۔ اکبر حسین رضوی المعروف اکبر الہ آبادی الہ آباد ہائی کورٹ میں سیشن جج تھے۔

سوال 26: اقبال کی کونسی کتاب 1913 کے نصاب میں شامل تھی؟

جواب۔ اقبال کی کتاب 'تاریخ ہند' 1913 کے نصاب میں شامل تھی۔

سوال 27: علامہ محمد اقبال نے اپنے کونسے مجموعہ شاعری میں بچوں کے لیے بھی نظمیں لکھی ہیں؟

جواب۔ بانگ درا میں

سوال 28: شاعر کا نام بتائیں۔

نہرو کا قدم جم نہ سکا مالا کنڈ میں:::: جب آگئی سر پہ گھڑی امتحان کی

لایا ہے پیر مانکی ایک ایسا انقلاب:::: رنگت معابد لنے لگی آسمان کی

جواب۔ مولانا ظفر علی خان

سوال 29: ابراہیم جلیس کی کونسی کتاب چین کے نصاب تعلیم میں شامل ہے؟

جواب۔ نئی دیوار چین

سوال 30: البیرونی کو کونسی کتاب لکھنے پہ محمود غزنوی کے بیٹے مسعود غزنوی نے چاندی سے بھرا ہوا ہاتھی انعام میں دیا تھا؟

جواب۔ قانون مسعودی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال31: کس مشہور شاعر نے کہا تھا؛'اکسٹھ سال کی عمر بڑی خطرناک ہوتی ہے اس سے آگے بڑھ گئے تو بہتر سال جئیں گے' لیکن افسوس وہ اکسٹھ سال سے آگے نہ بڑھ پائے؟

جواب۔ سراج الدین ظفر

سوال32: بتایئے البیرونی کی مادری زبان کونسی تھی؟

جواب۔ البیرونی کی مادری زبان فارسی تھی لیکن اسکی زیادہ تر کتابیں عربی میں ہیں۔

سوال33: اردو میں سب سے پہلے آپ بیتی کس نے لکھی؟

جواب۔ جعفر تھینسری نے سب سے پہلے کالا پانی کے نام سے آپ بیتی لکھی۔ اگرچہ یہ کوئی باقاعدہ طور پہ آپ بیتی نہیں تھی۔ اس کے بعد مولانا ظفر علی خان نے بھی ایک کتاب میں اپنے حالات زندگی قلم بند کیے۔ لیکن باقاعدہ طور پہ اردو میں آپ بیتی خواجہ حسن نظامی نے لکھی۔

سوال34: شوکت تھانوی نے اپنا کونسا ناول ایک رات میں لکھا تھا؟

جواب۔ 'بیوی'۔۔۔۔ ناول کا نام ہی بیوی ہے۔

سوال35: شاعر کا نام بتائیں؛

کچھ منع نہیں ہر ایک کی تحریر پڑھو؛؛؛؛؛؛؛؛ لیکن قرآن کی بھی تفسیر پڑھو

عظمت دنیا کی جب دبائے دل کو؛؛؛؛؛؛؛؛؛؛ خالق کا کرو خیال تکبیر پڑھو

جواب۔ یہ شعر اکبر الہٰ آبادی کا ہے۔

سوال36: شاعر کا نام بتائیں؛

غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخ۔۔۔

آپ بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں۔

جواب۔ مرزا اسد اللہ خان غالب

سوال37: کس ڈرامہ نگار کو انڈین شیکسپیئر کہا جاتا ہے؟

جواب۔ آغا حشر کاشمیری کو

سوال38: شاعر کا نام بتائیں؛

www.KitaboSunnat.com

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو۔۔۔

دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں۔

جواب:خواجہ میر درد

سوال39:پشتو کے اس شاعر کا نام بتائیں جس کے کلمہ طیبہ کی تفسیر 65000اشعار میں لکھی؟

جواب۔سمندر خان سمندر۔دس جلدوں پہ مشتمل یہ کتاب لکھنے میں انہیں چھتیس سال لگے۔اس کتاب کا نام توحید ترنگ ہے۔

سوال40:صاحب سیف و قلم کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔خوشحال خان خٹک کو صاحب سیف و قلم کہا جاتا ہے۔

سوال41:دنیا کی سب سے پہلی آپ بیتی کس نے لکھی کب لکھی اور کس نام سے لکھی؟

جواب۔مارکس اوریلیئس Marcus Aurelius نے اپنی آپ بیتی The Meditations کے نام سے لکھی۔

یہ دنیا کی پہلی آپ بیتی سمجھی جاتی ہے۔160 سے 180 عیسوی کے دوران

سوال42:دنیا کی وہ کونسی دو کتابیں ہیں جن کو ہر قوم ہر مذہب ہر زبان اور ہر ملک کا ہر شخص پڑھتا ہے؟

جواب۔فون ڈائریکٹری اور ڈکشنری

سوال43:مرزا غالب نے کل کتنی غزلیں لکھی ہیں؟

جواب۔مرزا غالب نے تین سو اٹھائیس غزلیں لکھی ہیں۔

سوال44:شاعر کا نام بتائیں:

زمانے کے انداز بدلے گئے

نیا راگ ہے ساز بدلے گئے

جواب۔علامہ محمد اقبال

سوال45:کس انگریزی ادیب کے آٹو گراف کی قیمت 20پونڈ تھی؟

جواب۔جارج برنارڈ شا(جی بی شا)

سوال46:کس راہنما نے 1926 میں دہلی سے غریبوں کا اخبار نکالا تھا؟

جواب۔خواجہ حسن نظامی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال47: دنیا میں سب سے زیادہ کونسا رسالہ پڑھا جاتا ہے؟

جواب۔Watchtower

سوال48: بھکاریوں کا اخبار کس ملک سے شائع ہوتا ہے؟

جواب۔ فرانس کے شہر پیرس سے

سوال49: انگریزی زبان کا ایسا کونسا ناول ہے جس میں 50000 سے زائد الفاظ ہیں لیکن ایک بار بھی لفظ "E" استعمال نہیں ہوا ہے۔

جواب۔Gadsby۔ Written by Earnst Wincent Wright in 1939

سوال50: شاعر کا نام بتائیں:

غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دیوانہ مر گیا آخر کو ویرانے پہ کیا بیتی

جواب۔رام نرائن موزوں

سوال51: انگلش شاعری کا باپ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔ Geoffrey Chaucer

سوال52: اردو کی پہلی صاحب دیوان شاعرہ کا نام کیا ہے؟

جواب۔ لطف النسا امتیاز بیگم۔ 37 سال کی عمر میں دیوان لکھا۔

سوال53: بابا اردو مولوی عبدالحق کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب۔ مولوی عبدالحق نے ساری زندگی شادی ہی نہیں کی۔ سو کوئی بیٹا نہیں تھا۔

سوال54: کس شاعر کا یہ مصرع بہت مشہور ہوا۔

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارہ

جواب۔ نذیر اکبر آبادی

سوال55: عورت کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب۔ ستر (ڈھانپی جانے والی چیز)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال 56: شاعر کا نام بتائیں۔

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مر جاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

جواب۔ احمد ندیم قاسمی

سوال 57: شاعر کا نام بتائیں

**آیا نہ ہوگا اس طرح حُسن و شباب ریت پر**
**گلشنِ فاطمہ کے تھے سارے گلاب ریت پر**
**آلِ بتول کے سوا کوئی نہیں کھلا سکا**
**قطرہءآب کے بغیر اتنے گلاب ریت پر**
**عشق میں کیا بچائیے، عشق میں کیا لٹائیے**
**آلِ نبی نے لکھ دیا سارا نصاب ریت پر**
**جتنے سوال عشق نے، آلِ رسول سے کئیے**
**ایک کے بعد اِک دیئے، سارے جواب ریت پر**
**پیاسا حسین کو کہوں۔ اتنا تو بے ادب نہیں**
**لمسِ لبِ حسین کو ترسا ہے آب ریت پر**
**آلِ نبی کا کام تھا، آلِ نبی کر گئے**
**کوئی نہ لکھ سکا ادیب، ایسی کتاب ریت پر**

جواب۔ ادیب رائے پوری

سوال 58: شاعر کا نام بتائیں۔

یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجئے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

جواب۔ مرزا اسد اللہ خان غالب

سوال 59: شاعر کا نام بتائیں

چلتے ہو تو چمن کو چلیئے سنتے ہیں کہ بہاراں ہے
پات ہرے ہیں پھول کھلے ہیں کم کم بادو باراں ہے

جواب۔ میر تقی میر

سوال 60: شاعر کا نام بتائیں۔

یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں
کہ کام آئے دنیا میں انسان کے انساں

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ مولانا الطاف حسین حالی

سوال 61:

دل خوش ہوا ہے مسجد ویراں کو دیکھ کر

میری طرح خدا کا بھی خانہ خراب ہے۔

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

جواب۔ مرزا غالب کا

سوال 62: پنجابی کے کتنے لہجے ہیں اور کونسا لہجہ معیاری ہے؟

جواب۔ چھ لہجے ہیں۔ ماجھی، پوٹھواری، چھاچھی، سرائیکی، دھنی اور شاہ پوری

ماجھی معیاری لہجہ مانا جاتا ہے۔ (ایف اے مطالعہ پاکستان)

سوال 63: کونسے شاعر تھے جنھوں نے اپنی تاریخ وفات خود نکالی جو بالکل درست ثابت ہوئی؟

جواب۔ مومن خان مومن

سوال 64: اقبال کا یہ شعر ایک خاتون کی وفات پہ لکھی گئی نظم کا حصہ ہے۔ کیا آپ اس خاتون کا نام بتا سکتے ہیں؟

"آسماں تیری لحد پہ شبنم آفشانی کرے

سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے"

جواب۔ یہ خاتون اقبال کی والدہ امام بی بی تھیں۔

سوال 65: شاعر کا نام بتائیں۔

"تندی باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب

یہ تو چلتی ہے تجھے اور اونچا اڑانے کے لیے"

جواب۔ سید صادق حسین شاہ

سوال 66: اقبال کا یہ مشہور شعر ان کی کس نظم کا حصہ ہے؟

"سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا

لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا"

جواب۔ طلوع اسلام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال67:شاعر کا نام بتائیں۔

اے وطن کے سجیلے جوانو

میرے نغمے تمہارے لیے ہیں

جواب۔ جمیل الدین عالی

سوال68:شعر کا پہلا مصرعہ بتائیں۔

"ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے انجام گلستاں کیا ہو گا"

جواب۔ "برباد گلستاں کرنے کو بس ایک ہی الو کافی ہے"

سوال69:اس مشہور ادیب کا نام بتائیں جن کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات 22 نومبر ہے؟

جواب۔سید سلمان ندوی پیدائش 22 نومبر 1884 وفات 22 نومبر 1953

سوال70:شاعر کی شناخت کریں۔

"سبق ملا ہے یہ معراج مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے مجھے"

"کہ عالم، بشریت کی زد میں ہے، گردوں"

جواب۔ڈاکٹر علامہ محمد اقبال

سوال 71: فصیح الملک، بلبل ہندوستان اور جہان استاد کس شاعر کے خطابات تھے؟

جواب۔نواب مرزا خان داغ دہلوی

سوال72:"اگر مجھے قتل کیا گیا" کس کی تصنیف ہے؟

جواب۔اگر مجھے قتل کیا گیا ذوالفقار علی بھٹو کی تصنیف ہے جو جیل میں لکھی گئی

(If I am assasinated)

ذوالفقار علی بھٹو کی آخری تحریر ہے یہ اگست، ستمبر 1978 کے لگ بھگ روزانہ کی بنیاد پر راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں لکھی گئی۔

سوال73:لکھنو کے اس شاعر کا نام بتائیں جو مرد تھے لیکن تخلص زنانہ تھا؟

جواب۔جمعیت علی "ثریا"۔۔۔عابد مرزا "بیگم"۔۔۔علی بیت "نازنین"۔

سوال74: قلم کا مزدور کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ قلم کا مزدور یا شاعر مزدور احسان دانش کو کہا جاتا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بحوالہ:

https://en.m.wikipedia.org/wiki/Ehsan_Danish

سوال75:اردو کا سب سے پہلا اخبار کونسا ہے اور کب شروع ہوا تھا؟

جواب۔ ذیادہ تر محققین اور مؤرخین کے مطابق جام جہاں نماہی سب سے پہلا اردو اخبار ہے جو 1822 میں شروع ہوا تھا . ٹیپو سلطان نے جو فوجی اخبار شروع کیا تھا اس کے بارے میں کچھ محققین شکوک و شبہات کا شکار ہیں۔اب میں کوئی محقق تو ہوں نہیں اس لیے جام جہاں نما کو ہی درست جواب تسلیم کرتا ہوں اور نیچے لنک دیا ہے مکمل تفصیل پڑھنے کو کسی کا دل چاہے تو پڑھ سکتا ہے

http://www.urduweb.org/mehfil/threads/اردو-کا-پہلا-اخبار.63079/

سوال76:شاعر کا نام بتائیں:

گئے دونوں جہاں کے کام سے ہم، نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم، نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

جواب۔ دیا گیا شعر مرزا صادق شرر دہلوی کا ہے

سوال77:شاعر کا نام بتائیں:

مکتب عشق کا دستور نرالا دیکھا

اسکو چھٹی نہ ملے جسکو سبق یاد رہے

جواب۔ دیا گیا شعر میر طاہر علی رضوی کا ہے۔میرؔ طاہر علی رضوی کانپور کے رہنے والے تھے اور منشی امداد حسین صغیرؔ کے شاگرد تھے۔ ضلع فرخ آباد میں کلیکٹر کے عہدے پر فائز تھے اور یہیں سے ریٹائرڈ ہوئے۔ آپ کی تاریخ ولادت،1840 اور تاریخ وفات 20 جولائی 1911 ہے میرؔ طاہر علی رضوی کا یہ شعر کئی شکلوں میں زبانِ ذد عام ہے، مگر؛ خم خانہ جاید؛ جلد پانچ؛ مرتبہ، پنڈت برج موہن، مطبوعہ دتاتریہ کیفی، دہلی 1940 کے صفحہ نمبر 426 پر یہ شعر اپنی اصل شکل میں موجود ہے۔

سوال78:شاعر کا نام بتائیں:

اک ضرب ید الہٰی اک سجدہ شبیری

اسلام کے دامن میں فقط اس کے سوا کیا ہے

جواب۔ اس شعر کے بارے میں عام رائے ہے کہ یہ شعر اقبال کا ہے جبکہ حقیقتا ایسا نہیں ۔یہ شعر وقار انبالوی مرحوم کا ہے جو انہوں نے ہفت روزہ "شیعہ" کے اجراء پر اس کی پیشانی پر درج کرنے کے لئے اس کے ایڈیٹر کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرمائش پر لکھا تھا۔ یہ ایک اخبار کا کالم حوالے کے طور پہ

http://dailypakistan.com.pk/columns/20-Jul-2012/10006

سوال 79: کس شاعر نے کس شاعر کے بارے میں یہ شعر کہا تھا؟

تجھ کو خود پہ تھا اعتماد اتنا

خود ہی کو تو نے راہنما مانا

جواب۔ یہ شعر حبیب جالب نے جوش کے بارے میں 'بیادِ جوش' نظم میں لکھا ہے۔

سوال 80: زبان اور اسلوب کے لحاظ سے اردو کی سب سے مشکل کتاب کونسی مانی جاتی ہے؟

جواب۔ فسانہ عجائب زبان اور اسلوب کے لحاظ سے اردو کی سب سے مشکل کتاب مانی جاتی ہے۔ اس کتاب کے مصنف رجب علی بیگ سرورؔ ہیں۔ باغ و بہار انتہائی سلیس اور آسان زبان میں لکھی گئی تھی اس کی ضد اور اس کے مقابلے کے طور پہ یہ کتاب لکھی گئی تھی۔

بحوالہ

https://ur.m.wikipedia.org/wiki/فسانہ_عجائب

سوال 81: شاعر کا نام بتائیں:

اقرار میں کہاں ہے انکار کی سی خوبی

ہوتا ہے شوق غالب ان کی نہیں نہیں پہ

جواب۔ یہ شعر میر تقی میر کا ہے۔

سوال 82: بیت الغزل کسی غزل کے کسی بھی ایک شعر کو کہا جاتا ہے۔ بتائیں کس شعر کو؟

جواب۔ غزل کے سب سے بہترین شعر کو بیت الغزل کہتے ہیں۔ ایک غزل میں ایک سے زیادہ بیت الغزل بھی ہو سکتے ہیں۔ مثلاً مجروح سلطان پوری کا ایک شعر ملاحظہ کریں:

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر

لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

سوال 83: اقبال نے ٹوٹل 12000 کے قریب اشعار لکھے۔ ان میں سے کتنے فارسی میں ہیں؟

جواب۔ تقریباً 7000 کے قریب فارسی میں ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال84: مشہور ادیب اور بچوں کا اسلام کے سابق مدیر اشتیاق احمد مرحوم کے پہلے ناول کا نام کیا تھا؟
جواب۔ اشتیاق احمد کا پہلا ناول "پیکٹ کا راز" 1972 میں شائع ہوا۔ اسکا معاوضہ انہیں پچاس روپے ملا تھا۔ یہ ایک رومانوی ناول تھا۔ اور آخری ناول "عمران کی واپسی" نومبر 2015 میں منظر عام پر آیا۔

سوال85: دنیا میں آج تک کسی بھی زبان میں سب سے زیادہ ناول لکھنے کا اعزاز کس شخص کو جاتا ہے؟
جواب۔ اشتیاق احمد جو مشہور و معروف ناول نگار تھے جو جاسوسی ناولز لکھنے کی وجہ سے شہرت رکھتے تھے آٹھ سو ناولز لکھے اپنی زندگی میں لیکن خود میٹرک پاس تھے

سوال86: شاعر کا نام بتائیں:

نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا
خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی

جواب۔ یہ شعر قرآن حکیم کی آیت کا ترجمہ ہے اور یہ منظوم تخلیقی ترجمہ مولانا ظفر علی خان نے کیا ہے۔ یہ شعر 1937ء میں شائع ہونے والی مولانا ظفر علی خان کی کتاب "بہارستان" میں شامل ہے۔
ترجمہ: بیشک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا؛ جب تک وہ خود اپنے آپ کو نہ بدل ڈالے اور جب اللہ کسی قوم کو برے دن دکھانے کا ارادہ فرماتا ہے تو پھر اُسے کوئی ٹال نہیں سکتا اور اللہ کے سوا ایسوں کا کوئی بھی مددگار نہیں ہو سکتا۔ سورہ رعد آیت 11

سوال87: شاہ مدینہ شاہ مدینہ یثرب کے والی۔۔۔۔ بتائیں اس نعتیہ نظم کے شاعر کا نام کیا ہے؟
جواب۔ اس مشہور زمانہ نعت کے خالق کا نام تنویر نقوی ہے اور انہوں نے یہ نعت فلم "نور اسلام" کے لیے لکھی تھی.

بحوالہ

http://www.dawnnews.tv/news/1011715

http://www.nawaiwaqt.com.pk/letters/25-Nov-2015/432250

سوال88: شاعر کا نام بتائیں:

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

جواب۔ یہ شعر خواجہ میر درد دہلوی کا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال89:شاعر کانام بتائیں:

قیس جنگل میں اکیلا ہے مجھے جانے دو
خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو

جواب۔ یہ شعر میاں داد خان سیاح کا ہے. اورنگ آباد میں 1830 میں پیدا ہوئے. ابتدا میں عشاق تخلص کرتے تھے. غالب کے شاگرد ہوئے تو انہوں نے ان کے ذوق سفر کی مناسبت سے ان کا تخلص سیاح تجویز کیا1907 میں ممبئی میں وفات پائی۔

MQC

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# سپورٹس

سوال 1: انٹرنیشنل ہاکی میں کن کھلاڑیوں کو "دیوارِ چین" کہا جاتا ہے؟

جواب۔ پاکستانی فل بیکس منظور الحسن اور منورالزماں

سوال 2: 1994 میں پاکستان بیک وقت چار کھیلوں کا چیمپیئن تھا۔ ذرا بتایئے تو کون کون سے؟

جواب۔ 1۔ سنوکر: محمد یوسف 2۔ سکواش: جان شیر خان 3۔ ہاکی: محمد شہباز سینئر 4۔ کرکٹ: عمران خان

سوال 3: ایک روزہ کرکٹ میں کس کھلاڑی نے پاکستان کے خلاف 150 + سکور کیا ہے؟

جواب۔ برائن لارا

سوال 4: شاہد آفریدی نے سب سے زیادہ میچز کس ملک کے خلاف کھیلے ہیں اور کتنے؟

جواب۔ 74 میچز بھارت کے خلاف

سوال 5: کرکٹ کی تاریخ میں کتنے ٹیسٹ میچ ٹائی ہوئے ہیں اور کن کن ٹیموں کے درمیان؟

جواب۔ دو ٹیسٹ ٹائی ہوئے ہیں 1۔ آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز 2۔ آسٹریلیا اور انڈیا

سوال 6: دنیا کے کس عظیم کھلاڑی نے کہا تھا کہ اگر میں یہ میچ جیت گیا تو اسلام قبول کر لوں گا۔ وہ میچ بھی جیت گیا تھا اور اس نے اسلام بھی قبول کر لیا تھا۔

جواب۔ محمد علی کلے

سوال 7: فٹ بال اور ہاکی میں کیپٹن کی شناخت کیسے کی جاتی ہے؟

جواب۔ بازو پہ پٹی بندھی ہوتی ہے

سوال 8:۔ 2009۔02۔25 کو کھیلے جانے والے ایک ٹونٹی ٹونٹی میچ میں 24 چھکے مارے گئے۔ یہ ٹی ٹونٹی میچ میں چھکوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد ہے۔ آپ بتائیں یہ میچ کن ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا؟ اور کس ٹیم نے کتنے چھکے مارے؟

جواب۔ نیوزی لینڈ 11 چھکے بمقابلہ انڈیا 13 چھکے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال9: دنیائے کرکٹ کا کونسا کھلاڑی ایک روزہ کرکٹ میں صرف ایک رن کی کمی کی وجہ سے سب سے زیادہ دفعہ اپنی سنچری مکمل کرنے میں ناکام رہا ہے؟

جواب۔ماسٹر بلاسٹر رمیش سچن ٹنڈولکر۔ تین دفعہ 99 پہ آؤٹ ہونے کا اعزاز ان کے پاس ہے۔

سوال10: اب تک بائیسکل پہ تیز ترین رفتار کا ریکارڈ کس کے پاس اور کتنا ہے؟

جواب۔Rompelberg of Netherlands

167 میل فی گھنٹہ

سوال11: TEN Sports بہت مقبول کھیلوں کا چینل ہے۔ آپ اس میں TEN کا مطلب بتادیں؟

جواب۔Taj Entertainment Network

سوال12: ڈبل فالٹ کس گیم کی اصطلاح ہے؟

جواب۔لان ٹینس کی۔ دو دفعہ اگر سروس غلط دی جائے تو ایک پوائنٹ جاتا ہے اور اسے ڈبل فالٹ کہا جاتا ہے۔

سوال13: اپنے کیریئر کے 100 ویں ٹیسٹ میں 100 سکور کرنے کا اعزاز تاریخ میں 6 بلے بازوں کو حاصل ہے۔ ان میں 2 پاکستانی ہیں ان پاکستانیوں کے نام بتائیں۔

جواب۔انضمام الحق اور جاوید میانداد

باقی4: Alec Stewart,Colin Cowdray,Ricky Ponting,Gordon Greenidge

سوال14: ایک روزہ کرکٹ میں 5 میچوں کی سریز میں پاکستان نے 4 ٹیموں کو وائٹ واش کیا ہے۔ آپ یہ بتائیں پاکستان خود کتنی بار وائٹ واش ہوا ہے؟

جواب۔2بار بمقابلہ ویسٹ انڈیز 1998 بمقابلہ آسٹریلیا 2010

سوال15: اس اوپنر کرکٹ کھلاڑی کا نام بتائیں جس نے اپنے اوپنر ساتھی کے زیرو پہ آؤٹ ہو جانے کے بعد ٹرپل سنچری بنائی؟

جواب۔کرس گیل۔317 رنز جبکہ اس کا ساتھی ڈبلیو ڈبلیو ہنڈز زیرو پہ آؤٹ ہو گیا تھا۔

سوال16: کونسا کھیل مرد اور عورتیں مل کر کھیلتے ہیں۔ یعنی ایک ہی ٹیم میں کچھ مرد ہوتے ہیں اور کچھ عورتیں ہوتی ہیں۔

جواب۔کارف بال (Korf Ball)

ایک ٹیم میں آٹھ کھلاڑی ہوتے ہیں 4 مرد اور 4 عورتیں ہوتی ہیں۔ سب سے پہلے 1902 میں نیدرلینڈ میں کھیلا گیا اور موجودہ چیمپئن بھی نیدرلینڈ ہی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال17:ٹی وی پہ سب سے پہلے ٹیسٹ میچ کب اور کن ٹیموں کے درمیان دکھایا گیا؟

جواب۔24جون 1938کو لارڈز کرکٹ گراؤنڈ سے بی بی سی پہ پہلی دفعہ ایشیز سیریز کا دوسرا میچ دکھایا گیا۔

سوال18:وہ کونسی ٹیمیں ہیں جو فالو آن کا شکار ہوئیں لیکن پھر بھی اپنے میچز جیت لیے؟

جواب۔اب تک ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں تین بار ہی ایسا ہوا کہ فالو آن کا شکار ہونے والی ٹیم میچ جیت گئی ہو۔ دو بار انگلینڈ نے آسٹریلیا کے خلاف میچز جیتے۔اور ایک بار انڈیا نے آسٹریلیا کے خلاف اپنا میچ جیت کے دکھایا۔

سوال19:پاکستان کے کس کھلاڑی نے کھیلتے ہوئے ایک زوردار شاٹ ماری تھی جو باؤنڈری پہ بیٹھے ایک کبوتر کو لگی تھی اور وہ وہی پہ مر گیا تھا؟

جواب۔ماجد خان

سوال20:کرکٹ کی اصطلاح 'نائٹ واچ مین' کا کیا مطلب ہے؟

جواب۔نائٹ واچ مین اس ناتجربہ کار کھلاڑی کو کہا جاتا ہے جسے کم روشنی میں کھیلنے کے لیے بھیجا جائے تا کہ تجربہ کار کھلاڑی اگلے دن دن کی روشنی میں کھیل سکے۔نائٹ واچ مین عام طور پہ بالر ہوتا ہے۔

سوال21:سب سے پہلے کس پاکستانی نے اپنے پہلے ہی میچ میں سنچری سکور کی؟

جواب۔خالد عبید اللہ۔166 بمقابل آسٹریلیا بمقام نیشنل سٹیڈیم کراچی 24اکتوبر 1964

سوال22:کونسے تین کھیل ہیں جن میں پیچھے ہٹنے والا جیت جاتا ہے؟

جواب۔کبڈی،رسہ کشی،پیچھے کی طرف تیراکی

سوال23:'Arena' کس کھیل کے پلے گراؤنڈ کا خاص نام ہے؟

جواب۔ریسلنگ

سوال24:انڈیا کے ماسٹر بلاسٹر سچن رمیش ٹنڈولکر نے اپنے پہلے ون ڈے انٹرنیشنل میں کتنے رنز سکور کیے؟

جواب۔دو بال پہ صفر رنز۔بمقابلہ پاکستان بمقام گوجرانوالہ بتاریخ 18دسمبر 1989۔بال وقار یونس کیچ وسیم اکرم۔پاکستان یہ میچ 7رنز سے جیتا تھا۔

سوال25:پاکستان نے اب تک کتنی بار ون ڈے انٹرنیشنل میں 350 + کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔4بار۔بمقابلہ بنگلہ دیش 385رنز۔بتاریخ 21جون 2010۔بمقابلہ سری لنکا 371رنز۔4اکتوبر 1996۔بمقابلہ انگلینڈ 353 رنز۔15دسمبر 2005۔بمقابلہ ساؤتھ افریقہ 351رنز۔7فروری 2007

سوال26:ان کرکٹ اصطلاحات کے مطلب بتائیں

جواب۔

Royal Duck:بغیر کوئی بال کھیلے آؤٹ ہونا جیسے رن آؤٹ

Titanium Duck:اننگ کی پہلی بال پہ آؤٹ ہونا

Laughing Duck:اننگ کی آخری بال پہ زیرو پہ آؤٹ ہونا

King Pair:ایک میچ کی دونوں اننگز میں فرسٹ بال پہ آؤٹ ہونا

Carry the Bat:اوپنر کا اننگز کے آخر تک ناٹ آؤٹ رہنا

Devil's Number: 87آسٹریلوی کھلاڑی اسے منحوس گردانتے ہیں۔

Double Hat-trick: 4لگاتار بالزپہ 4وکٹیں حاصل کرنا۔یہ ریکارڈ ابھی تک صرف ملنگا کے پاس ہے۔

Picket fences:ایک اوور کی ہر بال پہ ایک ایک رن بنانا جیسے 111111

سوال27:کرکٹ کی تاریخ کا سب سے لمبا اوور کس باؤلر نے کروایا؟

جواب۔پاکستان کے محمد سمیع نے۔اوور 17بالزپہ مشتمل تھا۔7نوبالز اور 4وائیڈز

سوال28:سکواش کے کس عظیم کھلاڑی نے مسلسل 555میچز جیت کے گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈز میں اپنا نام لکھوایا تھا؟

جواب۔جہانگیر خان(1981سے 1985تک دنیا کا کوئی پلیئر اسے نہیں ہرا پایا تھا)۔

سوال29:کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے اس بالر کا نام بتائیں جس نے ہر بال پہ الگ الگ سٹیمپ گرائی۔پہلے مڈل سٹیمپ پھر آف سٹیمپ پھر لیگ سٹیمپ

جواب۔انڈین بالر چیتن شرما۔یہ ہیٹ ٹرک ریلائنس ورلڈ کپ 1987میں بنائی گئی۔نیوزی لینڈ کے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کرکے۔ اسی چیتن شرما کو جاوید میانداد نے ایشیا کپ میں آخری بال پہ چھکا مارا تھا۔

سوال30:کس پاکستانی کھلاڑی نے اپنے وکٹوں کے سب سے زیادہ شکار ایل بی ڈبلیو کے زریعے کیے ہیں؟

جواب۔عمر گل سترہ وکٹیں ایل بی ڈبلیو کے زریعے۔

سوال31:ایک اوور میں ہر بال پہ چھکا لگانے والے بیٹسمین کا نام بتائیں۔اب تک کتنے بیٹسمین یہ اعزاز حاصل کرچکے ہیں؟

جواب۔ون ڈے میں ہرشل گبز اور ٹی ٹونٹی میں یووراج سنگھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال32: پاکستان نے کرکٹ میں ٹیسٹ سٹیٹس ملنے کے بعد ایک میچ ہارنے کے بعد دوسرا میچ جیت لیا تھا یہ بتائیں کس ٹیم نے اپنا پہلا میچ بیالیس میچ کھیلنے کے بعد جیتا؟

جواب۔نیوزی لینڈ

سوال33: دنیا میں سب سے پہلے ٹینس کلب کہاں قائم ہوا تھا؟

جواب۔پہلا ٹینس کلب انگلینڈ میں بنایا گیا تھا۔

سوال34: اب تک 32 ایک روزہ میچز ٹائی ہو چکے ہیں۔ بتایئے کتنے میچز میں پاکستان بھی شامل تھا؟

جواب۔پاکستان کے اب تک 8 میچز ٹائی ہو چکے ہیں۔

سوال35: کس پاکستان کھلاڑی نے اپنے پہلے ہی میچ میں 'مین آف دی میچ' کا اعزاز حاصل کیا تھا؟

جواب۔صاحبزادہ محمد شاہد خان آفریدی۔28 اگست 2006 کو انگلینڈ کے خلاف میچ میں پہلا اعزاز حاصل کیا۔

سوال36: پنیلیٹی سٹروک لگاتے ہوئے گیند کو گول پوسٹ سے کتنے فاصلے پہ رکھا جاتا ہے؟

جواب۔پنلٹی سٹروک لگاتے ہوئے فٹ بال کو تقریباً 36 فٹ دور رکھا جاتا ہے۔یا 12 یارڈ

سوال37: میراتھن ریس کا آفیشل فاصلہ کتنا ہے؟

جواب۔42.195 کلومیٹر

سوال38: اولمپکس مقابلے 2016 کہاں منعقد ہوں گے؟

جواب۔ 2016 کے اولمپکس اگست 2016 میں برازیل کے شہر ریوڈی جنیرو میں ہوں گے

سوال39: دنیا میں سب سے پہلے گالف کہاں کھیلا گیا؟

جواب۔ گالف کا آغاز پندرہویں صدی میں سکاٹ لینڈ سے کیا گیا تھا

سوال40: اس سری لنکن بالر کا نام بتائیں جس نے ٹیسٹ، ٹی ٹونٹی اور ون ڈے میں اپنے پہلے پہلے اوور کی پہلی بال پہ وکٹ حاصل کی؟

جواب۔Shaminda Eranga

وہ سری لنکن بالر ہے جس نے ٹیسٹ اور ون ڈے میں پہلی پہلی بال اور ٹی ٹونٹی میں دوسری بال پہ وکٹ لی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال 41:اب تک ایک روزہ، ٹیسٹ، ٹی ٹونٹی اور فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایک اوور میں زیادہ سے زیادہ رنز کتنے بنے ہیں؟

جواب۔ ٹیسٹ میں برائن لارا اٹھائیس رنز

ون ڈے میں ہرشل گبز چھتیس رنز

ٹی ٹونٹی میں یوو راج سنگھ چھتیس رنز

فرسٹ کلاس میں گرمن ستتر رنز

فرسٹ کلاس کا حوالہ:

http://www.espncricinfo.com/magazine/content/story/451716.html

سوال 42: کرکٹ کی تاریخ میں تھرڈ ایمپائر نے سب سے پہلے کس کو آؤٹ قرار دیا اور کب؟

جواب۔ تھرڈ امپائر کا استعمال سب سے پہلے بارہ نومبر انیس سو بانوے میں کیا گیا اور سب سے پہلا آؤٹ سچن ٹنڈولکر کو قرار دیا گیا یہ رن آؤٹ تھا اور ٹنڈولکر نے گیارہ رنز بنائے تھے

سوال 43: پاکستان کے کس باؤلر نے ابھی تک اپنے کیریر میں ایک بھی نو بال نہیں کرائی؟

جواب۔ سعید اجمل نے اپنے ٹی ٹونٹی اور ون ڈے کیریئر میں کوئی نو بال نہیں کروائی جبکہ ٹیسٹ میں ایک نو بال کروائی ہے

سوال 44: ہاکی کے گول کی لمبائی کتنی ہوتی ہے؟

جواب۔ ہاکی کے گول کی لمبائی یعنی چوڑائی 12 فٹ ہوتی ہے۔ اور اونچائی سات فٹ ہوتی ہے۔

سوال 45: پاکستان کے اس ٹیسٹ کرکٹ کیپٹن کا نام بتائیں جس نے تین میچز انڈیا کی طرف سے بھی کھیلے تھے۔

جواب۔ عبدالحفیظ کاردار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دنیائے عالم

سوال 1: اسلامی دنیا کا سب سے بڑا جنازہ کس شخصیت کا تھا؟

جواب۔ مصر کے صدر جمال عبد الناصر کا تھا۔

سوال 2: پاکستان کے بانی محمد علی جناح ہیں۔ آپ ان ممالک کے بانیوں کے نام بتائیں۔

افغانستان، انڈونیشیا، چین، مصر، آسٹریلیا

جواب۔ احمد شاہ ابدالی، سوئیکارنو، سان یات سین، سعد زغلول، سر ہنری پارکس

سوال 3۔ 1952 میں آئن سٹائن کو کس ملک کی صدارت کی پیشکش کی گئی تھی جو اس نے ٹھکرا دی؟

جواب۔ اسرائیل

سوال 4: دنیا کے کس ملک میں چیونگ گم پہ پابندی ہے؟

جواب۔ سنگاپور

سوال 5: "Year of Imam Azam" کب اور کس ملک میں منایا گیا؟

جواب۔ 2009 میں تاجکستان میں

سوال 6: کس اسلامی ملک کا جھنڈا کبھی سرنگوں نہیں ہوتا؟

جواب۔ سعودی عرب

سوال 7: Sick Man of Europe کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ترکی کو

سوال 8: دہلی کا لال قلعہ کس نے تعمیر کروایا تھا؟

جواب۔ شاہ جہاں

سوال 9: دنیا میں سب سے زیادہ ایلیویٹر (لفٹ) (اردو: رافع مشین) کس ملک میں ہیں؟

جواب۔ اٹلی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال10: کس ملک کے جھنڈے کو "Tricolor Flag" کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بھارت کے ترنگا جھنڈے کو۔

سوال11: دنیا کا کونسا ملک سطح سمندر سے نیچے واقع ہے؟

جواب۔ نیدرلینڈ

سوال12: دہلی میں قطب الدین ایبک کا بنوایا گیا قطب مینار کس مسجد کا حصہ ہے؟

جواب۔ قوت الاسلام مسجد کا

سوال13: دنیا کے تقریباً تمام دریا شمال سے جنوب کی طرف بہتے ہیں۔ وہ کونسا مشہور دریا ہے جو جنوب سے شمال کی طرف بہتا ہے؟

جواب۔ نیل

اس کے علاوہ بھی کافی سارے ہیں لیکن اتنے مشہور نہیں ہیں۔

سوال14: بھارت کے اس شہر کا نام بتائیں جو دو صوبوں کا دارالخلافہ ہے۔

اور بھارت کی اس ریاست کا نام بھی بتائیں جس کے دو دارالخلافے ہیں۔

جواب۔ چندی گڑھ (پنجاب اور ہریانہ دونوں کا دارالخلافہ ہے)

جموں وکشمیر کے دو دارالخلافے ہیں سردیوں میں جموں اور گرمیوں میں سرینگر

اس کے علاوہ مہاراشٹرہ کے بھی دو دارلخلافے ہیں ممبئی اور ناگ پور

سوال15: ٹائے ٹینک بنانے والوں نے دعویٰ کیا تھا کہ اس جہاز کو مسلمانوں کا خدا بھی نہیں ڈبو سکتا۔ خدا نے برف کے ایک تودے سے اس عظیم الشان جہاز کو تباہ وبرباد کر کے رکھ دیا۔ بتائیں تو ٹائے ٹینک میں کتنے لوگ سوار تھے اور کتنے زندہ بچ پائے؟

جواب۔2224لوگ سوار تھے اور710زندہ بچ پائے۔

سوال16: ساؤتھ افریقہ کے تین دارالحکومت ہیں۔ دنیا کے کس ملک کا ایک بھی آفیشل دارالحکومت نہیں ہے؟

جواب۔ ریپبلک آف نارو(Republic of Nauru)

سوال17: دنیا کے ان دو ممالک کے نام بتائیں جن کے نام شروع تو "A" سے ہوتے ہیں لیکن ختم "A" پہ نہیں ہوتے۔

جواب۔Afghanistan۔Azerbaijan

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال18: دنیا کے کونسے دو ممالک ڈبل لینڈ لاکڈ ہیں۔ لینڈ لاکڈ ایسا ملک ہوتا ہے جس کے ساتھ کوئی سمندر نہ لگتا ہو۔ اور ڈبل لینڈ لاکڈ ایسا ملک ہوتا ہے جس کے ساتھ لگنے والے ممالک کے ساتھ بھی کوئی سمندر نہ لگتا ہو۔

جواب۔Liechtenstein۔Uzbekistan

سوال19: "Hell" نامی گاؤں دنیا کے کس ملک میں ہے؟

جواب۔ ناروے۔ ناروے کی زبان میں Hell کا مطلب Luck ہوتا ہے۔

سوال20: دنیا میں تناسب کے لحاظ سے عورتوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ مرد متحدہ عرب امارات میں پائے جاتے ہیں جہاں ہر 100 عورتوں کے مقابلے میں 219 مرد ہیں۔ اس ملک کا نام بتائیں جہاں عورتوں کی تعداد مردوں کے مقابلے میں دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

جواب۔Northern Mariana Islands۔ جہاں 100 مردوں کے مقابلے میں 126 عورتیں ہیں۔

اسٹونیا میں 116 لٹویا میں 114 پاکستان میں 91 امریکا میں 103 انڈیا میں 92

سوال 21: دنیا میں سب سے زیادہ دہریئے کس ملک میں پائے جاتے ہیں؟

جواب۔ چین۔ 93 فیصد آبادی دہریوں (Atheist) پر مشتمل ہے۔ جو خدا کے وجود پہ یقین نہیں رکھتے۔

سوال22: دنیا کے ان دو ممالک کے نام جن کے جھنڈے مستطیل نہیں ہے؟

جواب۔ نیپال کا جھنڈا بے قاعدہ شکل کا ہے۔

سوئٹزرلینڈ اور ویٹیکن سٹی سٹیٹ کا جھنڈا مربع شکل کا ہے۔

سوال23: شاہ فیصل 1 اور شاہ فیصل 2 کس ملک کے بادشاہ تھے؟

جواب۔ عراق کے

سوال24: ٹریفک قوانین سب سے پہلے کس ملک میں متعارف کروائے گئے؟

جواب۔ انگلینڈ میں۔ 1861 میں "Locomotive on Highway" کے نام سے قانون پاس کیا گیا۔

سوال25: کس ملک کے نام کا مطلب چاندی ہے؟

جواب۔ ارجنٹینا یا ارجنٹائن۔ پہلی دفعہ سپینی سیاح اس ملک میں یہ افواہیں سن کے آئے تھے کہ یہاں چاندی کے پہاڑ ہیں اس لیے اسے یہ نام دیا گیا تھا ورنہ یہاں کوئی چاندی شاندی نہیں پائی جاتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال26: کس ملک کو موٹوں کا دیس کہا جاتا ہے؟ جس ملک کی 90 فیصد آبادی موٹاپے کا شکار ہے۔

جواب۔ ٹونگا۔

سوال27: بھارت کے کس شہر کو "ٹھگوں کا شہر" کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بنارس

سوال28: اس مشہور حکمران کا نام بتائیں جو تقریر کے دوران جوش کی وجہ سے مٹھی میں دبی عینک توڑ دیا کرتا تھا اور اس کے سیکرٹری کو عینک کا ایک علیحدہ سیٹ رکھنا پڑتا تھا؟

جواب۔ اڈولف ہٹلر

سوال29: چین کو سب سے پہلے کس ملک نے تسلیم کیا؟

جواب۔ سب سے پہلے روس نے تین اکتوبر 1949 کو تسلیم کیا۔ پاکستان نے 21 مئی 1951 کو تسلیم کیا تھا۔

سوال30: تہران میں شہنشاہیت کے اڑھائی ہزار سالہ جشن کی یاد میں کونسا مینار تعمیر کیا گیا تھا؟

جواب۔ شاہ یاد ٹاور یا آزادی ٹاور

سوال31: امرتسر میں واقع سکھوں کی مرکزی عبادت گاہ جسے 1604 میں تعمیر کیا گیا تھا۔ سکھوں کی مشہور کتاب گرنتھ صاحب بھی یہی پہ رکھی ہوئی ہے۔ بتایئے اس کا سنگ بنیاد کس نے رکھا تھا؟

جواب۔ گرو ارجن سنگھ نے ہی گولڈن ٹیمپل کا سنگ بنیاد رکھا تھا۔ انٹرنیٹ پہ کچھ جگہوں پہ میاں محمد میر لکھا ہے جو غلط ہے۔ بحوالہ وکیپیڈیا

سوال32: جیت کے نشان کے لیے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کو ملا کے وی کا نشان بنانے کا نشان کی ایجاد کا سہرا کس کے سر جاتا ہے؟

جواب۔ یہ سہرا برطانوی فوجیوں کو جاتا ہے۔ سو سالہ جنگ کے دوران فرانسیسی فوجی برطانوی تیر اندازوں کی پہلی دو انگلیاں کاٹ دیتے تھے تاکہ وہ تیر نہ چلا سکیں۔ جب برطانوی فوجی بچ جاتے تھے تو وہ ان کو چڑانے کے لیے وی کا نشان بناتے تھے کہ ہماری انگلیاں سلامت ہیں۔ بعد میں یہ نشان مشہور طور پہ سر ونسٹن چرچل کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے۔ جو برطانیہ کے وزیر اعظم رہے۔

سوال33: آدھی رات کے سورج کی سرزمین کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ناروے کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال34:اخوان المسلمین نامی اسلامی تنظیم کے بانی کا نام بتائیں؟

جواب۔"شیخ حسن احمد عبدالرحمٰن محمد البنا" المعروف "حسن البنا"

سوال35:دنیا کا قدیم ترین شہر کونسا ہے؟

جواب۔دمشق۔اور پاکستان کا قدیم ترین شہر ملتان ہے۔

سوال36:جاپانیوں کے عقیدے کے مطابق کس پہاڑ پہ دیوتا رہتے ہیں؟

جواب۔فیوجی یاما پہاڑ پہ

سوال37:نیوزی لینڈ کے اصل باشندوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب۔نیوزی لینڈ کے آج کل کے باشندوں کو کیوی کہا جاتا ہے جبکہ اصل باشندوں کو ماوری کہا جاتا ہے۔بالکل اسی طرح جیسے امریکہ کے آج کل کے باشندوں کو امریکی جبکہ امریکہ کے اصل باشندوں کو ریڈ انڈینز کہا جاتا ہے۔

سوال38:انگلینڈ کا ایک علاقہ بلیک کنٹری کے نام سے جانا جاتا ہے۔بتائیں کیوں؟

جواب۔کوئلے کی کانوں کی وجہ سے

سوال39:اسرائیل نے جس آپریشن میں عراق کے نیوکلیئر ری ایکٹر کو تباہ کیا تھا اس آپریشن کا کوڈ نیم کیا تھا؟

جواب۔اس آپریشن کا نام آپریشن اوپرا یا آپریشن بیبیلون تھا۔

Operation Babylon،Operation Opera

سوال40:امریکہ سب سے زیادہ کس ملک کا مقروض ہے؟

جواب۔چین کا

سوال41:سب سے پہلے کسی ایشیائی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والی پہلی خاتون کا نام کیا ہے؟

جواب۔بیگم جہان آرا شاہنواز

سوال42:یہودیت کے کتنے فرقے ہیں؟

جواب۔نو فرقے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

Orthodox, Conservative, Reform, Classical Reform, Karaite, Reconstructionist, Renewal, Humanistic, Haymanot

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال 43:اردو انڈیا کی کن ریاستوں کی ریاستی زبان ہے؟

جواب۔اتر پردیش، بہار، اندھرا پردیش، جموں و کشمیر اور نیو دہلی

سوال 44:براعظم افریقہ کے سب سے گنجان آباد ملک کا نام کیا ہے؟

جواب۔نائیجیریا۔

سوال 45:امریکی پرچم کس نے بنایا تھا؟

جواب۔امریکی پرچم کس نے بنایا کسی کو نہیں پتا لیکن ویکیپیڈیا کے مطابق Robert G Heft اور Francis Hopkinsonنے بنایا تھا۔ جبکہ کچھ ویب سائٹس پہ ایک امریکی خاتون الیزبتھ بٹسی کا نام بھی لکھا ہوا ہے۔

سوال 46: کس ملک کے ایوان صدر کو بلیو ہاؤس کہتے ہیں؟

جواب۔ جنوبی کوریا کے ایوان صدر کو بلیو ہاؤس کہا جاتا ہے۔

سوال 47: دنیا میں کونسی ایسی خاتون تھی جس نے دیوار برلن کے ساتھ شادی کی تھی؟

جواب۔ Eija Riitta Berliner Mauerنامی خاتون نے دیوار برلن کے ساتھ شادی کی تھی۔

سوال 48:ہیروشیما اور ناگاساکی پہ گرائے جانے والی ایٹم بم کے نام کیا تھے؟

جواب۔لٹل بوائےLittle Boyنامی ایٹم بم ہیروشیما پہ گرایا گیا اور فیٹ مینFat Manنامی ایٹم بم ناگاساکی پہ گرایا گیا۔

سوال 49: اگر انٹارکٹیکا میں موجود ساری برف پگھل جائے تو سمندروں میں موجود پانی کا لیول کتنا بڑھے گا؟

جواب۔ 67 میٹر بلند ہو جائیں گے۔

سوال 50:اٹھارہ سو تراسی میں ایک ایشیائی ملک میں ایک آتش فشاں پہاڑ پھٹا تھا جس کے پھٹنے کی آواز آج تک کی سنائی دی جانے والی سب سے بلند آواز تھی جو پوری دنیا میں گونج کی وجہ سے تین دفعہ سنی گئی تھی۔ ملک اور آتش فشاں کا نام بتائیں۔

جواب۔انڈونیشیا کے کے ایک جزیرے میں پھٹنے والا ایک آتش فشاں جس کا نام کراکاٹوKrakatoaہے۔ اسکے پھٹنے سے جو آواز آئی وہ آج تک کی سنائی دینے والی سب سے اونچی آواز ہے۔

سوال 51: کونسا دریا دنیا کے سب سے زیادہ ملکوں سے گزرتا ہے؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ دریائے نیل دنیا کے سب سے زیادہ ملکوں سے گزرتا ہے۔ان ملکوں کے نام یہ ہیں۔ تنزانیہ، یوگنڈا، روانڈا، برونڈی، کانگو، کینیا، ایتھوپیا، اریٹیریا، ساؤتھ سوڈان، سوڈان اور مصر۔ یہ 19 ملک بنتے ہیں۔ دریائے امیزون 10 ملکوں سے گزرتا ہے۔

سوال 52: کس اسلامی ملک کی قومی زبان انگلش ہے؟
جواب۔ نائیجیریا کی قومی زبان انگلش ہے۔

سوال 53: کس سال میں سب سے زیادہ ملک آزاد ہوئے؟
جواب۔ انیس سو ساٹھ میں۔ تقریباً انیس ملک۔کچھ کے نام یہ رہے: کیمرون، ٹوگو، سومالی لینڈ، مڈگاسکر، گھانا، بینن، نائیجر، برکینا فاسو، کوٹ ڈی آئیورے، چاڈ، سینٹرل افریقن ریپبلک، ریپبلک آف کانگو، سینیگال، مالی، نائیجیریا، موریطانیہ

سوال 54: اقوام متحدہ کا نام کس نے تجویز کیا تھا؟
جواب۔ اقوام متحدہ 24 اکتوبر 1945 کو بنائی گئی اور نام تجویز کیا امریکی صدر فرینکلن ڈی روزویلٹ نے۔

سوال 55: انیس نومبر کو کن دو چیزوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے؟
جواب۔ مردوں اور ٹوائلٹ کا دن منایا جاتا ہے۔

سوال 56: بیسویں صدی میں سب سے زیادہ بار کس ملک نے اپنا جھنڈا تبدیل کیا ہے؟
جواب۔ افغانستان کا جھنڈا جس میں 1901 سے 2004 تک 20 مرتبہ تبدیلی ہوئی. صرف 1926 سے 1930 تک چار سالوں میں سات مرتبہ جھنڈا تبدیل ہوا. کتنے ہی جھنڈے چند ماہ تک ہی چل سکے بعد میں دوبارہ تبدیل ہوئے۔

سوال 57: ایشیائے کوچک کا نام تو سنا ہوگا۔بتائیں کسے کہا جاتا تھا؟
جواب۔ ایشیائے کوچک ترکی کو کہا جاتا تھا ایشیائے کوچک اناطولیہ نامی ایک جزیرہ نما کو کہا جاتا تھا
جزیرہ نما کے شمال میں بحیرہ اسود، جنوب میں بحیرہ روم، مغرب میں بحیرہ ایجیئن اور مشرق میں براعظم ایشیا ہے۔
اضافی معلومات: براعظم ایشیا کے مغربی علاقے کا نام۔ اسے ایشیائی ترکی بھی کہتے ہیں۔ ایشیائے کوچک میں زیادہ علاقہ اناطولیہ کی سطح مرتفع کا ہے۔ شمال اور جنوب میں یونٹک اور طورس کے کوہستان ہیں۔ جو مشرق میں آرمینیا کے پہاڑوں سے جا ملتے ہیں۔ شمال میں بحیرہ اسود کا سخت پتھریلا ساحل ہے۔ جنوبی ساحل میں بڑی بڑی خلیجیں ہیں۔ لیکن مغربی ساحل کافی کٹا پھٹا ہے اور اس کے بالمقابل کئی چھوٹے بڑے جزائر ہیں۔ اناطولیہ کا علاقہ خشک ہے۔ جس میں کہیں کہیں پانی کی نمکین جھیلیں ہیں، یہاں اکثر زلزلے آتے رہتے ہیں۔ ساحلی علاقے خطہ روم کی آب وہوا کی وجہ سے سر سبز و شاداب ہیں۔

سوال 58: دنیا کا سب سے لمبا پہاڑی سلسلہ کونسا ہے؟ اور کتنا لمبا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ اگر سطح زمین کے اوپر کی بات کریں تو Andes ہے جسکی لمبائی 4350 میل لمبی ہے.... قریب سات ہزار کلو میٹر جبکہ submarine mountains کی بات کریں تو Mid-ocean ridge ہے جو چالیس ہزار میل لمبی ہے..... پینسٹھ ہزار کلو میٹر

سوال 59: سعد العالی کیا ہے؟ اور کہاں واقع ہے؟

جواب۔ سعد العالی مصر کے شہر اسوان میں ایک ڈیم ہے جو 21 جولائی 1970 میں بنا اس کا نام اسوان ڈیم بھی ہے

سوال 60: ہندو مذہب کے مطابق دنیا میں سب سے پہلا انسان کون سا آیا تھا؟

جواب۔ ہندو مذہب کے مطابق "منو" وہ پہلا انسان تھا جو دنیا میں آیا تھا۔

سوال 61: انگلینڈ اور فرانس کے درمیان مشہور سو سالہ جنگ کتنا عرصہ جاری رہی تھی؟

جواب۔ انگلینڈ اور فرانس کے درمیان تیرہ سو سینتیس سے چودہ سو ترپن کے درمیان ایک سو سولہ سال تک جو لڑائیاں ہوتی رہیں انہیں سو سالہ جنگ کہا جاتا ہے

سوال 62: روس کا مشہور انقلاب اکتوبر ریوولوشن کس مہینے میں آیا تھا؟

جواب۔ روس کا مشہور عالم انقلاب اکتوبر ریوولوشن نومبر میں آیا تھا سات نومبر انیس سو سترہ۔ پرانے جولین کیلنڈر کے لحاظ سے دیکھیں تو پچیس اکتوبر

سوال 63: دنیا کے کونسے دریا پہ کوئی پل نہی ہے؟

جواب۔ امیزون پہ کوئی پل نہیں ہے

سوال 64: اسلامی ممالک میں سے کوئلہ کس ملک سے سب سے زیادہ نکلتا ہے؟

جواب۔ اسلامی ممالک میں سے سب سے زیادہ کوئلہ انڈونیشیا سے نکلتا ہے تین سو چھیاسی ملین ٹن

سوال 65: جنوری 2016 میں انٹر نیشنل اکنامک فورم کا سالانہ اجلاس سوئٹزرلینڈ کے کس شہر میں ہوا ہے؟

جواب۔ انٹرنیشنل اکنامک فورم کا سالانہ اجلاس سویٹزرلینڈ کے شہر ڈیووس میں ہوا ہے 23-20 جنوری 2016 کو

سوال 66: افغان طالبان کا جھنڈا کس رنگ کا ہے اور اس پہ کیا لکھا ہے؟

جواب۔ سفید رنگ کا ہے اور کالے رنگ سے کلمہ طیبہ یعنی پہلا کلمہ لکھا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال67:دوہا کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

جواب۔ دوہا قطر کا دارالحکومت ہے۔

سوال68:کس ملک کا قومی جانور کتا ہے؟

جواب۔ برطانیہ کا قومی جانور کتا ہے اسکی نسل بل ڈاگ ہے

سوال69:آسٹریلیا کا کونسا شہر اپنی صاف ستھری آب وہوا کی وجہ سے Island of Inspiration کہلاتا ہے؟

جواب۔ تسمانیہ

سوال70:بائیس مارچ کو دنیا میں کونسا دن منایا جاتا ہے؟

جواب۔عالمی پانی کا دن 22 مارچ کو منایا جاتا ہے۔

سوال 71:اوٹاوا کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

جواب۔ کینیڈا کا۔

سوال72:اوسلو کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

جواب۔ناروے کا

سوال73:سٹاک ہالم کس ملک کا دارالحکومت ہے؟

جواب۔سویڈن کا

سوال74:ادب کا نوبل پرائز 2015 میں کس کو ملا تھا؟

جواب۔ نوبل انعام برائے ادب 2015 روسی صحافی اور مصنفہ سویتلانا الیگزوچ کو دیا گیا تھا-

سوال75:ٹائم میگزین کے مطابق 2015 کا پرسن آف دی ایئر کون تھا؟

جواب۔ 2015 میں ٹائم میگزین پرسن آف دی ایئر کا خطاب جرمن چانسلر اینجلا مارکل کو دیا گیا تھا.وہ 2005 سے اب تک جرمنی کی چانسلر ہیں۔

سوال76:فوربس میگزین نے 2015 میں دنیا کا سب سے طاقتور شخص کسے قرار دیا تھا؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ امریکی میگزین فوربس 2015 کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے 73 اثرورسوخ افراد کی فہرست جاری ہوئی جس کے مطابق روس کے صدر ولادی میر پیوٹن کو دنیا کا طاقتور ترین شخص قرار دیا۔ دوسرے نمبر پر جرمن چانسلر اینجلا مرکل تیسرے نمبر پہ باراک اوباما چوتھے نمبر پہ پوپ فرانسس پانچویں نمبر پہ چینی صدر ژی جن پنگ چھٹے نمبر پہ بل گیٹس

سوال 77: کس ملک نے 24 نومبر 2015 کو روس کا ایک طیارہ مار گرایا تھا؟

جواب۔ ترکی نے

سوال 78: یورپی یونین کے ممبر ممالک کی تعداد کتنی ہے؟

جواب۔ 28

سوال 79: کون سے اسلامی ممالک نیٹو کے رکن ہیں؟

جواب۔ ترکی اور البانیہ

## آئی کیو سوالات

سوال 1:

4 4 4 4=1

4 4 4 4=2

4 4 4 4=3

4 4 4 4=4

4 4 4 4=5

4 4 4 4=6

4 4 4 4=7

4 4 4 4=8

4 4 4 4=9

4 4 4 4=10

اس میں جمع، منفی، ضرب، تقسیم، چھوٹی، درمیانی اور بڑی بریکٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

اس میں اعداد کو 44 یا 444 یا 4444 کے طور پر بھی لکھا جا سکتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔

$(4+4)/(4+4)=1$

$(4/4)+(4/4)=2$

$4/(4+4+4)=3$

$\{(4-4)\times4\}+4=4$

$\{(4\times4)+4\}/4=5$

$\{(4+4)/4\}+4=6$

$\{(4+4)-(4/4)\}=7$

$\{(4-4)+(4+4)\}=8$

$[\{(4/4)+4\}+4]=9$

$\{4/(44-4)\}=10$

MQC

سوال2:ایک بس میں آٹھ لڑکیاں ہیں۔ہر لڑکی کے پاس آٹھ بیگ ہیں۔ہر بیگ میں آٹھ چوہے ہیں۔ہر چوہے کے آٹھ بچے ہیں۔بتائیں توذرابس میں کل کتنی ٹانگیں ہیں؟علاوہ ازیں ڈرائیور۔

جواب۔18448 ٹانگیں

سوال3:رمضان المبارک میں 29 یا 30 روزے ہوتے ہیں۔لیکن ایک سال ایسا بھی گزرا ہے جس میں رمضان کے 42 روزے رکھے گئے۔سال بتادیں۔

جواب۔ 1935 ۔ کیونکہ اس سال یکم جنوری کو یکم رمضان تھا اور قمری سال چھوٹا ہونے کی وجہ سے دسمبر میں پھر رمضان آگیا اس طرح 42 روزے رکھے گئے۔

سوال4:وہ کیا چیز ہے جو دن سے روشن ہو سکتا ہے،رات سے کالا ہو سکتا ہے،بلاؤ تو حرام ہے پیو تو حلال ہے،مرد کو دن میں پانچ مرتبہ یاد کرتا ہے،عورت کو زندگی میں ایک مرتبہ۔قرآن میں اس کا ذکر پانچ مرتبہ ہے۔پانچ حروف کا لفظ ہے۔میم سے شروع ہوتا ہے۔

جواب۔ مقبرہ۔اعمال اچھے تو دن سے روشن،اعمال برے تو رات سے بھی کالا،موت کی تمنا کرو تو حرام،جام شہادت نوش کرو تو حلال، قبر دن میں پانچ مرتبہ مرد کو یاد کرتی ہے عورت کو مر کر ایک ہی دفعہ قبرستان جانا ہوتا ہے۔

سوال5:

111 = 9 8 7 6 5 4 3 2 1 0

1۔صرف + اور – کی علامات استعمال کریں 2۔ڈبل ڈیجٹ بھی لکھ سکتے ہیں۔ 3۔کوئی بھی ڈیجٹ دوبار الاؤڈ نہیں ہے۔4۔ہر ڈیجٹ کا استعمال ضروری ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ 0+1+2-3+4+5+6+7+89 = 111

سوال6: وہ کونسی کھانے والی چیز ہے جو گرم کرنے سے سکڑتی ہے؟
جواب۔ انڈہ

سوال7: فرض کریں کہ آپ ایک طاق نمبر والے سال میں پیدا ہوئے ہیں۔ آپ اپنی 50ویں سالگرہ طاق نمبر والے سال میں منائیں گے کہ جفت نمبر والے سال میں؟
جواب۔ طاق نمبر والے سال میں

سوال8: Is half of two plus two equals to two or three?
جواب۔ Three۔ پہلے تقسیم پھر جمع کا عمل ہو گا۔

سوال10: ان لفظوں میں سے کس کا مطلب سٹوڈنٹس کا گروپ ہے؛ Harass, Plethora, Fraternity, Hill
جواب۔ Fraternity

سوال11: 16/20, 21/22 , 7 / 11 ان کو ترتیب نزولی میں لکھیں۔
جواب۔
1۔ 20/21
2۔ 16/20
3۔ 7/11

سوال12: There is a word In English which is always pronounced incorrectly. What is it?
جواب۔ Incorrectly

سوال13: ایک ٹرین راولپنڈی سے کراچی کے لیے نکلتی ہے۔ ٹھیک اسی وقت ایک دوسری ٹرین کراچی سے راولپنڈی کے لیے نکلتی ہے۔ کراچی سے نکلنے والی ٹرین کی رفتار 100 میل فی گھنٹہ اور راولپنڈی سے نکلنے والی ٹرین کی رفتار 60 میل فی گھنٹہ ہے۔ جب دونوں راستے میں ملتی ہیں تو کونسی ٹرین کراچی سے زیادہ فاصلے پہ موجود ہے۔
جواب۔ چونکہ دونوں ایک ہی جگہ پہ ہیں اس لیے کراچی سے دونوں ہی برابر فاصلے پہ موجود ہیں۔

سوال14: اگلا عدد بتائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

One, Four, Five, Six, Seven, Nine, Eleven, ......?......

جواب۔Hundred

کیونکہ ان تمام اعداد میں T نہیں آتا۔

سوال15:

A man and his son are in a car accident. The father dies on the scene, but the child is rushed to the hospital. When he arrives the surgeon says, "I can't operate on this boy, he is my son!" How can this be true?

جواب۔Surgeon was child's mother.

سوال16: تمام خالی جگہوں کو ایک ہی لفظ سے پر کریں۔

ایک______لڑکی نے_____خریدی۔ اور وہ ایک______عورت سے ٹکرائی اور اس کی ساری______زمین پر گر گئی۔

جواب۔ چینی

سوال17:

اگر

1=5

2=25

3=325

4=4325

تو

5=?

جواب۔

5=1

سوال18:

A man is wearing black. Black shoes, socks, trousers, lumper, gloves and balaclava. He is walking down a street with all the street lamps off.A black car is coming towards him with its light off but somehow manages to stop in time. How did the driver see the man?

جواب۔Its day time.

www.KitaboSunnat.com

سوال 19: ایک ہی لفظ سے خالی جگہ پر کریں۔

شہد سے زیادہ میٹھا ________ ہے۔

سورج سے زیادہ گرم ________ ہے۔

فقیر کے پاس ________ ہوتا ہے۔

بادشاہ کو ________ چاہیئے۔

جو ________ کھائے مر جائے گا۔

جواب۔ "کچھ نہیں"

سوال 20: ایک گھونگا 20 فٹ گہرے کنویں میں ہے۔ وہ ہر روز 5 فٹ اوپر چڑھتا ہے لیکن رات کو سوتے ہوئے 4 فٹ نیچے کھسک جاتا ہے۔ آپ یہ بتائیں وہ کتنے دن بعد کنویں سے باہر نکل آئے گا؟

جواب۔ 16 دن بعد۔ 15 دن وہ 15 فٹ چڑھے گا اور آخری دن مزید 5 فٹ چڑھ کے باہر آجائے گا۔

سوال 21: گیارہ ہزار گیارہ سو اور گیارہ کو ہندسوں میں لکھیں۔

جواب۔ 12111

سوال 22: ایک گھڑی کو صبح آٹھ بجے درست کیا گیا ہے۔ 24 گھنٹوں میں یہ گھڑی 10 منٹ آگے چلی جاتی ہے۔ اگلے دن جب گھڑی دن کا ایک بجائے گی تو درست ٹائم کیا ہو گا؟

جواب۔ 12 بج کے 48 منٹ

اگر یہ گھڑی 4 2 گھنٹوں میں 10 منٹ آگے جاتی ہے تو ایک گھنٹے میں 25 سیکنڈ آگے جائے گی۔ صبح 8 بجے سے اگلے دن دوپہر 1 بجے تک 29 گھنٹے بنتے ہیں۔ اس لحاظ سے 725 سیکنڈ آگے جائے گی جو 12 منٹ بنتے ہیں۔ اس لیے یہ اضافی 12 منٹ نکالنے پر درست ٹائم 12 بج کے 48 منٹ ہو گا۔

سوال 23: فرض کریں آپ سیڑیوں کے پاس کھڑے ہیں۔ اور آپ کے سامنے تین بلبوں کے بٹن ہیں۔ بلب چھت پہ ہیں جو آپ کو نظر نہیں آرہے ہیں۔ آپ کیسے بتائیں گے کہ کس بٹن سے کونسا بلب جلتا ہے۔ آپ صرف ایک دفعہ چھت پہ جا سکتے ہیں۔

جواب۔ بٹن نمبر ایک اور بٹن نمبر دو کو آن کریں۔ پانچ منٹ آن رہنے دیں۔ اس کے بعد بٹن نمبر ایک کو آف کر دیں۔ اور چھت پہ چلے جائیں۔ بٹن نمبر دو والا بلب جل رہا ہو گا۔ باقی دونوں کو چھو کر دیکھیں جو تھوڑا گرم ہو گا وہ بٹن نمبر ایک والا ہے اور جو بالکل ٹھنڈا ہو گا وہ بٹن نمبر تین والا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال24:ایک بادشاہ نے ایک قیدی کو سزائے موت سنائی۔ ملکہ نے رحم کی درخواست کی۔ اب بادشاہ ملکہ کی بات بھی نہیں ٹال سکتا لیکن قیدی کو بھی سزائے موت دینا چاہتا ہے۔ اس لیے وہ دو پرچیاں منگواتا ہے۔ ملکہ کے علم میں لائے بغیر دونوں پہ موت لکھواتا ہے۔ اور قیدی سے کہتا ہے ایک پرچی اٹھاؤ اگر زندگی والی اٹھائی تو تمہاری جان بخش دی جائے گی ورنہ موت تمہارا مقدر ہو گی۔ قیدی بادشاہ کی چال سمجھ جاتا ہے لیکن وہ کیا کرے کہ اس کی جان بچ جائے؟

جواب۔ قیدی دونوں میں سے ایک پرچی اٹھا کر منہ میں ڈالتا ہے اور چبا کر کھا جاتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ جو پرچی میں کھالی یہ پرچی میں نے چن لی۔ اب بقیہ پرچی اٹھا کر دیکھی جائے اگر اس پہ موت لکھا ہو تو مطلب میں نے زندگی والی پرچی اٹھا کے کھائی ہے۔ اس طرح وہ بچ جاتا ہے۔

سوال25: پانچ بلیاں 5 چوہے 5 منٹ میں پکڑتی ہیں۔ 100 بلیاں 100 چوہے کتنے منٹ میں پکڑیں گی؟

جواب۔ 5 منٹ

سوال26: ایک آدمی ایک کلب کے اندر جانا چاہتا ہے لیکن کلب کے اندر جانے کے لیے پاس ورڈ چاہیئے۔ وہ آدمی دروازے کے پاس کھڑے ہو کے سنتا ہے ایک آدمی آتا ہے اور گیٹ کیپر اسے کہتا ہے "Twelve" وہ آدمی جواب دیتا ہے "Six" اور گیٹ کیپر اسے اندر جانے دیتا ہے۔ پھر ایک اور آدمی آتا ہے گیٹ کیپر کہتا ہے "Six" وہ آدمی جواب دیتا ہے "Three" اور اندر چلا جاتا ہے۔ یہ آدمی جو کھڑا سن رہا ہے یہ بھی سمجھ جاتا ہے اور گیٹ کیپر کے پاس جاتا ہے گیٹ کیپر کہتا ہے "Eight" یہ آدمی جواب دیتا ہے "Four" لیکن گیٹ کیپر اندر نہیں جانے دیتا۔ آپ بتائیں اس آدمی کو کیا کہنا چاہیئے کہ وہ اند چلا جائے؟

جواب۔ "Five" کیونکہ گیٹ کیپر جو کچھ کہتا ہے پاس ورڈ اس عدد میں موجود Alphabets کی تعداد ہوتی ہے۔ Eight میں Five Alphabets ہیں۔

سوال27:

اگر

5+3+2= 151020

9+2+4= 183648

8+6+3= 482463

5+4+5= 202536

تو

7+2+5=?

جواب۔

**7 + 2 + 5 = 143542**

**If**

1st Digit = x

2nd Digit = y

3rd Digit = z

Then Formula for this equation:

$=(x \times y)(x \times z)\{(x-1) \times (y+z)\}$

Putting Values

$=(7 \times 2)(7 \times 5)\{(7-1) \times (2+5)\}$

$=(14)(35)\{(6) \times (7)\}$

$=(14)(35)(42)$

$=143542$

سوال28: اگلا حرف کیا ہو گا؟

J, F, M, A, M, J, J, A, S, O, N, ?

جواب۔D۔ کیونکہ یہ سارے انگریزی مہینوں کے ناموں کے پہلے پہلے حرف ہیں۔

سوال29:

$3+3 \times 4=?$

جواب۔15

سوال30: سکول میں پہلے دن کے موقع پہ ٹیچر نے کہا کہ ہر سٹوڈنٹ دوسرے سٹوڈنٹ سے ہاتھ ملائے۔ کلاس میں کل 11 بچے ہیں۔ آپ یہ بتائیں کلاس میں کل کتنی دفعہ ہاتھ ملایا جائے گا۔

جواب۔55۔ پہلا بچہ 10 بچوں سے ہاتھ ملائے گا دوسرا 9 بچوں سے کیونکہ 10 ویں سے وہ پہلے ہی ہاتھ ملا چکا ہے۔ تیسرا 8 سے اسی طرح ٹوٹل 55 بار ہاتھ ملایا جائے گا۔

سوال31: عیسوی سال کے کچھ مہینوں میں 30 دن ہوتے ہیں کچھ میں 31 دن ہوتے ہیں۔ کس مہینے میں 28 دن ہوتے ہیں۔

جواب۔ تمام مہینوں میں کم از کم 28 دن ہوتے ہیں۔

سوال32: سیریز مکمل کریں۔

9=4, 21= 9, 22=9, 24=10, 8=5, 7=5, 99=10, 100=7, 16=? , 17=?

www.KitaboSunnat.com

جواب۔16=7, 17=9

کیونکہ ہر ڈیجٹ کو اس میں موجود Alphabets کی تعداد کے برابر لکھا گیا ہے۔

سوال 33:"Therein" اس انگلش لفظ کو مختلف طریقے سے کاٹ کر، آگے پیچھے کر کے ترتیب بدل کر کم از کم 8 نئے لفظ بنائیں۔

جواب۔-The-There-In-Here-He-Hen-Rein-Thin-Heir-Nee-Thee-Ten-Tin-Their-Then-

Thine-Three-Rite-Tie-Tier

سوال 34: میں ایک گاڑی چلا رہا ہوں۔ گاڑی کا نمبر KA17-M8719 ہے۔ یہ کراچی سے صبح 10 بج کے 26 منٹ پہ لاہور کے لیے نکلتی ہے۔ جو کراچی سے 264 کلومیٹر دور ہے۔ گاڑی کی سپیڈ 95 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ گاڑی شام 4 بج کے 18 منٹ پہ لاہور پہنچ جاتی ہے۔ اب یہ بتائیں گاڑی کے ڈرائیور کا کیا نام ہے؟

جواب۔ چونکہ گاڑی میں چلا رہا ہوں اس لیے گاڑی کے ڈرائیور کا نام "فیصل اسلم" ہے۔

سوال 35: مساوات برابر کریں

3 3 3 3 3 = 31

آپ +، -، ×، /، () کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ان اعداد کو 3، 33، 333 بھی لکھا جا سکتا ہے۔

جواب۔

$33-3+(3/3)$

$3^3+3+(3/3)$

سوال 36: ایک زنجیر کی 20 کڑیاں ہیں۔ پہلی 10 کڑیاں 20،20 کلو وزن اٹھا سکتی ہیں۔ آخری نو کڑیاں 10،10 کلو وزن اٹھا سکتی ہیں۔ آخری کڑی 5 کلو وزن اٹھا سکتی ہے۔ پوری زنجیر کتنا وزن اٹھا سکتی ہے؟

جواب۔ 5 کلو۔ آخری زنجیر پہ 5 کلو سے زیادہ وزن ڈالا جائے گا تو وہ ٹوٹ جائے گی۔

سوال 37: ایک ڈاکٹر مریض کو 3 گولیاں دیتا ہے اور کہتا ہے کہ ہر آدھے گھنٹے بعد ایک گولی کھا لینا۔ بتائیں وہ مریض کتنے ٹائم میں تینوں گولیاں کھا لے گا؟

جواب۔ ایک گھنٹے بعد۔ ایک گولی اسی وقت دوسری آدھے گھنٹے بعد اور تیسری ایک گھنٹے بعد

سوال 38: اگر

5+3+2 = 151012

9+2+4 =183662

www.KitaboSunnat.com

5+4+5 = 202504

8+6+3 = 482466

تو

7+2+5 = ?

جواب۔143542

Formula : (a*b) (a*c) {b(a+c)}

{b(a+c)} کی رقم کو الٹا کر دیں

7+5=12

12*2=24

7*2=14

7*5=35

143542

سوال39:سات بیگز (بستے) میں کل 200 اینٹیں ہیں۔ بتائیں ہر بیگ میں کتنی اینٹیں ہوں گی؟

اگر بیگ 1 اور 2 میں کل 57

بیگ 2 اور 3 میں کل 83

بیگ 3 اور 4 میں کل 71

بیگ 4 اور 5 میں کل 43

بیگ 5 اور 6 میں کل 66

اور بیگ 6 اور 7 میں کل 43 اینٹیں ہوں۔

جواب۔

بیگ 1: 31 یا 43

بیگ 2: 26 یا 14

بیگ 3: 57 یا 69

بیگ 4: 14 یا 2

بیگ 5: 29 یا 41

بیگ 6: 37 یا 25

بیگ 7: 6 یا 18

سوال40: جملے درست کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

1-I met with your brother.

2-He gave a good speech.

3-Each and every boy came here.

4-One should do his duty.

5-I cannot part from my books.

6-Both of us did not work.

7-He has given his final examination.

8-I lived with him for a week.

جواب۔

1-I met your brother.

2-He made/delivered a good speech.

3-Every boy came here.

4-One should do one's duty.

5-I cannot part with my books.

Part with:کسی چیز سے جدا ہونا

Part from:کسی شخص سے جدا ہونا

6-Neither of us worked.

دو کی نفی کے لیے Neither استعمال ہوتا ہے۔

7-He has taken his final examination.

8-I stayed with him for a week.

Stay :عارضی قیام

live: مستقل قیام

سوال 41: ذرا پہیلی سلجھائیں۔

پیلی قبر ہے۔ سفید مردہ ہے۔ سرخ کفن ہے۔ بتایے تو کیا ہے؟

جواب۔ مونگ پھلی

سوال 42: وہ کونسا پتھر ہے جو نہ پانی میں ڈوبتا ہے اور نہ ہی آگ کی تپش سے گرم ہوتا ہے؟

جواب۔ حجر اسود

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال43: آپ کو بہت پیاس لگی ہے اور آپ ایک جنگل سے گزر رہے ہو راستے میں ایک بڑھیا آپ کو ملتی ہے اس کے پاس پانی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ وہ ہر بات کے جواب میں نہیں کہتی ہے اب آپ اسے کیا کہیں گے کہ وہ آپ کو پانی دے دے۔

جواب۔"اماں جی اگر میں آپ سے پانی مانگوں تو آپ منع تو نہیں کرو گی؟"

سوال44:

$6-1*0+2/2=?$

جواب۔

7

$6-(1*0)+(2/2)=7$

Division & Multiplication

$6-(0)+(1)=7$

$6+1-0=7$

Addition

$7=7$

سوال45: اردو میں الف کے بعد کیا آتا ہے؟

جواب:"ر"

"الف" پھر "ر" پھر "د" پھر "و" تب اردو بنتا ہے۔

سوال46: آپ ایک ریس میں حصہ لے رہے ہیں دوڑتے دوڑتے آپ سیکنڈ پوزیشنر سے آگے نکل جاتے ہو آخر تک آپ کی وہی پوزیشن رہے تو آپ ریس میں کونسے نمبر پہ آؤ گے؟

جواب۔ سیکنڈ پوزیشنر سے آگے نکلنے پر آپ کی اپنی سیکنڈ پوزیشن آئے گی۔

سوال47: وہ کونسی چیز ہے جس کا اوپر والا حصہ آپ اتار کے پھینک دیتے ہیں اور اندر والا پکاتے ہیں اور پھر اوپر والا حصہ کھا لیتے ہیں اور اندر والا پھینک دیتے ہیں۔

جواب۔ مکئی کا بھٹہ۔ چھلی

سوال48: یہ انگریزی کا ایک جملہ ہے۔ زرا بتائیں تو کیا ہے۔

Letter after F+Half of 8+ Shadow of q+Oppositve of d+Letter Before M+Middle of SEA +2 times 19th letter + end of you

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔God Bless You

Letter after F = G

Half of 8 = o

Shadow of q = d

Opposite of d = b

Letter before M = l

Middle of SEA = e

2 times 19th letter = ss

End of you = u

سوال49:جو مجھے بناتا ہے کسی کو بتاتا نہیں۔ جو مجھے حاصل کرتا ہے مجھے جانتا نہیں۔ اور جو مجھے جانتا ہے مجھے حاصل نہیں کرنا چاہتا۔ میں کیا ہوں؟

جواب۔ جعلی رقم (Counterfeit Money)

سوال50:جب میں دو سال کا تھا تو میرے بھائی کی عمر مجھ سے آدھی تھی۔ اب میں سو سال کا ہوں تو میرے بھائی کی عمر کیا ہو گی؟

جواب۔99سال۔ جب میں دو سال کا تھا تو وہ ایک سال کا تھا اس لیے اب بھی عمر میں ایک ہی سال کا فرق ہو گا۔

سوال51:ایک دکاندار ایک ڈالر میں ایک چاکلیٹ دیتا ہے۔ اور تین ریپر واپس کرنے پہ ایک چاکلیٹ اور دیتا ہے۔ ذرا بتایئے تو 15 ڈالر میں کتنی چاکلیٹس حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔22 چاکلیٹ 15۔ ڈالر کی 15 چاکلیٹس۔ 15 ریپرز کی 5 چاکلیٹس۔ 5 میں سے 3 ریپرز دوبارہ واپس کیے اور ایک چاکلیٹ ملی۔ ایک یہ ریپر اور دو پہلے والے ریپر (جو 5 میں سے بچے تھے) ملا کے ایک اور چاکلیٹ مل گئی۔

سوال52:اگر

0 = 2222

6 = 8809

0 = 7111

0 = 3333

0 = 5555

3 = 8193

5 = 8096

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

0 = 7777

4 = 9999

1 = 7756

3 = 6855

5 = 9881

0 = 5531

تو

? = 2581

جواب۔2

کیونکہ ہر رقم میں موجود سوراخوں (Loops) کی تعداد لکھی گئی ہے۔0 خود ایک سوراخ ہے 8 میں دو سوراخ ہیں۔9 اور 6 میں ایک ایک سوراخ ہے۔2، 1، 5، 7 اور 3 میں کوئی سوراخ نہیں ہے۔

MQC

سوال 53: وہ کونسی چیز ہے جو جتنی گندی ہوتی جاتی ہے اتنی سفید ہوتی جاتی ہے؟

جواب۔ بلیک بورڈ

سوال 54:

Mary's father has five daughters :

1. Nana

2. Nene

3. Nini

4. Nono

What is the name of the fifth?

جواب۔

Mary

سوال 55: ایک جج ایک مجرم کو کہتا ہے کہ تم ایک جملہ لکھو اگر وہ جملہ درست ہوا تو میں تمہیں 4 سال جیل بھیجوں گا اگر غلط ہوا تو 6 سال جیل بھیجوں گا۔ مجرم جملہ لکھتا ہے تو جج اسے رہا کر دیتا ہے۔ بتائیں تو وہ کیا لکھتا ہے؟

جواب۔ "تم مجھے 6 سال جیل بھیجو گے"

اب اگر جج اس جملے کو غلط کہہ کر 6 سال جیل بھیجے تو خود جملے کو درست کر دے گا۔ اور اگر درست کہہ کر 4 سال جیل بھیجے تو خود جملہ غلط کر دے گا۔ جج کے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا اس لیے وہ اسے رہا کر دیتا ہے۔

سوال56: آپ ایک ریس میں حصہ لے رہے ہو آپ سب سے آخر والے سے آگے نکل جاتے ہو تو آپ کی کونسی پوزیشن آئیگی؟
جواب۔ آپ سب سے آخر والے سے بھی آخر میں نہیں رہ سکتے اس لیے آپ اس سے آگے بھی نہیں نکل سکتے۔

سوال57: The amount of water flowing into a tank doubles every minute. The tank is full in one hour. When was the tank half filled?
جواب۔ 59 منٹس میں۔ ہر منٹ ڈبل ہو رہا ہے تو 59 ویں منٹ میں آدھا اور 60 میں ڈبل یعنی فل ہو جائے گا

سوال58:
There was a green house. Inside the green house there was a white house. Inside the white house there was a red house. Inside the red house there were lots of babies. What is it?
جواب۔ تربوز

سوال59:
A truck driver is going down a one way street the wrong way, and passes at least ten cops (Police Man). Cops did not stop him. Why he is not caught?
جواب۔
وہ صرف ڈرائیور ہے۔ اس وقت وہ ٹرک نہیں چلا رہا بلکہ پیدل جا رہا ہے۔

سوال60:
...
یہ 4 نقطے ہیں لیکن حقیقت میں 8 نقطے ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے۔
جواب۔ لفظ حقیقت میں 8 ہی نقطے ہیں۔

سوال 61: آپ نے کسی کو 4 لیٹر دودھ دینا ہے۔ اور آپ کے پاس صرف ایک 3 لیٹر کا برتن ہے اور ایک 5 لیٹر کا برتن ہے۔ ان کے علاوہ نہ آپ کے پاس کوئی برتن ہے اور نہ لینے والے کے پاس۔ جس برتن میں دودھ موجود ہے وہ بھی آپ کو نہیں پتا کہ کتنا ہے۔ اب بتائیں تو کیسے دیں گے؟
جواب۔ سب سے پہلے 5 لیٹر والا برتن بھریں اور 3 لیٹر والے میں ڈالیں۔ 5 لیٹر والے میں 2 لیٹر رہ گیا۔ اب 3 لیٹر والا برتن دودھ کے برتن میں خالی کر دیں۔ اور 5 لیٹر والا 2 لیٹر 3 لیٹر والے میں ڈال دیں۔ اب 3 لیٹر والے میں 1 لیٹر کی گنجائش ہے۔ 5 لیٹر والا پھر سے بھریں اور 3 لیٹر والے میں ڈالیں 1 لیٹر 3 لیٹر والے میں چلا جائے گا اور 5 لیٹر والے میں باقی 4 لیٹر رہ جائے گا۔

www.KitaboSunnat.com

سوال62: ایک کشتی دریا کے کنارے کھڑی ہے جس سے 4 فٹ لمبا رسا لٹک رہا ہے۔ رسے کا سرا پانی سے ایک فٹ اوپر ہے۔ اگر پانی 6 انچ فی گھنٹہ کی رفتار سے بلند ہو رہا ہو تو 6 گھنٹے بعد رسے کا کتنا حصہ پانی میں ڈوب جائے گا؟

جواب۔ رسا پانی میں نہیں ڈوبے گا کیونکہ پانی کے بلند ہونے سے کشتی بھی بلند ہو جاتی ہے۔ اس لیے رسا پانی سے ایک فٹ بلند ہی رہے گا۔

سوال63:

Mother Name:

Mrs. Sixty Two

Son:

Fifty Two

Daughter:

Forty Two

What is the Name of Father?

جواب۔

Mr. Sixty Two

کیونکہ بیوی کا نام مسز سکسٹی ٹو ہے تو شوہر کا نام یا والد کا نام مسٹر سکسٹی ٹو ہو گا۔

سوال64: ایک دو ہندسی عدد کا مجموعہ 8 ہے۔ جیسے 62 کا مجموعہ 8 ہے۔ جب اس عدد میں 18 جمع کیا جاتا ہے تو دونوں ہندسے الٹ جاتے ہیں جیسا کہ مثال میں 62 اس طرح 26 ہو جائے گا۔ بتائیں عدد کیا ہے؟

جواب۔ 35۔ جب اس میں 18 جمع کیا جائے تو 53 بنتا ہے۔

سوال65: میں ایک انگلش کا لفظ ہوں۔ مجھ میں سات لیٹرز ہیں۔ آپ مجھے روز پڑھتے ہیں۔ میرا پانچواں چھٹا اور ساتواں حرف ہر سال بڑھتا ہے۔ تیسرا اور چوتھا ایک ہی ہے۔ اور میرا تیسرا دوسرا اور پانچواں لفظ مل کے دنیا کا 71 فیصد بناتے ہیں۔

جواب۔ MESSAGE

5, 6, 7 is age which changes every year

4, 5 is same which is SS

3, 2, 5 is SEA which is 71% of world

سوال66:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

What is two days after the day after the day before yesterday?

جواب۔

The day before yesterday was two days ago; the day after the day before yesterday was yesterday; two days after that (yesterday) is tomorrow.

سوال67:

Jason has 1 boy and 2 daughters (twins). The product of the ages of these children is 72. The sum of their ages gives the house number of Jason that is 14. Boy is elder of three. Can you tell the ages of all the three?

جواب۔

Boy is 8 years Old

Daughters (twins) are 3 years old each

Sum:

8+3+3=14

Product of Multiplication:

8×3×3=72

MQC

سوال68:

Find the odd one out from:

5,6,11,22,42,88,176

1-5

2-11

3-42

4-88

جواب۔

42

42 کی جگہ ترتیب کے لحاظ سے 44 آتا ہے۔

5+6=11

5+6+11=22

5+6+11+22=44

www.KitaboSunnat.com

5+6+11+22+44=88

5+6+11+22+44+88=176

سوال69:

Make "ONE WORD" from these Jumbled letters!

o r e n o d w

جواب۔o r e n o d w --------<> ONE WORD

سوال70:میرے پاس ٹوکری میں 10 سیب تھے، جو میں نے اپنے 10 دوستوں میں بانٹ دیئے۔ لیکن ایک سیب پھر بھی ٹوکری میں بچ گیا۔ کیسے ؟

جواب۔ کیونکہ آخری دوست کو سیب ٹوکری سمیت دے دیا گیا اس لیے وہ ٹوکری میں ہی رہ گیا۔

سوال71: Make 5 Words by Using "LOG" in the Beginning, Centre or in the End of the Word

i.e. Logic

جواب۔Logic۔Apology۔Dialogue۔Epilogue۔Logical۔Prologue۔Philology۔Meteorology۔Logger۔Loggerhead

سوال72: How many Birthdays does the average man have?

جواب۔ ہر انسان ایک ہی دن پیدا ہوتا ہے۔ اور وہی دن اس کا برتھ ڈے ہوتا ہے۔ اس لیے صرف ایک ہی دن۔

سوال73: انگلش کا وہ کونسا لفظ ہے جسے آگے سے پیچھے سے الٹا سیدھا جیسے مرضی ہے پڑھو وہ ایک طرح پڑھا جاتا ہے ؟

جواب۔NOON ہی وہ لفظ ہے جسے جیسے مرضی ہے پڑھو اسی طرح پڑھا جاتا ہے۔ چاہے الٹا کر کے پڑھ لو۔

سوال74: وہ کونسی چیز ہے جسے خریدتے ہیں تو کالا ہوتا ہے استعمال کرتے ہیں تو لال اور استعمال کے بعد گرے کلر کا ہو جاتا ہے یعنی سلیٹی رنگ کا؟

جواب۔ کوئلہ

سوال75: کیا آپ مسلسل تین دنوں کے نام بتا سکتے ہیں جمعہ اتوار اور منگل کو چھوڑ کے ؟

جواب۔ آج کل اور پرسوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال76:دو آدمی چمنی میں کام کر کے واپس آئے۔ ایک کے منہ پہ کالک لگی تھی جبکہ دوسرے کا منہ صاف تھا۔ جس کا منہ صاف تھا وہ منہ دھونے چلا گیا اور جس کے منہ پہ کالک لگی تھی وہ منہ دھونے نہیں گیا۔ کیوں ؟

جواب۔ جس کا منہ صاف تھا اس نے دوسرے کا کالک والا منہ دیکھا تو یہ سمجھا کہ شاید میرے منہ پہ بھی کالک لگی ہے اس لیے وہ منہ دھونے چلا گیا۔ جس کے منہ پہ کالک لگی تھی اس نے دوسرے کا صاف منہ دیکھا تو سمجھا کہ میرا منہ بھی صاف ہی ہو گا اس لیے نہیں دھونے گیا۔

سوال77:بتایئے وہ کونسا عدد ہے جسے 27،24،21،18،15،12،9،6،3 کے ساتھ ضرب دی جائے تو ایک ہندسہ حاصل ہو گا جس میں ایک ہی عدد کی تکرار ہو گی یعنی ایک ہی عدد تین بار ہو گا؟

جواب۔ سینتیس۔

3*37=111

6*37=222

9*37=333

12*37=444

15*37=555

18*37=666

21*37=777

24*37=888

27*37=999

سوال78:ایک ریلوے سٹیشن پہ چھ گہرے دوست کھڑے ہیں جنہوں نے مختلف ٹرینوں میں بیٹھ کے روانہ ہونا ہے۔ سارے دوست ایک دوسرے سے گلے مل کے روانہ ہوں تو ٹوٹل وہ کتنی دفعہ گلے ملیں گے ؟

جواب:پندرہ مرتبہ۔ پہلا دوست پانچ لوگوں سے گلے ملے گا دوسرا چار سے۔ تیسرا تین سے۔ چوتھا دو سے۔ پانچواں ایک سے اور آخری ایسے ہی چلا جائے گا۔

سوال 79: تین سیب اور دو مالٹوں کی قیمت چوبیس روپے ہے اسی طرح چار مالٹوں اور دو سیب کی قیمت بھی چوبیس روپے ہی بنتی ہے ۔بتایے ایک سیب اور ایک مالٹے کی قیمت کیا ہو گی ؟

جواب۔ سیب چھ روپے مالٹا تین روپے۔

سوال80:وہ کونسی چیز ہے جسے ہم روزمرہ زندگی میں تو روز دیکھتے ہیں صدر اور وزیراعظم کبھی کبھی دیکھتے ہیں اور اللہ کبھی نہیں دیکھتا نہ ہی دیکھے گا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

جواب۔ اپنا ہمسر یا اپنے سے برتر

سوال 81: شادی سے پہلے دلہن کے والد اسے ایسی کون سی چیز دیتے ہیں جو شادی کے بعد واپس لے لیتے ہیں؟
جواب۔ سرنیم۔ یعنی اپنا نام

سوال 82: ایک لیٹر خون ایک لیٹر دودھ اور ایک لیٹر پانی میں سے سب سے بھاری کونسی چیز ہو گی؟
جواب۔ ایک لیٹر خون زیادہ بھاری ہو گا۔ ایک لیٹر پانی ایک کلو گرام کے برابر ہو گا۔ جبکہ خون کی ڈینسٹی ان میں سب سے زیادہ ہے۔

سوال 83: کونسا باقیوں سے مختلف ہے: Mango, Papaya, Banana, Apple
جواب۔ مینگو۔ باقیوں میں الفابیٹس کی تکرار ہے جبکہ مینگو میں سرے الفابیٹ سنگل سنگل ہیں۔

سوال 84: جاپانی پھل یا جاپانی فروٹ یا فروٹر کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟
جواب۔ املوک

سوال 85: ماں کا نام 3.2 بیٹی کا نام 4.2 بتائیں باپ کا نام کیا ہو گا؟
جواب۔ 2۔۔۔۔ کیونکہ 2 سرنیم کے طور پہ دونوں کے نام میں آرہا ہے۔

سوال 86: ایک ریس میں بھاگتے بھاگتے آپ دوسری پوزیشن والے سے آگے نکل جاتے ہو آخر تک آپکی یہی پوزیشن رہے تو آپ کونسی پوزیشن پہ آؤ گے؟
جواب۔ دوسری پہ۔ دوسری پوزیشن والے سے آگے نکلنے پہ آپکی دوسری پوزیشن آجائے گی۔

سوال 87: ایک بینچ پہ ایک لڑکا اور ایک لڑکی بیٹھے ہیں۔ اگر بھورے بالوں والا بچہ کہے کہ میں لڑکا ہوں اور کالے بالوں والا بچہ کہے کہ میں لڑکی ہوں۔ اگر دونوں میں سے کم از کم ایک جھوٹ بول رہا ہوں تو بتائیے کونسا بچہ جھوٹ بول رہا ہے یا دونوں جھوٹ بول رہے ہیں۔
جواب۔ دونوں جھوٹ بول رہے ہیں۔ اگر بھورے بال والے بچے کی بات سچ مانی جائے اور کالے کی بات کو جھوٹ تو دونوں لڑکے ہیں۔ اور اسی طرح کالے کی بات کو سچ کہا جائے اور بھورے کی بات کو جھوٹ تو دونوں لڑکیاں ہیں۔ لیکن سوال کی سٹیٹمنٹ کے مطابق ایک لڑکا ہے اور ایک لڑکی۔ تو دونوں جھوٹ بول رہے ہیں۔

سوال 88: ایک چار ہندسی عدد ہے۔ جس کے تین عدد 3،2،1 ہیں۔ چوتھا عدد بتائیں۔ یہ بھی بتادوں کہ یہ نو کا ملٹیپل ہے۔ یعنی 9 پہ پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

جواب۔چوتھا عدد 3 ہے۔ پورا 1233 بنے گا۔اگر کوئی عدد 9 کا ملٹیپل ہو تو اس عدد کی حاصل جمع 9 ہی ہوگی۔ جیسے کہ
1+2+3+3=9

سوال89:اگر ایک ٹرین مغرب کی طرف جارہی ہے۔اور اسکی رفتار60 میل فی گھنٹہ ہے۔اس ٹرین میں دس بوگیاں ہیں۔اور ہر بوگی میں سامان لدا ہوا ہے۔اس میں ڈرائیور کے علاوہ کوئی مسافر نہیں ہے۔تو بتائیں اس ٹرین کا دھواں کس سمت جائے گا؟
جواب۔دھواں بھی مغرب کی ہی سمت جائے گا۔اگرچہ ٹرین کی زیادہ رفتار کی وجہ سے دھواں پیچھے جاتا دکھائی دے گا لیکن دھواں بھی مغرب کی سمت ہی جائے گا آہستہ آہستہ

سوال90:

If nobody loves nobody, which of the following must be true?

1. Everybody loves somebody.
2. Somebody loves somebody.
3. Nobody loves anybody.

جواب۔پہلی اور دوسری سٹیٹمنٹ درست ہیں۔

If nobody loves nobody, then it is like saying nobody loves zero people.
So they must love more than zero people.Then somebody loves somebody and everybody loves somebody.

سوال91: What day follows the day before yesterday if two days from now will be Sunday?
جواب۔Thursday

سوال92:ایک کام کرنے کے لیے احمد کو چار گھنٹے لگتے ہیں جبکہ یہی کام کرنے کے لیے علی کو دو گھنٹے لگتے ہیں۔بتایئے چار گھنٹے میں وہ کتنے ایسے کام کرسکتے ہیں؟
جواب۔ تین کام کرسکتے ہیں۔چار گھنٹے میں احمد ایک کام کرے گا جبکہ علی دو کام کرے گا۔ٹوٹل تین

سوال93:پچاس لوگوں کا سروے کیا گیا جس میں دیکھا گیا کہ 20لوگ صرف بائیں ہاتھ سے لکھ سکتے ہیں جبکہ 10 لوگ ایسے تھے جو کسی بھی ہاتھ سے لکھ سکتے تھے۔بتائیں کتنے لوگ دائیں ہاتھ سے لکھ سکتے تھے؟
جواب۔30لوگ

سوال94:بتیس فٹ گہرے کنویں میں 45فٹ لمبی رسی لٹکتی ہے72فٹ گہرے کنویں میں کتنے فٹ لمبی رسی لٹکے گی؟

www.KitaboSunnat.com

جواب۔85 فٹ رسی درکار ہو گی۔بتیس فٹ گہرے کنویں میں دراصل بتیس فٹ ہی رسی لٹکتی ہے باقی 13 فٹ رسی کنویں سے باہر ہوتی ہے رسی کو کھینچنے کے لیے۔یہی 13 فٹ ہی 72 فٹ گہرے کنویں میں بھی کافی ہو گی اس طرح 72 فٹ گہرے کنویں میں 85 فٹ رسی لٹکانے کے لیے کافی ہو گی۔

سوال95: کیا کیلیفورنیا میں کوئی شخص اپنی بیوہ کی بہن سے شادی کر سکتا ہے؟

جواب۔نہیں مردہ انسان شادی نہیں کر سکتا۔

سوال96: ان میں سے کونسا باقیوں سے مختلف ہے؟۔۔اپریل، ستمبر، اگست، نومبر، جون

جواب۔اگست ان میں الگ تھا جس میں اکتیس دن ہوتے باقیوں میں تیس تیس دن ہوتے

سوال97: کچھ ملکوں کے نام لکھے ہیں نیچے لیکن سپیلنگ مجھ سے تھوڑے غلط ہو گئے ہیں۔ٹھیک کر دیں پلیز

ANTAKIPS, ARIABUDASIA, CANFER, WITAUK, MYRANGE

جواب۔Pakistan, Saudi Arabia, France, Kuwait, Germany

سوال98: نیچے کچھ شہروں کے نام لکھے ہیں لیکن سپیلنگ مجھ سے تھوڑے غلط ہو گئے ہیں۔ٹھیک کر دیں پلیز

BALIADAMS, ILAPDARWIN, HACKAIR, BUNTSALI

جواب۔Islamabad, Rawalpindi, Karachi, Istanbul

سوال99: نیچے کچھ پھولوں کے نام لکھے ہیں لیکن سپیلنگ مجھ سے تھوڑے غلط ہو گئے ہیں۔ٹھیک کر دیں پلیز

IFOLDFDA, IEMSJAN, FLOWERNUS

جواب۔Daffodil, Jasmine, Sunflower

سوال100: کونسے ایسے دو انگریزی الفاظ ہیں جن کے سپیلنگ مختلف ہیں لیکن بولے ایک ہی طرح جاتے ہیں۔ان میں سے ایک کا مطلب ساحل سمندر ہے اور دوسرا ایک درخت کا نام ہے؟

جواب۔

Beach کا مطلب ساحل سمندر

Beech ایک درخت کا نام ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال 101: کونسے انگلش لفظ کا مطلب پرندہ اور گفتگو بنتا ہے۔ جیسے مثال کے طور پہ Novel ایک کہانی کو بھی کہتے ہیں اور کسی نئی چیز کو بھی۔

جواب۔ چیٹ۔ Chat۔ چیٹ کا مطلب بات چیت بھی بنتا ہے جیسے چیٹنگ اور یہ ایک پرندے کا بھی نام ہے۔

سوال 102: نیچے لکھے جملوں میں ہر ایک میں ایک رنگ کا نام چھپا ہے آپ نے بس وہ رنگ بتانا ہے۔

Temper or anger is sign of weakness.

The Money is for Edward.

You'll find I got it elsewhere.

One dancer, I see, is out of step.

'I'm a gent and a ladies' man' he said.

جواب۔

Orange

Red

Indigo

Cerise

Magenta

سوال 103: ایک بچہ پانچ دن میں 100 بسکٹ کھاتا ہے۔ اگر وہ ہر دن پچھلے دن سے چھ بسکٹ زیادہ کھاتا ہے تو پہلے دن اس نے کتنے بسکٹ کھائے؟

جواب۔ پہلے دن اس بچے نے آٹھ بسکٹ کھائے۔ اگلے دن چودہ اسی طرح پانچ دن میں سو بسکٹ

Formula:

$X+X+6+X+12+X+18+X+24=100$

$5X+60=100$

$5X=100-60$

$5X=40$

$X=8$

سوال 104: ایک باغ میں کچھ پھول اور تتلیاں ہیں اگر ہر پھول پہ ایک تتلی بیٹھ جائے تو ایک تتلی کے بیٹھنے کے لیے کوئی پھول نہیں بچے گا۔ اور اگر ہر پھول پہ دو تتلیاں بیٹھ جائیں تو ایک پھول خالی بچ جائے گا۔ تتلیوں اور پھولوں کی تعداد بتائیں؟

جواب۔ تین پھول اور چار تتلیاں۔ ہر پھول پہ ایک تتلی بیٹھے تو چوتھی تتلی کے بیٹھنے کے کیے کوئی پھول نہیں بچے گا۔ ہر پھول پہ دو دو تتلیاں بیٹھیں تو تیسرا پھول خالی بچ جائے گا۔ دو پھول اور تین تتلیاں جواب غلط ہے کیونکہ سوال کا پہلا حصہ تو اس جواب میں صحیح ہو جاتا ہے لیکن جب دوسرے حصے کی باری آتی ہے تو یہ جواب صحیح نہیں ہوتا کہ تین تتلیوں کے اب دو دو تتلیوں کے جوڑے کیسے بنیں گے. اگر ہم ایک جوڑا بھی بنالیں اور ایک تتلی کو الگ سمجھ لیں تو پھر بھی دونوں پھول فل ہو جاتے ہیں خالی پھول کوئی نہیں بچتا

سوال105: ایک خریدار نے ایک گھوڑا 60000 میں خریدا اور کچھ دن بعد 70000 میں بیچ دیا لیکن بعد میں اسے پچھتاوا ہوا تو وہ رقم واپس کرنے جا پہنچا۔خریدار نے کہا کہ اب اگر تمہیں گھوڑا واپس چاہیے تو اسکی قیمت 80000 ہے ناچار اس نے اسے 10000 اور دیے اور گھوڑا واپس لے آیا۔کچھ ہی دنوں بعد اس نے گھوڑا 90000 کا بیچ دیا۔بتائیں اس سارے عمل میں اسے کتنے کا فائدہ ہوا؟

جواب۔20000 کا فائدہ ہوا۔ بنیادی طور پہ اس نے 60000 کا خریدا اور 90000 کا بیچا۔ اس طرح اسے 30000 کا فائدہ ہوا۔ اور بیچ میں جب اس نے 80000 کا دوبارہ خریدا تو اسے 10000 کا نقصان ہوا۔ مجموع طور پہ اسے 20000 کا فائدہ ہوا۔

سوال106: ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک ملک تھا اس میں ایک بادشاہ تھا بادشاہ کے دربار میں ایک سائنسدان تھا۔ایک دفعہ سائنسدان نے کوئی انوکھی چیز بنائی جو بادشاہ کو بہت پسند آئی۔بادشاہ نے خوش ہو کر کہا مانگو کیا مانگتے ہو۔سائنسدان نے کہا بادشاہ سلامت جو عنائت فرمائیں قبول ہے۔لیکن بادشاہ نے کہا نہیں مانگو کیا مانگتے ہو۔بادشاہ کے اصرار پہ سائنسدان نے کہا ایسا کریں 64 خانے بنائیں اس طرح کے پہلے خانے میں چاول کا ایک دانہ دوسرے میں دو دانے تیسرے میں چار چوتھے میں آٹھ اسی طرح ڈبل کرتے جائیں۔بادشاہ نے سن کر ایک قہقہہ لگایا اور کہا مانگا بھی تو کیا مانگا؟ بادشاہ کا خیال تھا زیادہ سے زیادہ دو چار کلو چاول بن جائیں گے۔جب بادشاہ کو بتایا گیا کہ اتنے چاول آپکی پوری سلطنت بھی پیدا نہیں کرتی تو بادشاہ کے چہرے کا رنگ اڑ گیا۔آپ یہ بتائیں یہ کتنے چاول کے دانے بنتے ہیں آخری خانے تک؟

جواب۔ 18446744073709551615

چاول کے دانے بنتے ہیں۔ جو کہ 461,168,602,000 میٹرک ٹن وزنی بنتے ہیں

اور ان کا سائز ماؤنٹ ایورسٹ جتنا بنتا ہے۔2010 کے پوری دنیا کی چاول کی پیداوار سے 1000 گنا زیادہ۔

سوال107: What Starts with ‘e’ ends with ‘e’ and has one ‘letter’ in it. It’s an eight letters word.

جواب۔ اسکا جواب Envelope ہے۔ جو ای سے سٹارٹ ہوتا ہے ای پہ ختم ہوتا ہے اور اس کے اندر ایک لیٹر یعنی خط ہوتا ہے۔

سوال108: درست جملہ کونسا ہے:

Yolk of an egg is white?

Or

www.KitaboSunnat.com

Yolk of an egg are white?

جواب۔ دونوں غلط ہیں انڈے کی یوک یعنی زردی زرد یا پیلی ہوتی ہے وائیٹ نہیں ہوتی۔

سوال109: دو لڑکے اپنی سائیکلوں سمیت ایک دوسرے سے دس میل دور ہیں۔ وہ ایک دوسرے کی طرف اپنی سائیکلیں بھگاتے ہیں۔ دونوں کی رفتار دس میل فی گھنٹہ ہے۔ جیسے ہی وہ چلتے ہیں ایک مکھی سائیکل اے کے ہینڈل سے اڑتی ہے اور سائیکل بی کے ہینڈل پہ جا کے بیٹھ جاتی ہے۔ پھر وہاں سے اڑتی ہے اور سائیکل بی کے ہینڈل پہ آ کے بیٹھ جاتی ہے۔ وہ تب تک اسی طرح چکر لگاتی رہتی ہے جب تک دونوں مل نہیں جاتے۔ مکھی کی رفتار پندرہ میل فی گھنٹہ ہو تو مکھی نے ٹوٹل کتنا فاصلہ طے کیا؟

جواب۔ ساڑھے سات میل فاصلہ طے کرے گی۔ دونوں کے درمیان فاصلہ دس میل ہے اور دونوں کی رفتار دس میل فی گھنٹہ اس لحاظ سے دونوں کو ایک دوسرے سے ملنے میں آدھا گھنٹہ لگے گا۔ مکھی کی رفتار پندرہ میل فی گھنٹہ ہے اس آدھے گھنٹے میں وہ ساڑھے سات میل فاصلہ طے کرے گی

سوال110: ایک لمحے میں کتنے منٹ ہوتے ہیں۔ آسانی کے لیے بتادوں کہ لمحہ انگلش میں مومنٹ کو کہتے ہیں۔

جواب۔ ایک منٹ اور تیس سیکنڈز۔ یعنی ڈیڑھ منٹ یا نوے سیکنڈز

سوال111: اگر کسی حادثے کی صورت میں بلیک باکس کو کچھ نہیں ہوتا تو پھر پورا جہاز اسی میٹیریل کا کیوں نہیں بنایا جاتا جس سے بلیک باکس بنا ہوتا ہے؟

جواب۔ بلیک باکس لوہے کا بنا ہوتا ہے اور جہاز ایلومینیم کا. اسی لیے جہاز وزن میں ہلکا ہوتا ہے اور ہوا میں اڑتا ہے اگر جہاز بھی لوہے کا بنایا جائے تو وہ اڑ نہیں پائے گا

سوال112: اس جملے کا الٹ کیا ہو گا؟ I am not leaving.

جواب۔ I am leaving. اس کے علاوہ بھی کافی جملے بن سکتے ہیں۔

سوال113: Farhan is both the 50th Worst and 50th Best Student of his class. How many classfellows Farhan has in his class?

جواب۔ فرحان کے کلاس فیلوز کی تعداد اٹھانوے ہے۔ فرحان سے اچھے انچاس سٹوڈنٹس ہیں اور فرحان سے برے انچاس سٹوڈنٹس ہیں پچاسواں فرحان خود ہے۔ انچاس جمع انچاس اٹھانوے۔ فرحان کے اٹھانوے کلاس فیلوز ہیں اگر فرحان کو بھی شامل کیا جائے تو ٹوٹل کلاس میں بچوں کی تعداد ننانوے بنتی ہے

سوال114: انگلش کی گنتی میں پہلی بار C کس عدد کی گنتی میں آتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ اگر سمپل انگلش کاؤنٹنگ کی بات کی جائے تو C انگلش گنتی میں کہیں بھی نہیں آتا لیکن اگر کمپلیکس کاؤنٹنگ کی بات کی جائے تو C پہلی بار Octillion میں آتا ہے جس میں ایک کے بعد ستائیس صفر ہیں۔ لاکھ اردو کا لفظ ہے انگلش میں لاکھ کے لیے Hundred Thousand استعمال کیا جاتا ہے۔ اور First, Second, Third کاؤنٹنگ میں نہیں آتا

سوال 115: ایک بلین میں کتنے ملین ہوتے ہیں؟
جواب۔ ایک بلین میں 1000 ملین ہوتے ہیں۔ ایک ہزار ملین۔ ایک بلین ایک ارب کے برابر ہوتا ہے۔

سوال 116: ایک گھڑی پہ تین بج کے پندرہ منٹ ہو رہے ہیں۔ بتائیں منٹ والی سوئی اور گھنٹے والی سوئی میں کیا اینگل ہو گا؟
جواب۔ درست جواب ساڑھے سات ڈگری ہے۔ کیونکہ جب گھڑی تین بجاتی ہے اس وقت گھنٹے والی سوئی بالکل تین پہ ہوتی ہے لیکن جب تک منٹ والی سوئی تین پہ آتی ہے گھنٹے والی سوئی ایک چوتھائی آگے چلی جاتی ہے۔ اگر گھڑی کو تین سو ساٹھ ڈگری میں تقسیم کیا جائے تو فی گھنٹہ تیس ڈگری بنتا ہے جسے مزید چار حصوں یعنی پندرہ پندرہ منٹ میں تقسیم کیا جائے تو ساڑھے سات جواب آئے گا چونکہ گھنٹے والی سوئی پندرہ منٹ والی سوئی سے آگے چلی گئی ہے تو اینگل ساڑھے سات ڈگری ہو گا۔

سوال 117: ایک باڑے میں کچھ مرغیاں اور کچھ گائے ہیں۔ اگر ان کی ٹوٹل تعداد 30 ہے تو بتائیں کتنی مرغیاں ہیں اور کتنی گائیں ہیں۔ جبکہ اس باڑے میں ٹوٹل ٹانگوں کی تعداد 74 ہے؟
جواب۔ سات گائے اور تئیس مرغیاں

To solve this let us,

name the number of cows as C;

and number of Chickens or hens as H.

We can write 2 equations using the information above.

C + H = 30 ..........................(1)

4C + 2H = 74.........................(2)

Multiplying 2 on both sides of (1) we get;

2C + 2H = 60 .......................(3)

To find C lets subtract (2) and (3);

4C + 2H = 74.

– 2C – 2H = −60

2C + 0 = 14;

Therefore;

C = 7.

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

Substituting value of C in (1)

7 + H = 30

Therefore;

H = 23

So the number of cows = 7

And number of Chicken = 23.

سوال118: ایک ٹرین ایک ٹنل میں سات بجے داخل ہوتی ہے۔ایک دوسری ٹرین اسی دن سات بجے ٹنل کی دوسری طرف سے داخل ہوتی ہے۔اس ٹنل میں ایک ہی ٹریک ہے۔ لیکن اس کے باوجود دونوں ٹرینیں صحیح سلامت دونوں طرف سے نکل جاتی ہیں۔کیسے ؟

جواب۔ایک ٹرین صبح سات بجے داخل ہوتی ہے اور دوسری شام سات بجے

سوال119: ایک پیاری سی فیملی ہے۔اس فیملی میں کچھ بچے ہیں۔ ہر بچے کے کم از کم چار بھائی ہیں اور تین بہنیں ہیں۔بتائیں کم از کم اس فیملی میں کتنے بچے ہو سکتے ہیں ؟

جواب۔ فیملی میں کم از کم نو بچے ہیں۔اگر بچہ لڑکا ہے تو اسکے چار بھائی اور تین بہنیں لیکن اگر بچہ لڑکی ہے تو اس کے بھی چار بھائی اور تین بہنیں. اس طرح کم از کم بھی اس فیملی میں پانچ لڑکے اور چار لڑکیاں ہونی چاہیئے تب سوال کی شرط پوری ہو گی۔اگر ہم پانچ بھائی اور تین بہنیں کریں تو لڑکے کی تین بہنیں تو پوری ہو جاتی ہیں لیکن لڑکی کی تین بہنیں پوری نہیں ہوتی۔

سوال120: اگر ایک منٹ میں تیس سیکنڈز ہوں تو ایک گھنٹے میں کتنے منٹ ہونگے ؟

جواب۔سوال میں ایک منٹ کی کنڈیشن دی ہوئی تھی کہ اس میں تیس سیکنڈ ہیں لیکن سوال میں کہیں نہیں لکھا کہ گھنٹے میں بھی چینجنگ کریں اس لیے گھنٹے میں اتنے ہی منٹ یعنی ساٹھ منٹ ہونگے

سوال121: ایک گھڑی کی منٹ اور گھنٹے والی سوئی ایک دن میں کتنی بار آپس میں ملتی ہیں؟

جواب۔بائیس بار ایک دوسرے سے ملیں گی۔اور لگ بھگ ان مقامات پہ ملیں گی :

بارہ بجے پہ ،ایک بج کے پانچ منٹ،دو بج کے دس، تین بج کے پندرہ،چار بج کے بیس،پانچ بج کے پچیس،چھ بج کے تیس،سات بج کے پنتیس، آٹھ بج کے چالیس،نو بج کے پنتالیس،دس بج کے پچاس،یہی گیارہ مرتبہ دوبارہ ملیں تو بائیس مرتبہ ۔ لیکن گیارہ بج کے پچپن پہ نہیں ملیں گی. جب منٹ والی سوئی گیارہ پہ یعنی پچپن پہ آئے گی تو گھنٹے والی سوئی آگے جا چکی ہو گی تقریبا بارہ کے پاس. اس لیے وہ آگے جا کے بارہ پہ ہی ملیں گی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# صفاتی نام، القابات، مخففات

سوال1: یہ کن کو کہا جاتا ہے؟

1۔ بلوچستان کا دروازہ

2۔ بین الاقوامی دریا

3۔ پانیوں کا باپ

جواب۔

1۔ چمن

2۔ دریائے ڈینیوب

3۔ دریائے مسیسپی

سوال2: فرانس کی دلہن کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ پیرس

سوال3: یورپ کی ساس کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ڈنمارک

سوال4: "لینڈ آف سمائلز (Land of Smiles)" کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ تھائی لینڈ

سوال5: تاریخ نے کس دو شخصیات کو بت شکن کا خطاب دیا ہے؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابراہیمؑ اور محمود غزنوی

سوال6: یہ کن کو کہا جاتا ہے؟

1۔ فٹ بال کا پاور ہاؤس: میکسیکو

2۔ بلیع الارض: حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بلیع الارض کا لفظی مطلب زمین کا لقمہ۔

3۔ طوطئی ہند: امیر خسرو

4۔ محبوب نبی: حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ

5۔ تاریخ کی سائنس کا بانی: ابن خلدون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال7:یہ کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔

بابائے اردو:مولوی عبدالحق

بابائے پنجابی:ڈاکٹر فقیر محمد فقیر

بابائے بلوچی: آزاد جمال دینی

پشتو کا باوا آدم:رحمان بابا

سوال8:ان کے اصل نام بتائیں۔

1: شیطان 2:انار کلی 3: ملکہ نور جہاں 4:ماہر القادری 5:لال شہباز قلندر 6:ساغر صدیقی

جواب۔ 1: عزازیل 2:نذیراں 3: مہر النسا 4:منظور حسین 5:سید عثمان مروندی 6: محمد اختر

سوال9:کس شخصیت نے سب سے پہلے قائد اعظم کو "بابائے قوم "کا خطاب دیا؟

جواب۔ قاضی محمد اکبر نے

سوال10:ان میں سے 4 کے اصلی نام بتائیں۔

جواب۔

بھولو پہلوان:منظور حسین

البیرونی:برہان الحق

ملادوپیازہ:حکیم ابوالفتح

شوکت تھانوی:محمد عمر

نسیم حجازی:شریف حسین

محسن نقوی:غلام عباس

سوال11:

Below are the Sur Names of some countries. Tell the real name of any 4 countries

1)Pearl of Africa : Uganda

2)Tear of India : Sri Lanka

3)Roof of the World : Tibet

4)Garbage of Europe : Greece یونان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

5)Sick man of Europe : Turkey

6)Key to Mediterranean : Gibraltar

7)Playground of Europe : Switzerland

سوال12: کن لوگوں کو Highwaymen کہا جاتا ہے؟

جواب۔ لٹیروں کو

سوال13: فنون لطیفہ کی ماں کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ یونان کو

سوال14: روشندانوں کا شہر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ حیدرآباد

سوال15: یورپ کا کاک پٹ کس ملک کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ بیلجیئم کو یورپ کا کاک پٹ کہا جاتا ہے۔Belgium

سوال16: ہزار میناروں کا شہر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ قاہرہ کو ہزار میناروں کا شہر کہا جاتا ہے۔

سوال17: آسٹریلیا کے کس شہر کو 'سٹی آف چرچز' کہا جاتا ہے؟

جواب۔ آسٹریلیا کے شہر ایڈیلیڈ کے 'سٹی آف چرچز' کہا جاتا ہے۔

سوال18: گلابوں کا شہر کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ایران کے شہر شیراز کو گلابوں کا شہر کہا جاتا ہے۔

سوال19: مراکش کے کس شہر کے نام کا مطلب 'وائٹ ہاؤس' بنتا ہے؟

جواب۔ مراکش کے شہر کاسابلانکا کا مطلب سفید گھر یا وائٹ ہاؤس بنتا ہے

سوال20: ان مخففات کی مکمل حالتیں بتائیں۔

TBA

MQC

MODEM

CSS

BCE

ISBN

جواب۔

TBA: To Be Announced

CSS: Central Superior Services

BCE: Before Common Era

MODEM: Modulator Demodulator

ISBN: International Standard Book Number

سوال 21: ان مخففات کی مکمل حالتیں بتائیں۔

NASA

RIP

NATO

IELTS

TOEFL

جواب۔

NASA

National Aeronautics and Space Administration

RIP

Rest in Peace

IELTS

International English Language Testing System

TOEFL

Test of English as Foreign Language

NATO

North Atlantic Treaty Organization

MQC

سوال22: بائیکاٹ انگلش کا لفظ ہے جس کا مطلب ہڑتال ہے۔ یہ لفظ ایک شخص کے نام پہ رکھا گیا تھا۔ اس شخص کا نام بتائیں اور یہ بھی کہ کیوں رکھا گیا تھا؟

جواب۔ کیپٹن چارلس بائیکاٹ۔ لفظ بائیکاٹ انگلش میں اس وقت آیا جب 1880 میں ایک آدمی بائیکاٹ اور آئرلینڈ کی لینڈ آرگنائزیشن میں ایک تنازع کھڑا ہوا۔ کیپٹن چارلس بائیکاٹ ایک لینڈ لارڈ کا ایجنٹ تھا جس کا کام اس لینڈ لارڈ کی زمینوں کو استعمال کرنے والوں سے کرایہ وصول کرنا تھا۔ زیادہ تر لینڈ لارڈز برطانوی تھے اور وہ غریب کسانوں کا استحصال کرتے تھے۔ جس لینڈ لارڈ کے پاس بائیکاٹ کام کرتا تھا اس کے کسانوں نے کرایے میں کمی کا مطالبہ کر دیا۔ اس وقت آئرلینڈ کی لینڈ آرگنائزیشن نے کسانوں کو کہا کہ اس دفعہ بائیکاٹ کو مارنے کے بجائے اس کے ساتھ بزنس بند کر دو۔ یہ کام کافی موثر رہا اور ان کے مطالبات مان لیے گئے۔ تب سے یہ لفظ اب احتجاج یا ہڑتال کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سوال23: تاریخ کی سائنس کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ابن خلدون۔ ابنِ خلدون سے قبل عرب دنیا میں بھی فلسفہ تاریخ کو سپاسالاروں، جنگجوؤں اور بادشاہوں کے واقعات محدود رکھا ہوا تھا۔ ابنِ خلدون جسے تاریخ کا بانی تصور کیا جاتا ہے نے کتاب "مقدمہ" میں پہلی بار معاشرے اور فلسفہِ تاریخ کے بارے میں بات کی ہے۔ ابنِ خلدون نے قرونِ وسطیٰ کے اسلام میں معاشرہ، اسلامی اخلاقیات، سیاسیات اور تاریخ نویسی پر کام کرنے والے مفکرین جیسا کہ الفارابی، ابنِ مسکاویہ، الداوانی اور ناصر ابنِ طوسی تھے کے کام کو بامِ عروج پر پہنچایا۔ ابنِ خلدون نے توہم پرستی اور تاریخی واقعات کو بغیر تحقیق کے قبول کرنے پر اعتراض اٹھایا۔ اس طرح اُس نے اپنے دور میں فلسفہِ تاریخ میں سائنسی طریقہ متعارف کروایا

سوال24: ڈیولزبک کس کتاب کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ ڈیولزبک تاش کی گڈی کو کہا جاتا ہے جس میں تاش کے پتے رکھے جاتے ہیں

سوال25: ان مخففات کی مکمل حالتیں بتائیں

TCS

GAT

GRE

SAT

جواب۔

TCS (Tranzum Courier Service) is a courier service started in 1983, headquartered in Pakistan.

GAT which stands for Graduate Assessment test for the admission in graduate programs

www.KitaboSunnat.com

like M. Phil, PHD and scholarship programming

'GRE' stands for Graduate Record Examinations. It is a test administered by ETS (Educational Testing Services)

SAT , Scholastic Aptitude Test or Scholastic Assessment Test, then the SAT Reasoning Test, and now simply the SAT

سوال26:ان لاطینی لفظوں کا مطلب بتائیں۔

Ad Hoc : To This (Particular Purpose)

آپ نے ایڈہاک ججز کا نام سنا ہو گا مطلب کسی ایک خاص مقصد کے لیے کسی چیز کا تقرر کیا جاتا ہے اسے ایڈہاک کہا جاتا ہے

Alma Matre: Fostering Mother

کسی سکول مدرسے کالج یونیورسٹی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے. پرورش کرنے والی ماں اسکا لفظی مطلب ہے

Curriculum Vitae: The Course of a Life

زندگی کے کوائف کا اندراج کسی پیپر کی صورت میں

Viva Voce: With Living Voice

اسکا مفہوم منہ سے بول کر ہے لیکن لفظی مطلب زندہ آواز کے ساتھ. استعمال آپکو پتا ہی ہے

Bona Fide: In Good Faith

کسی ادارے کے ساتھ خلوص

MQC

سوال27:کس ملک کو کسی دور میں "New France" کہا جاتا تھا؟

جواب۔ نیو فرانس کینیڈا کو کہا جاتا تھا

سوال28:بتائیں "NATO Phonetic Alphabet" کیا ہوتے ہیں؟

جواب۔ نیٹو فونیٹک الفابیٹ ایک طرح سے ایک کوڈ کی زبان ہے جو کہ زیادہ تر دفاعی ادارے استعمال کرتے ہیں یا کمیونیکیشن ادارے استعمال کرتے ہیں

اس زبان میں چھبیس الفابیٹ میں سے ہر ایک ایک مکمل مطلب رکھتا ہے

اے سے الفا

بی سے بریو

سی سے چارلی

آپ نے پی ٹی وی پہ ڈرامہ بھی دیکھا ہو گا الفا بریو چارلی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فوجی انداز میں جو آپ نے عام لفظ سنا ہو گا

Copy that: I have listened

Roger that: I will comply that

May day may day: Help

سوال29: یہ القابات کس مسلم سائنسدان کے ہیں:

Founder of Indology

Fther of Geodesy

Al-Ustadh

First Anthropologist

جواب۔ یہ سارے القابات البیرونی کے ہیں۔

سوال30: نیچے دی گئی حکومتوں کے بارے میں بتائیں یہ کیسی ہوتی ہیں:

Aristocracy, Autocracy, Authoritarian, Oligarchy,

Plutocracy, Theocracy, Totalitarian.

جواب۔Forms of Government

1)Aristocracy:

ایک مخصوص طبقے کی حکومت جس میں امراء شامل ہوں۔

2)Autocracy:

ایک بندے کی حکومت

3)Authoritarian:

بہت ہی طاقتور حکومت

4)Bureaucracy:

افسروں کی حکومت جو اپنے کاموں میں ماہر ہوں

5)Caliphate:

خلافت

6)Democracy:

عوام کی حکومت، عوام کی طرف سے، عوام کے لیے

7)Dictatorship:

آمر کی حکومت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

8)Depotic:

ظالم اور جابر کی حکومت

9)Monarchy:

بادشاہ کی وراثتی حکومت

10)Oligarchy:

ایک چھوٹے گروہ کی حکومت

11)Plutocracy:

امیر لوگوں کی حکومت

12)Theocracy:

مذہبی لوگوں کی حکومت

13)Totalitarian:

ایک ہی پارٹی کی حکومت

سوال 31:ان مخففات کی مکمل حالتیں بتائیں:

FIFA

OPEC

BBC

CNN

USB

جواب۔

FIFA: Fédération Internationaled Football Association.

2. OPEC: Organization of Petroleum Exporting Countries

3.BBC: British Broadcasting Corporation

4.CNN: Cable News Network

5.USB: Universal Serial Bus

سوال32: ان مخففات کی مکمل حالتیں بتائیں:

PDF

JPEG

BMW

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

SWAT

FAQ

جواب۔

PDF: "Portable Document Format "

JPEG: "Joint Photographic Experts Group"

BMW: "Bavarian Motor Works"

SWAT: "Special Weapons and Tactics".

FAQ: "Frequently Asked Questions"

سوال 33: خون کے سرخ خلیوں یعنی ریڈ بلڈ سیلز کا قبرستان کس عضو کو کہا جاتا ہے؟

جواب۔ Spleen یعنی تلی کو خون کے سرخ خلیوں کا قبرستان کہا جاتا ہے۔ یہی پہ ریڈ بلڈ سیلز کو توڑا جاتا ہے اس لیے اسے ریڈ بلڈ سیلز کا قبرستان کہا جاتا ہے ۔

سوال 34: کن شعاعوں کو موت کی شعاعیں کہا جاتا ہے؟

جواب۔ Gamma Rays کو موت کی شعاعیں کہا جاتا ہے۔

سوال 35: اسلامی دنیا کے کس شہر کو 'ام لدنیا' کہا جاتا ہے؟

جواب۔ وکیپیڈیا کے مطابق قاہرہ کو "ام الدنیا" کہا جاتا ہے لیکن حضرت سیدہ سارہ علیہ السلام کی نسبت سے مصر کو بھی "ام الدنیا" کہا جاتا ہے

سوال 36: کس پہاڑی سلسلے کے نام کا مطلب "برف کا گھر" بنتا ہے؟

جواب۔ ہمالیہ کا مطلب برف کا گھر بنتا ہے۔

سوال 37: کس سیارے کو پیار سے "Red Planet" کہا جاتا ہے؟

جواب۔ مارس یعنی مریخ کو "ریڈ پلینٹ" یا سرخ سیارہ کہا جاتا ہے۔ چونکہ مریخ کی مٹی میں آئرن کی زیادتی کی وجہ سے اس کی رنگت سرخ ہے اس لئے اسے سرخ سیارہ بھی کہا جاتا ہے-

سوال 38: ٹینکوں کا قبرستان پاکستان کے کس شہر کو کہا جاتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

جواب۔سیالکوٹ کا چونڈہ سیکٹر انیس سو پینسٹھ میں دنیا میں دوسری سب سے بڑی ٹینکوں کی لڑائی کے لیے مشہور ہوا تھا۔ اسی لیے اسے ٹینکوں کا قبرستان کہتے ہیں۔پہلی سب سے بڑی ٹینکوں کی لڑائی جنگ عظیم دوئم میں ہوئی تھی۔

MQC

# سب سے پہلے، سب سے زیادہ، سب سے وغیرہ وغیرہ

سوال 1: دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم کا نام بتائیں؟

جواب۔ مسز بندرانائیکے (سری لنکا)

سوال 2: دنیا میں سب سے پہلے مہندی کا استعمال کس نے کیا تھا؟

جواب۔ حضرت سیدنا ابراہیمؑ

سوال 3: دنیا میں سب سے زیادہ اہرام کس ملک میں ہیں۔

جواب۔ سوڈان 220 اہراموں کے ساتھ سر فہرست ہے۔ اگرچہ سب سے بڑے اور مشہور اہرام مصر میں ہیں لیکن تعداد کے لحاظ سے سب سے زیادہ سوڈان میں ہیں۔

سوال 4: دنیا میں سب سے پہلے ریلوے لائن کہاں بچھائی گئی تھی؟

جواب۔ انگلستان

سوال 5: ٹوکیو دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا شہر ہے۔ سب سے زیادہ رقبے والا شہر کونسا ہے؟

جواب۔ Hulunbuir (China)

263,953 مربع کلومیٹر

سوال 6: دنیا کے سب سے کم عمر ترین باکسنگ ورلڈ چیمپین کا نام بتائیں۔

جواب۔ ولفریڈ بینیٹز (Wilfred Benitez) 17 سال

سوال 7: دنیا کا سب سے بڑا جھومر (فانوس یا Chandleier) دنیا کی کس مسجد میں لگایا گیا ہے؟

جواب۔ قاہرہ کی مسجد الشربتلی (Al-Sharbatly) میں۔ 17ء7 میٹر اونچا۔ قطر 17ء6 میٹر۔ وزن 3 میٹرک ٹن (گینیز بک آف ورلڈ ریکارڈ)

سوال 8: پنجاب پہ سب سے پہلے کس مسلمان بادشاہ نے حملہ کیا تھا؟

جواب۔ غزنی کے سلطان سبکتگین نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال9: پنجاب کا سب سے بڑا دریا کونسا ہے ؟

جواب۔ دریائے جہلم (وکیپیڈیا)

سوال10: پنجابی زبان کے پہلے صاحب دیوان شاعر کا نام بتائیں۔

جواب۔ مولا بخش کشتا۔ یہ دیوان مکمل طور پہ غزلوں پہ مشتمل تھا۔

سوال 11: دنیا میں سب سے زیادہ کونسی سبزی پیدا ہوتی ہے ؟ اور کونسا پھل سب سے زیادہ کھایا جاتا ہے ؟

جواب۔ آلو اور کیلا۔ دنیا میں سب سے زیادہ کیلا بھارت میں کھایا جاتا ہے۔

سوال12: مسلم ممالک میں سے سب سے پہلے خواتین کو ووٹ ڈالنے کا حق کس ملک نے دیا تھا؟

جواب۔ سب سے پہلے ترکی نے 1930 میں دیا تھا۔ جبکہ مسلم ممالک سے ہٹ کے بات کی جائے تو سب سے نیوزی لینڈ نے 1893 میں خواتین کو ووٹ ڈالنے کے مکمل اختیارات دیے۔ اس سے پہلے بھی کچھ ممالک میں محدود اختیارات دیے گئے تھے۔ پاکستان میں شروع سے ہی خواتین کو ووٹ ڈالنے کے مکمل اختیارات حاصل تھے۔

سوال13: دنیا میں سب سے زیادہ کھجوریں کونسا ملک پیدا کرتا ہے ؟

جواب۔ سب سے زیادہ کھجوریں مصر پیدا کرتا ہے اسکے بعد سعودی عرب۔ اسی لسٹ میں پاکستان کا نمبر ساتواں ہے۔

سوال14: سب سے پہلے 1898 میں پنشن کا اجرا کس ملک نے کیا تھا؟

جواب۔ نیوزی لینڈ

سوال15: دنیا میں سب سے زیادہ پہاڑ کہاں ہیں ؟

جواب۔ سوئٹزرلینڈ میں۔ وکیپیڈیا کے مطابق سوئٹزرلینڈ میں 4400 پہاڑ موجود ہیں جو 2000 میٹر سے بلند ہیں۔

سوال16: مسلمانوں کی پہلی یونیورسٹی کا نام بتائیں ؟

جواب۔ دنیا کی سب سے پہلی اسلامی یونیورسٹی مراکش کے شہر فاس میں 859 عیسوی میں قائم ہوئی اور اسکا نام جامعۃ القرویین تھا۔

سوال17: دنیا کی پہلی خاتون ڈاکٹر کا نام کیا تھا؟

جواب۔ الیزبیتھ بلیک ول

سوال18: کوایجوکیشن یعنی مخلوط طریقہ تعلیم کی ابتداء کس ملک سے ہوئی تھی ؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب۔ سوئٹزرلینڈ سے

سوال19:ریکٹر سکیل کے مطابق اب تک کا سب سے بڑا زلزلہ کس ملک میں آیا ہے؟
جواب۔ اب تک 22 مئی 1960 میں چلی کے شہر ویلیڈیویا میں آنے والا زلزلہ سب سے بڑا زلزلہ تھا جس کی شدت 9.5 تھی۔ پاکستان میں 8 اکتوبر 2005 میں آنے والے زلزلے کی شدت 7.8 تھی۔ ایک اور بات بتادوں کہ یہ شدت اگر 12 ہو جائے تو زمین کے دو ٹکڑے ہو جائیں۔

سوال20:اس دنیا میں اب تک کی بنائے جانے والی سب سے مہنگی چیز کیا ہے؟
جواب۔ انٹرنیشنل سپیس سٹیشن۔ جس پہ آنے والی لاگت 150 بلین ڈالر ہے۔ یہ سٹیشن خلا میں موجود ہے اور اس میں صرف چھ لوگ کام کرتے ہیں۔ لمبائی 72 میٹر چوڑائی 108 میٹر اونچائی 20 میٹر۔ اسکا زمین سے فاصلہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے کم از کم 330 کلومیٹر اور زیادہ سے زیادہ 435 کلومیٹر۔ کہا جاتا ہے کہ اسے صاف آسمان میں آنکھ سے بھی دیکھا جا سکتا ہے ایک چھوٹے سے ڈاٹ کی شکل میں نظر آتی ہے۔ مجھے تو کبھی نظر نہیں آئی آپ کو دکھائی دے تو مجھے بھی بتایئے گا۔

سوال21:دنیا میں سب سے پہلے ہڑتال کن لوگوں نے کی تھی کہاں پہ کی تھی اور کیوں کی تھی؟
جواب۔ دنیا میں سب سے پہلے ہڑتال اہرام مصر پہ کام کرنے والے مزدوروں نے کی تھی وجہ یہ تھی کہ ان کا مطالبہ تھا کہ انہیں کھانے کے ساتھ پیاز بھی فراہم کیا جائے۔ برصغیر میں سب سے پہلے ہڑتال کہاروں نے کی تھی ان کا مطالبہ تھا کہ انگریز جب انکی پالکیوں میں بیٹھتے ہیں تو جاتے ہوئے پیسے نہیں دے کے جاتے۔

سوال22:دنیا کا سب سے گھنا ملک کونسا ہے یعنی جہاں فی مربع کلومیٹر سب سے زیادہ لوگ رہتے ہیں؟
جواب۔ دنیا میں سب سے گھنا ملک مکاؤ ہے جو کہ چین کا حصہ ہے۔ اس میں فی مربع کلومیٹر 20069 لوگ رہتے ہیں۔ دوسرے نمبر پہ منا کو 18068 لوگ فی مربع کلومیٹر۔ اس لسٹ میں پاکستان کا نمبر 16 ہے۔ فی مربع کلومیٹر رہنے والوں کی تعداد 230 ہے۔ 100 ملکوں کی اس لسٹ میں آخری نمبر آسٹریلیا کا ہے جس کی فی مربع کلومیٹر آبادی صرف 3 ہے۔

سوال23:دنیا کا سب سے گھنا شہر کونسا ہے؟
جواب۔ فلپائن کا شہر منیلا۔ 42857 لوگ فی مربع کلومیٹر۔

سوال24:اسلام میں امیہ خاندان نے 90 سال حکومت کی اور انہوں نے تقریباً ڈیڑھ کروڑ مربع کلومیٹر رقبے پہ حکومت کی تھی۔ بتایئے ریکارڈڈ تاریخ میں یہ کتنے نمبر کی سب سے بڑی حکومت تھی؟
جواب۔ پانچویں بڑی سلطنت تھی۔ عباسی حکومت 9ویں بڑی حکومت تھی۔ اموی سلطنت اپنے دور کی سب سے بڑی اور ریکارڈڈ تاریخ میں اب تک کی سب سے بڑی سلطنت تھی۔ اس سے بڑی ساری حکومتیں اس کے بعد آئیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال25: دنیامیں اس وقت سب سے زیادہ عمر والا یا والی کون ہے؟

جواب۔ Susannah Nushat Jones, امریکی خاتون ہے۔ یکم جنوری 2016 تک اسکی عمر 116 سال 179 دن تھی۔ یہ خاتون 6 جولائی 1899 کو پیدا ہوئی تھی۔

سوال26: چائے دنیا میں سب سے زیادہ کہاں پیدا ہوتی ہے؟ فی بندہ سب سے زیادہ کہاں پی جاتی ہے؟ اور اوور آل سب سے زیادہ کہاں پی جاتی ہے یعنی مقدار کے لحاظ سے؟

جواب۔ دنیا میں سب سے زیادہ چائے چین میں پیدا ہوتی ہے۔ فی بندہ سب سے زیادہ چائے ترکی میں پی جاتی ہے جہاں ہر بندہ 6.87 کلو گرام چائے سالانہ پی جاتا ہے۔ اوور آل سب سے زیادہ چائے انڈیا میں پی جاتی ہے۔

سوال27: دنیامیں سب سے زیادہ کونسی چیز بکتی ہے؟

جواب۔ دنیا میں سب سے زیادہ بکنے والی چیز سگریٹ ہے ہر روز دنیا میں پندرہ بلین سگریٹ فروخت ہوتے ہیں اور ہر منٹ دس ملین

بحوالہ

http://www.wpro.who.int/mediacentre/factsheets/fs_20020528/en/

سوال28: دنیامیں سب سے زیادہ چینی کس ملک میں پیدا ہوتی ہے؟

جواب۔ برازیل دنیا میں سب سے زیادہ چینی پیدا کرتا ہے. دوسرے نمبر پہ انڈیا تیسرے پہ چین چوتھے پہ تھائی لینڈ اور پانچواں نمبر پاکستان کا ہے۔ گنا دنیا میں مقدار کے لحاظ سے اگائی جانے والی سب سے بڑی فصل ہے

سوال29: کس ملک میں 1667 میں ایک باقاعدہ پولیس فورس کا قیام عمل میں آیا؟

جواب۔ ایک باقاعدہ پولیس فورس کا قیام سولہ سو سڑسٹھ میں فرانس کے شہر پیرس میں عمل میں آیا بادشاہ لوئیس کے دور میں اس وقت پیرس یورپ کا سب سے بڑا شہر تھا

سوال30: صحرائے اعظم میں کس سال میں برف باری ہوئی تھی؟

جواب۔ ابھی تک کی ریکارڈ ہسٹری میں اٹھارہ فروری انیس سو اناسی وہ دن تھا جب صحرائے اعظم یعنی صحارا ڈیزرٹ میں پہلی بار برفباری ہوئی تھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سوال 31:سب سے پہلے زمین کا محیط کس نے معلوم کیا۔نام بتائیں۔

جواب۔ سب سے پہلے زمین کا محیط Eratosthenes نے معلوم کیا تھا اور اس نے زمین کا محیط چالیس ہزار کلو میٹر کے قریب بتایا تھا۔اس کا دور تین سو قبل مسیح ہے۔جبکہ البیرونی کی دریافت تو بہت بعد کی ہے

بحوالہ

https://en.m.wikipedia.org/wiki/Eratosthenes

سوال 32:اسلامی عقیدے کے مطابق انسان کو چکنی کھنکتی ہوئی مٹی سے تخلیق کیا گیا ہے۔بتایئے عیسائی عقیدہ کیا کہتا ہے؟

جواب۔ عیسائی عقیدے کے مطابق انسان کی تخلیق زمین کی دھول سے ہوئی بعد میں خدا نے اس میں روح پھونکی-بائبل کے مطابق :

Then the LORD God formed man of dust from the ground, and breathed into his nostrils the breath of life; and man became a living soul. (Genesis 2:7)

سوال 33:دنیا کے کس ملک میں خودکشی کرنے کی شرح سب سے زیادہ ہے؟

جواب۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق گرین لینڈ میں خودکشی کی شرح سب سے زیادہ ہے۔اوسطاً ہر سال ایک لاکھ میں سے 83 لوگ خودکشی کرتے ہیں۔پاکستان کی بات کی جائے تو یہ شرح ایک لاکھ میں سے ایک فرد سالانہ ہے۔

سوال 34:دنیا میں سٹوڈنٹس کی تعداد کے لحاظ سے سب سے بڑی یونیورسٹی کونسی ہے؟

جواب۔ سٹوڈنٹس کی تعداد کے لحاظ سے سب سے بڑی یونیورسٹی دہلی، انڈیا کی "اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی" ہے۔جس کے سٹوڈنٹس کی تعداد تقریباً چالیس لاکھ ہے۔جبکہ دوسرے نمبر پر ترکی کی "انادولو یونیورسٹی" ہے جہاں سٹوڈنٹس کی تعداد تقریباً بیس لاکھ ہے۔چوتھے نمبر پہ پاکستان کی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ہے

بحوالہ

https://en.m.wikipedia.org/wiki/List_of_largest_universities_by_enrollment

# متفرق

سوال 1: اگر آپ کبھی اتفاق سے کسی پارک میں گئے ہوں اور وہاں ایک گھوڑے پہ بیٹھے فوجی کا مجسمہ ہو تو آپ کیسے اندازہ لگائیں گے کہ یہ آدمی جنگ میں مرا یا قدرتی موت؟

جواب۔ اگر تو گھوڑے کے دونوں پاؤں فضا میں ہیں تو آدمی جنگ میں مرا۔ اگر ایک پاؤں فضا میں ہے تو وہ آدمی جنگ میں زخمی ہوا لیکن بعد میں مرا۔ اگر دونوں پاؤں زمین پر ہوں تو وہ آدمی قدرتی موت مرا۔

سوال 2: ایک کنال کتنے مرلے کے برابر ہوتی ہے۔ ایک بیگھا (ویا) کتنے کنال کے برابر ہوتا ہے اور ایک گھماؤں (کِلا) کتنے بیگھوں کے برابر ہوتا ہے۔

جواب۔ 20 مرلے ایک کنال۔ 4 کنال ایک بیگھا 8 کنال ایک گھماؤں یا کِلا۔ 2 بیگھے ایک کِلا

MQC

**یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تونے مجھے یہ کام کرنے کی توفیق بخشی۔ اے اللہ میرے، اس کتاب کے پڑھنے والے اور اسے آگے پڑھنے کے لیے دینے والے کے علم اور عمل میں برکت عطا فرما۔۔۔ آمین ثم آمین**

**اللہ رب العزت آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔**

**اللہ حافظ**